نفل نماز: ماہ رجب کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کو پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت کے دن شہیدوں میں شامل کریگا اور ہزار درجے اس کے بلند کریگا۔

پہلی شب: بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ الم نشرح ایک بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق ایک بار سورۂ الناس ایک بار پڑھے جب دو رکعت کا سلام پھیرے تو کلمہ توحید 33 بار اور درود شریف 33 مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت کی نیت باندھ کر پہلی دو رکعت کی طرح پڑھے پھر بعد سلام کے کلمہ توحید 33 دفعہ درود شریف 33 دفعہ پڑھ کر جو بھی حاجت ہو اللہ پاک سے طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر دعا قبول ہوگی۔

ماہ رجب کی ہر شب جمعہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ بقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے كَافِرِيْنَ تک سات مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ حشر کی آخری آیات هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ تا اَلْحَكِيْمُ سات مرتبہ پڑھے سلام کے بعد بارگاہ الٰہی میں جو بھی حاجت ہو طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ ہر مراد کیلئے یہ نماز بہت افضل ہے۔

اسی مہینہ کے پہلے جمعہ کی رات بعد مغرب کے بارہ رکعت نفل چھ سلام سے ادا کی جاتی ہیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۃ القدر تین بار اور سورۃ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد ستر بار پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ پھر سجدہ میں جا کر ستر بار پڑھے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ اور پھر سر اٹھائے اور کہے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَعْظَمُ ستر مرتبہ پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کرے۔ پھر جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔

ستائیسویں شب: ماہ رجب کی ستائیسویں شب کو بارہ رکعات نفل تین سلام سے پڑھے پہلی چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر ہر رکعت میں تین تین مرتبہ پڑھے سلام کے بعد ستر مرتبہ بیٹھ کر یہ پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ دوسری چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نصر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں سلام کے بعد بیٹھ کر ستر مرتبہ پڑھے۔ اِنَّكَ قَوِيٌّ مُّعِيْنٌ وَّاحِدِيٌّ دَلِيْلٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ تیسری چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعت میں سلام کے بعد بیٹھ کر ستر مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے پھر بارگاہ رب العزت میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو حاجت ہوگی وہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔ ماہ رجب المرجب کی پندرہ تاریخ کو کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ استغفار پڑھنا بہت افضل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے والے کی تمام برائیاں مٹا کر اللہ پاک اسے نیکیوں میں بدل دے گا۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ ماہ رجب کی کسی بھی تاریخ کو نماز ظہر یا مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ کہف ایک بار سورۂ یٰسٓ ایک بار، سورۂ حٰمٓ ایک بار، سورۂ دخان ایک بار سورۂ معارج ایک بار پڑھے پھر سورۂ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اللہ پاک ان سورتوں کے پڑھنے والے پر خاص رحمت و برکت عطا فرمائے گا۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 مارچ بروز منگل رات 8 بجے سے لیکر 9 بجکر 21 منٹ تک۔ 18 مارچ بروز بدھ عصر تا مغرب۔ 29 مارچ بروز اتوار صبح 11 بجے سے لیکر 12 بج کر 17 منٹ تک یَا غَفَّارُ یَا کَرِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اب میرا منہ نہیں پکتا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں، عبقری میں آئے وظائف اور نسخہ جات ہمارے بہت کام آتے ہیں۔ میرا بھی ایک آزمودہ مشاہدہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔ اکثر میرا منہ سفید دانوں کی وجہ سے پک جاتا تھا، کھانے پینے میں بڑی دشواری ہوتی تھی، ایک دن بیٹھے بیٹھے یونہی خیال آیا کہ حدیث پاک میں ہے کہ مسواک ستر بیماریوں کا علاج ہے، تو جب میں نے مسواک کرنا شروع کی تو اللہ کا شکر ہے کہ میرا منہ نہیں پکتا۔ (ط، ڈیرہ غازیخان)

دل کے سکون کا انوکھا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کے لیے خیر ہی خیر ہو۔ تسبیح خانہ میں آنے سے جو مجھے آج سکون ملا ہے بیان نہیں کر سکتی میری آنکھیں بھی اللہ پاک کے سامنے سجدہ ریز ہیں میں شکر کرتی ہوں کہ میرے خاوند خود مجھے تقریباً ہر جمعرات کو درس میں لاتے ہیں لیکن جب آج انہوں نے 625 بار بسم اللہ شریف لکھنا شروع کیا تو میرا دل سکون میں آگیا، یہ سب آپ کی دعاؤں اور صحبت کا نتیجہ ہے۔ (مسز کرنل وحید الیاس، لاہور)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

سید محمد گیسو درازؒ کے مستند روحانی وظائف

جوانسان روزانہ سو بار اس کا ورد کرے گا، اس کی روزی میں برکت ہوگی۔ عذاب قبر سے بچا رہے گا۔ موت کے وقت اس کی روح کے جنت میں داخلہ کے لیے تمام دروازے کھل جائیں گے۔ یہ کلمہ روضہ انور ﷺ کی جالی مبارک پر بھی لکھا گیا ہے۔

شیطانی وساوس سے بچنے کیلئے

قرآن کریم کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ کے بعد اس آیت کو پڑھنے سے ہر قسم کے شیطانی وساوس دُور ہوجاتے ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (الزمر 53)

حالت زچگی کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ﴿۲﴾ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ﴿۵﴾۔ (سورۃ الانشقاق ا تا ۵)

عورت کی نارمل ڈلیوری کا مقصد ہو یا حالت زچگی میں ہر تکلیف سے بچنے کے لیے سارا دن کھلا پڑھنے سے اور پانی پردم کرکے پلانے سے آرام ہوجاتا ہے۔

روزی میں برکت دلانے والا خاص وظیفہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ

جوانسان روزانہ سو بار اس کا ورد کرے گا، اس کی روزی میں برکت ہوگی۔ عذاب قبر سے بچا رہے گا۔ موت کے وقت اس کی روح کے جنت میں داخلہ کے لیے تمام دروازے کھل جائے گے۔ یہ کلمہ روضہ انور ﷺ کی جالی مبارک پر بھی لکھا گیا ہے۔

قے روکنے کے لئے

باوضو ہوکر سورۃ طارق پڑھ کے کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کردیں۔ انشاء اللہ کھاتے یا پیتے ہی فوری طور پر قے رک جائے گی۔

شراب کی لعنت سے نجات کا عمل

جب بھی گھر کا کوئی فرد شراب نوشی کرکے گھر میں داخل ہو، تو اس کے سامنے ہلکی آواز میں سورۃ لھب (تَبَّتْ يَدَآ) پڑھیں۔ اگر وہ ناراض ہوکر غصہ کرے تو اس کا جواب نہ دیں۔ بس 3 مرتبہ سورت مکمل کریں۔ یہ عمل 40 دن کرنے سے ان شاء اللہ ہمیشہ کیلئے اس کی شراب چھوٹ جائے گی۔

مفرور کی واپسی کا مجرب عمل

باوضو ہوکر تین مرتبہ درود شریف اور استغفار پڑھیں۔ پھر یہ آیت کسی کاغذ پر لکھیں 40 دن تک روزانہ کم از کم 60 مرتبہ یہ کاغذ الٹا گھمانے سے کام بن جاتا ہے اور مفرور شخص واپس آجائے گا۔ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿ (القصص 13)

اپنی طرف رجوع کرانے کا وظیفہ

کوئی ناراض ہوجائے، یا میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو یہ عمل صرف ایک مرتبہ کرنے سے کام بن جاتا ہے۔ جمعہ کے دن 3125 مرتبہ يَاوَدُوْدُ مع اول آخر ایک تسبیح درود شریف پڑھیں۔ بس عمل مکمل ہوگیا۔ اس کے بعد ہر نماز کے بعد صرف 21 مرتبہ یاودود پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ مطلوبہ شخص مائل ہوگا۔

ناکامیوں سے بچنے کے لئے

ذلتوں، ناکامیوں، افسران کی ناراضگی، لوگوں کی سختی اور احساس کمتری سے بچنے کیلئے 7 دن تک نماز فجر کے بعد 3 مرتبہ سورۃ الم سجدہ پڑھنے کا اہتمام کریں ان شاء اللہ ان تمام حاجتوں کے پوار ہونے میں مایوسی نہیں ہوگی۔

جان لیوا اپچش سے چھٹکارے کے لئے

اگر کسی شخص کو پیچش لگ گئے ہوں جو کسی طرح ختم نہ ہوتے ہوں، اس کی وجہ سے بندہ نڈھال ہوچکا ہو، طہارت نہایت مشکل ہوچکی ہو تو اس سورۂ مبارکہ کو ایک کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر تھوڑا تھوڑا استعمال کریں، انشاء اللہ چند دنوں میں مکمل صحت یاب ہوجائے گا۔ (سورۃ دخان)

ہر مشکل کے خاتمے کے لئے

اگر کسی قسم کی مشکل کا سامنا ہو اور مشکل بھی ایسی ہو جو کسی تدبیر سے نہ ٹلتی ہو تو اس سورۂ مبارکہ کو 41 مرتبہ چند دن باوضو پڑھے۔ اللہ کی توفیق سے آسانی ہی آسانی پائے گا۔

دوسرا عمل: یہ ہے کہ بروز جمعۃ المبارک اس سورۂ مبارکہ کو 111 مرتبہ 7 یا 11 جمعہ پڑھنے کا اہتمام کرے۔ ان شاء اللہ بہت زیادہ فوائد ملیں گے۔ (سورۃ محمدؐ)

(نوٹ: اگر اکیلا نہ پڑھ سکے تو چند افراد مل کر بھی روزانہ یہ دونوں اعمال کرسکتے ہیں)

آنکھوں کے تمام امراض کے لئے

جس شخص کی آنکھیں خراب ہوں، نظر کمزور ہورہی ہو، عینک روز بروز بڑھتی جارہی ہو، اندھیرے میں بالکل بھی نظر نہ آتا ہو، کمزوری نظر کی وجہ سے سر میں درد رہتا ہو یا آپ سدا بہار نظر کی نعمت برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ تو کسی بھی سرمہ یا ''اثمد سرمہ'' پر سورۂ ق کو 3 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور آنکھوں میں لگانے کا معمول بنالیں۔ اگر روزانہ پڑھ کر دم کرتے رہیں تو تاثیر میں بہت زیادہ اضافہ ہوتا جائے گا، وگرنہ 3 مرتبہ والا عمل بھی کافی ہے۔

گھر سے چوہے بھگانے کا انوکھا پر تاثیر عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ایک ایسا لاجواب رسالہ ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے آپ عبقری کے ذریعے سے لوگوں کی جو خدمت کرتے ہیں وہ صدقہ جاریہ ہے اس کا صلہ اللہ کریم دے گا۔ گھر سے چوہوں کو بھگانے کے لیے میرے پاس روحانی عمل ہے جو میں قارئین کی نذر کرتی ہوں۔ جس گھر میں چوہوں کا ٹھکانہ ہو اور مارنے کے باوجود چوہوں کی تعداد کم نہ ہوتی ہو ہر وقت نقصان ہوتا ہو تو ایسے میں یہ عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کیلئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر درج ذیل کلمات کسی روٹی پر لکھیں اور ان روٹی کے ٹکڑوں کو ایسی جگہ رکھیں جہاں چوہوں کا عمل دخل زیادہ ہو ان شاء اللہ چوہے اس عمل کی وجہ سے بھاگ جائیں گے دوبارہ نہیں آئیں گے عمل یہ ہے

۳۴۱۴۴ ہ صالا بس سوا بحق اشراھیا

بچے ہوئے ٹکڑے کسی بہتے پانی میں ڈال دیں نہایت مجرب عمل ہے۔ (شمشاد کوثر، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے برے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں جادو شکن تیل کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 40 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

بچپن میں میٹھے بیر توڑتے ہوئے زخمی ہونیوالے ضرور پڑھیں!

حکیم عبداللطیف جاوید، راولپنڈی

موسم بہار میں بعض درختوں کے پتے، شگوفوں کی شکل میں نکلتے ہیں جب کہ بعض درختوں کے پھول نکلتے ہیں لیکن بیر کا درخت پتوں کے اعتبار سے سدا بہار اور پھل کے لحاظ سے دو موسموں کا پھل ہے۔ یعنی سال بھر میں دو بار یہ پھل موسم بہار اور برسات میں آتا ہے۔ موسم بہار کا پھل فوائد اور خصوصیات کے لحاظ سے، بہت بہتر ہوتا ہے جبکہ موسم برسات کے پھل کے گودہ میں اکثر کیڑے ہوتے ہیں کیڑوں سے پاک، پختہ پھل کو زن و مرد بچے، بوڑھے اور جوان شوق سے کھاتے ہیں دیہاتوں میں یہ پودا بکثرت پایا جاتا ہے۔ باغات کے اردگرد یا پانی کے نالوں کے اوپر ان کے پودے لگے ہوتے ہیں۔ جنہیں دیکھ کر ہر راہ گزر کے منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ بیر کو غریبوں کا سیب اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس میں سیب کے اکثر فوائد پائے ہیں۔ مگر بازار میں سیب کے مقابلے میں یہ بہت سستا اور دیہات میں تو مفت میں حاصل ہو جاتا ہے۔

بیر اور بچے: بیریوں تو بچے، بوڑھے جوان، مرد اور عورتیں بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ مگر بیروں کے ساتھ بچوں کا والہانہ لگاؤ ہوتا ہے، دیہات میں بچے ان کے حصول کے لیے پتھر اور مٹی کے ڈھیلے بھی بیروں کی طرف پھینکتے ہیں اور جس گھر کے آنگن میں بیر کا پیڑ ہوتا ہے۔ وہاں پر بچے بیروں کے حصول کے لیے پتھر اور مٹی کے ڈھیلے بیروں کو مارتے ہیں جو صحن میں گرتے ہیں۔ سرخ اور شیریں بیروں کے حصول کے لیے چھوٹے بچے بیروں کے درخت پر چڑھ کر نازک سے نازک ٹہنیوں پر بھی جان کو ہتھیلی پر رکھ کر پہنچ جاتے ہیں۔ بعض دفعہ ایسی نازک صورت حال میں گر کر جسم کے مختلف حصوں پر چوٹیں بھی لگا لیتے ہیں۔ صحت بحال ہونے کے بعد پھر اسی طرح بیروں کے حصول کے لیے کوشش کرتے ہیں۔

بیر غذائیت سے شفایابی اور ذائقے کا سفر

طب اسلامی کی رو سے بیر کا مزاج سرد اور خشک ہے۔ اس کو بھون کر استعمال کرنا پیچش اور اسہال میں نافع ہے، قروح معدہ و امعاء میں بھی یہ بہت مفید جبکہ اسہال صفراوی میں بھی یہ فائدہ مند ہے۔ بیر یرقان، صفرا کی زیادتی، بخار، (خصوصاً صفراوی اور دموی بخار) اور پیاس کی زیادتی میں سود مند ہے۔ جریان خون میں خصوصیت سے فائدہ دیتا ہے۔ مسوڑھوں سے خون، دانت درد اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ مزاج میں چڑچڑاپن ختم کرتا ہے ایسی بیماری میں حیاتین ج بہت ضروری ہے جبکہ بیر میں حیاتین ترشاوہ پھلوں سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ حیاتین ج کی کمی سے امراض قلب بھی لاحق ہوتے ہیں جبکہ اطباء نے پہلے ہی تحریر فرمایا ہے کہ بیر امراض قلب میں مفید غذا ہے اور ضعف قلب کے لیے خصوصیت سے نافع ہے۔ اس میں کیلشیم اور فولاد کی بھی کثیر مقدار موجود ہوتی ہے جس سے جسمانی کمزوری، خون کی کمی اور ہڈیوں کی ناتوانی میں بہت ہی مفید ہیں۔ بیر کے درخت کے دیگر اجزاء میں سے پتوں کو بڑی اہمیت حاصل ہے بیری کے پتے مانع، عفونت، دافع تعفن اور محلل ادرام ہیں۔ اس کے پتوں کو پانی میں جوش دے کر اس سے بالوں کو دھونا انہیں لمبا کرنے کے علاوہ سر کی سکری (بفا) بالوں کا گرنا اور بالوں کا سخت ہونا کو دور کرتا ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے بال لمبے، نرم اور ملائم ہو جاتے ہیں۔ پتوں کے جوشاندہ سے جلد کو دھونے سے جلد نرم، خوبصورت اور اس میں چمک پیدا ہو جاتی ہے۔

جدید تحقیقات: پھلوں کے معدنی، نباتاتی، اور حیوانی اجزاء کی نشاندہی کے لیے کیمیا دانوں نے ان پر تحقیق کے بعد ان میں شامل معدنی و کیمیائی اجزاء کو علیحدہ کیا ہے۔ دیگر پھلوں کی مانند بیر بھی پائے جانے والے مختلف اجزاء پر بھی تحقیق ہو چکی ہے۔ اس کے سو گرام گودے یعنی کھانے والے حصہ میں 85.1 فیصد نشاستہ 12.8، پروٹین (اجزائے لحمیہ) 0.8 فیصد، روغن 0.1 فیصد، کیلشیم یعنی چونا 0.3 فیصد فاسفورس 0.3 فیصد، فولاد 0.8 فیصد اور معدنی اجزاء 0.4 فیصد ہوتے ہیں جبکہ فولاد کیلشیم، فاسفورس اور حیاتین ج کی اتنی مقدار اس تناسب سے بہت کم پھلوں کے حصہ میں آتی ہے، قدرت کی یہ خاص عطا ہے کہ اس نے چھوٹے اور سستے پھل میں قیمتی پھلوں سے زیادہ افادیت پنہاں رکھی ہے۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد مسلسل یَارَبَّنَا یَامَوْلَنَا پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

تھکاوٹ' چڑچڑاپن اور نہ ہی بیہوشی! لاجواب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دو سال سے آپ کا درس سن رہی ہوں' پہلے میں ہر وقت بیمار رہتی تھی تھوڑا سا کام کر کے مجھ پر بے ہوشی طاری ہو جاتی تھی جیسے کوئی پکڑ کر مجھے توڑ مروڑ کر بے ہوش کر دیتی تھی۔ میں نے درس میں حٰمٓ لَایُنْصَرُوْنَ پڑھنا شروع کر دیا۔ اب میں جتنا کام کروں نہ تھکاوٹ ہے نہ بے ہوشی ہر وقت بالکل فریش اور جسم ہلکا پھلکا رہتا ہے۔ اس کے علاوہ درس میں ایک اور وظیفہ سنا' جب بھی گھر سے باہر نکلوں ایک مرتبہ سورۂ توبہ کی آخری آیت (لقد جاء کم رسول الخ...) پڑھ لیتی ہوں۔ گھر سے نکلتے ہی فوراً اللہ کریم سواری کا بندوبست فرما دیتے ہیں اور گھر واپس آنے تک کسی قسم کی کوئی پریشانی لاحق نہیں ہوتی۔ (حمیرا بی بی، لاہور)

قوتی گولیاں قوت و شباب کا بے بہا خزانہ
خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
خواتین ہوں یا مرد ان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام، موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

قرض، لڑائی جھگڑے اور کاروبار تباہ! کچھ بتائیے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری شادی کو 19 سال ہو گئے ہیں، گھر میں لڑائی جھگڑے، کاروبار تباہ اور قرض میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ کچھ سمجھ نہیں آ رہی کیا کروں؟ کہاں جاؤں؟ اتنے سال برداشت کر کر کے تھک چکی ہوں، اب اعصاب جواب دے چکے ہیں، بعض اوقات تین تین دن گھر میں کھانے کو کچھ نہیں ہوتا، قرض دینے والے غلیظ زبان استعمال کرتے ہیں۔ کچھ بتائیے قرض اتر جائے، جھگڑے ختم ہو جائیں۔ (پوشیدہ، گجرات)

جواب: آپ اور آپ کے تمام گھر والے یہ عمل اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔ طریقہ عمل: رات کو سوتے وقت اور صبح بستر سے اٹھنے سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ گیارہ مرتبہ پڑھیں اول و آخر سات مرتبہ درود شریف۔ دوران وضو اور باقی سارا دن وضو کی مسنون دعا سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھتے رہیں۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ۔

سر میں چھوٹی بڑی گلٹیاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی عمر 40 سال ہے، ان کے سر میں کچھ چھوٹی اور کچھ بڑی گلٹیاں ہیں، ڈاکٹر کو چیک کروایا ہے اور ڈاکٹر نے کہا ہے کہ آپریشن سے گلٹیاں نکال لی جائیں گی میری والدہ چاہتی ہیں کہ بغیر آپریشن گلٹیاں ٹھیک ہو جائیں، کوئی دوا یا وظیفہ بتائیں۔ (ج، بورے والا)

جواب: آپ کی والدہ اور آپ کے تمام گھر والے سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں خٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ پڑھیں اس کا چند دنوں میں سوا لاکھ مکمل کریں، اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، نو سوا لاکھ کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنی جلد شفاء یابی میسر ہوگی۔

ابو اچانک ہوش کھو بیٹھے! سخت کالا جادو

شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے ابو اچانک بیمار ہوئے اور اپنا ہوش کھو بیٹھے انہیں کچھ علم نہیں وہ کہاں ہیں، پاکی ناپاکی کا کچھ علم نہیں، اب کمانے والا کوئی نہیں، سب رشتہ دار ساتھ چھوڑ گئے، سخت تنگدستی ہے۔ (ا۔ بہاولپور)

جواب: سفلی جادو اور ٹونے کے علاج کیلئے درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورہ توبہ کی آخری دو آیات اور سورہ بقرہ کے آخری رکوع کیساتھ سورہ اخلاص اور معوذتین تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور یہ دعا 7 روز پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِيُ وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الشَّافِيْ خَلَقْتَنِيْ مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ فَجَعَلْتَهٗ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآءِكَ وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَآءُ وَالْمُعَافَاةُ وَالشِّفَآءُ وَالدَّوَآءُ وَمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَبَرَكَاتِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحُرْمَتِ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ یہ عمل بھی گیارہ روز سورج طلوع ہونے سے پہلے کیا جائے۔

بہن کی شادی پر بندش! رخصتی سے پہلے طلاق

میرے کچھ مسائل ہیں جن کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں، بھائی کی نوکری کا مسئلہ ہے، اس پر سخت بندش ہے، اسی طرح بہن کی شادی ایک سال پہلے طے ہوئی، نکاح ہوا، حاسدوں نے ایسے کام کیے کہ رخصتی سے پہلے طلاق ہوگئی۔ اب دوبارہ رشتہ باوجود سخت کوشش کے کہیں طے نہیں ہو رہا، الحمدللہ! اللہ کا دیا سب کچھ ہے، بہن بھی پڑھی لکھی، پابند صوم وصلوٰۃ ہے۔ (غ، لاہور)

جواب: وظیفہ یہ ہے:۔ 1۔ صبح 313 بار اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ 2۔ رات کو 313 بار يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ (بعد نماز عشاء) مقصد کا سخت تصور کر کے آپ اور آپ کے تمام گھر والے روزانہ پڑھیں۔

آپ پر تعویذ، جادو، آسیب اور سایہ ہے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان وعافیت والی زندگی عطا فرمائے، عبقری رسالہ گزشتہ ایک سال سے پڑھ رہے ہیں، میرے والد محترم دس سال کی عمر سے مسلسل بیمار ہیں، بہت علاج کروایا مگر آرام نہیں آیا، اسی دوران شادی، اور بچے ہوئے مگر صحت بحال نہ ہوئی، پھر اچانک گردے خراب ہو گئے، کسی عامل کے ذریعے تعویذ نکلوائے فوراً ٹھیک ہو گئے، اب پھر بیمار ہیں، ڈاکٹروں نے جواب دیدیا ہے کہ ان کے گردے خراب ہیں، اب ان کی عمر چالیس سال ہے، ہفتے میں دو بار ڈائیلاسز کروا رہے ہیں، عامل بولتے ہیں سخت ترین جادو، تعویذ، آسیب اور سایہ ہے، بھائی بھی کام نہیں کرتے، کہتے ہیں کوئی چیز ہے جو کام پر جانے سے روکتی ہے، گھر کے حالات انتہائی خراب، والدہ بھی بیمار ہیں۔ خدارا ہمیں کوئی وظیفہ یا عمل بتائیے تاکہ ہمارے گھر کے حالات ٹھیک ہوں۔ (ق۔ع، گجرات)

جواب: آپ تمام گھر والے اَحَدٌ سَطْطَعْ كَلْمُوْهْ صبح وشام 313 مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 مرتبہ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا پڑھیں، سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں چند دن کر کے گھبرا نہ جائیں۔ جتنی توجہ، دھیان ہوگا اتنا نفع زیادہ ہوگا۔

خطرناک سفلی علم سے لگی بدبودار خارش

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 39 سال اور چھوٹے بھائی کی 34 سال ہے، ہم دونوں اس وقت انگلینڈ میں رہ رہے ہیں، ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں بچپن سے بدبودار خارش ہے، کافی علاج کروایا کچھ فرق نہیں پڑا، کسی نے بتایا سفلی علم سے لگی ہے۔ خارش بہت سخت اور خشک ہے، ہمیں کوئی وظیفہ بتائیے تاکہ اس اذیت سے جان چھوٹ جائے۔ اس سے پہلے ہمارے والد نے بھی اپنے مسائل کے حل کیلئے وظیفہ طلب کیا تھا، آپ نے انہیں وظیفہ دیا، وہ اب بہتری محسوس کر رہے ہیں۔ (ہمایوں، بریڈفورڈ کے)

جواب: سورۃ فلق مع تسمیہ 200 بار، سورۃ الناس مع تسمیہ 200 بار شام چلتے پھرتے پڑھیں۔ گھر کا ہر فرد پڑھے تو نفع زیادہ ہوگا۔ جتنا زیادہ یقین، توجہ اور دھیان، اتنا جلد کام ہوگا۔

اصلاح معدہ وجگر پیکیج (اپنی مدد آپ کے تحت) | معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔ | معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا | قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا تو جہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

جو دیکھتا کہتا "لڑکی بڑی عمر کی ہے"

میری عمر ساڑھے ستائیس سال ہے' میرے منہ پر چھائیاں اور دانے ہیں' دانوں کے نشان بھی ہیں' براہ مہربانی کوئی سستا آسان ٹوٹکہ بتادیں اور وزن کم کرنے کیلئے بھی نسخہ بتادیں۔ مجھے جو دیکھتا وہ کہتا ہے لڑکی بہت زیادہ عمر کی ہے' خدارا مجھے وزن کم کرنے کا کوئی حل بتادیں' میری چھوٹی بہن کی عمر پچیس سال ہے منہ پر دانے اور ان کے نشان' گڑھے ہیں مہربانی فرما کر آسان اور سستے سے ٹوٹکے بتادیں۔ (ف۔ہ' راولپنڈی)

مشورہ: آپ اور آپ کی بہن عبقری دواخانہ کی "ہارمونز شفاء" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی فرق محسوس ہوگا۔

اگر کوئی گنجا کہے تو بہت غصہ آتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ ڈیڑھ سال سے عبقری کا قاری ہوں' ماہنامہ عبقری پڑھ کر دلی خوشی ہوتی ہے۔ میرا ایک مسئلہ ہے جسے لیکر حاضر ہوا ہوں' گزشتہ تین سال سے سر کے بال گر رہے ہیں' بالوں کی جڑیں کمزور ہیں' اسی وجہ سے کنگھی کرتے وقت' نہاتے اور سر پر ہاتھ پھیرتے وقت بال جھڑتے ہیں' اب تقریباً گنجا ہو چکا ہوں' سارے سر کی جلد نظر آتی ہے' بال بہت تھوڑے رہ گئے ہیں' ڈیوٹی کی وجہ سے تقریباً دو ماہ بعد چھٹی ملتی ہے مگر گنجا ہونے کی وجہ سے گھر والوں سے جھوٹ بول کر کوئی بہانہ بنا کر لیٹ چھٹی پر جاتا ہوں' اس مسئلے کی وجہ سے فیملی' رشتہ داروں اور دوستوں کے درمیان بیٹھنے میں بہت شرم اور جھجک محسوس کرتا ہوں' اگر کوئی گنجا کہے تو بہت غصہ آتا ہے اور دکھ بھی ہوتا ہے مگر جواب میں مسکرا دیتا ہوں' اب تک ہزاروں خرچ کر چکا ہوں تھک گیا ہوں' خدارا مجھے کوئی علاج بتائیں' رب کائنات آپ کو اور عبقری کی پوری ٹیم کو دونوں جہانوں میں کامیاب اور سرخرو فرمائے۔ آمین!۔ (پوشیدہ' بنوں)

مشورہ: آپ دن میں دو بار پیاز کا رس اپنے سر کے گنجے حصے پر لگائیں' ایک سے دو گھنٹے بعد صاف پانی سے سر دھولیں' شیمپو ہرگز استعمال نہ کریں' شیمپو کا استعمال پیاز کے رس سے حاصل ہونیوالے فوائد کو ختم کرسکتا ہے۔ اس کے علاوہ آپ تازہ گھیکوار لیکر درمیان سے کاٹ کر اس کو بھی سر پر لیپ کر سکتے ہیں اور دو گھنٹے کے بعد سر صاف پانی سے دھولیں۔ اس کے علاوہ دوا کے طور پر سبز چائے چھ ماہ سے ایک سال تک روزانہ صبح و شام ایک کپ پئیں' اس سے نہ صرف آپ کی عمومی صحت بہتر ہوگی بلکہ یہ گنج پن میں کمی لاتی ہے اور نئے بال اگاتی ہے۔ ہفتے میں دو سے تین مرتبہ کھوپرے کے تیل سے سر کی مالش کریں۔ اس کے علاوہ رات کے وقت کھوپرے کے تیل میں آٹا مکس کر کے لیپ بنالیں اور رات کو سر پر لگا کر صبح اچھی طرح دھولیں۔ ان ہدایات پر عمل کریں ان شاء اللہ چھ ماہ کے اندر اندر آپ کا نہ صرف گنج پن دور ہوجائیگا بلکہ بال مضبوط اور چمکدار ہوجائیں گے۔

اے کاش! وہ بہاریں واپس لوٹ آئیں!

میں آج سے تقریباً پانچ سال پہلے ایک صحت مند نوجوان تھا' لوگ مجھے پہلوان کہتے تھے' پھر اچانک بری سوسائٹی میں اٹھنا بیٹھنا شروع ہوا اور دن بدن کمزور ہوتا گیا' میری عمر اب 20 سال ہے اور میں مکمل طور پر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا ہوں' چہرہ اندر کو دھنس گیا ہے' آنکھیں اندر کو دھنس کر بالکل چھوٹی چھوٹی ہوگئی ہیں آنکھوں کے گرد گہرے سیاہ ہلکے پڑ گئے ہیں' جب باہر نکلتا ہوں تو لوگ ہڈیوں کا ڈھانچہ کہتے ہیں' بہت علاج کروائے لیکن کچھ فرق نہ پڑا' میں التجا کرتا ہوں میری بہاریں لوٹادیں! (پوشیدہ' راولپنڈی)

مشورہ: آپ علاج سے زیادہ اپنی خوراک پر توجہ دیں' نماز پنج وقتہ ضرور پڑھیں' فجر کی نماز کے بعد سیر کو جائیے' لمبے لمبے سانس لیں' تازہ پھل' سبزیاں خوب کھائیے۔ دوا کے طور پر عبقری دواخانہ کا "نوجوان روگ کورس" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

6 ماہ سے گردے میں انفیکشن

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 20 سال ہے اور گزشتہ 6 ماہ سے لیفٹ سائیڈ کے گردے میں انفیکشن ہے' اب ڈاکٹرز نے گردہ نکالنے کا کہہ دیا ہے' مہربانی کر کے کوئی نسخہ یا دوائی تجویز فرمائیں۔ (حمزہ' مری)

مشورہ: گردے کی انفیکشن کیلئے عبقری دواخانہ کی کامیاب ترین دوا "گردی" اور "گردے فیل شفاء" چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ بے شمار شفاء پا چکے آپ بھی آزما کر موذی مرض سے نجات پائیے۔ ان شاء اللہ۔

پان کھاتی تھی چھوڑ دیئے! اب تمباکو اور چھالیہ کی طلب جان نہیں چھوڑتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ ہر ماہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' آج اپنا مسئلہ لیکر حاضر ہوئی ہوں' آپ کی ادویات اور دعاؤں سے بلاشبہ لاکھوں لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ میں کافی سالوں سے پان کھاتی تھی اب میں نے پان کھانا چھوڑ دیئے ہیں' لیکن ابھی بھی ایسی عادت ہے جو چھالیہ اور تمباکو کی طلب ہوتی ہے' لاکھ کوشش کے باوجود یہ طلب ختم نہیں ہوتی جسکی وجہ سے پورے منہ میں' زبان میں ہلکا ہلکا درد محسوس ہوتا ہے اور کانوں میں خارش ہوتی ہے' دونوں ہاتھ سن ہوجاتے ہیں' اچانک سر میں شدید درد اٹھتی ہے' بھوک ختم' شدید قبض' پیٹ بڑھ گیا ہے' ان سب چیزوں کا علاج بتائیں۔ (ن۔س، بلدیہ ٹاؤن کراچی)

جواب: آپ کے تمام مسائل کا حل صرف ایک دوا میں ہے اور وہ ہے "سترشفائیں" آپ کو جب بھی تمباکو اور چھالیہ کی طلب ہو سترشفائیں معجون کی چنے کے برابر گولی بنا کر نسوار کی طرح منہ میں رکھ لیں اور آہستہ آہستہ لعاب کے ساتھ اس کا رس نگلتی جائیں' ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی آپ کو تمباکو اور چھالیہ کا نشہ ختم ہوجائے گا۔ مزید اس دوا کے استعمال سے معدہ اور جگر کے مسائل حل ہوجائیں گے' سر کا درد' کانوں میں خارش' ہاتھ پاؤں کا سن ہوجانا' پیٹ کا بڑھنا تمام بیماریوں کا آزمودہ درآزمودہ علاج اسی دوا میں ہے۔ نشہ کسی بھی قسم کا ہو چرس' پان' گٹکا' سگریٹ' شراب' افیم بس "سترشفائیں" کو درج بالا طریقہ سے استعمال کریں نشہ کی لت بھی ختم اور صحت بھی بہترین ہوجاتی ہے۔ یہ ٹوٹکہ بے شمار قارئین کا آزمودہ ہے۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' جھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

چند دن بعد نیا معاشقہ میرا پسندیدہ مشغلہ تھا

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں، کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

پوشیدہ، لاہور

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! حضرت جی کے درس، موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں، انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں، آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں، روز سنیں، آپ کے گھر، گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ڈیڑھ سال ہو گیا ہے، اس میں موجود مضامین پڑھ کر دل پرسکون ہو جاتا ہے۔ کچھ عرصہ سے ایک سلسلہ ''میری زندگی کیسے بدلی؟'' پڑھ رہا ہوں، جب بھی پڑھتا ہوں اپنی بیتی زندگی فلم کی طرح آنکھوں کے سامنے چلنا شروع ہو جاتی ہے اور رب کریم کی کریمی سے آنکھیں چھلک پڑتی ہیں کہ اس کریم نے مجھے کس طرح اس دلدل سے نکالا اور میرا کل کیا تھا اور آج میں کیا ہوں! کل ہر کوئی حقارت سے دیکھتا اگر کوئی عزت کرتا بھی تو ڈر کی وجہ سے کرتا، مگر آج جب مسجد میں صف اول میں کھڑا ہو کر تکبیر دے رہا ہوتا ہوں تو ندامت سے سر جھک جاتا ہے، لوگ آ کر ادب سے سلام لیتے ہیں تو ڈاڑھی آنسوؤں سے تر ہو جاتی ہے۔ رات کو رو رو شکر کی تسبیحات پڑھتا ہوں کہ اس کریم نے مجھے کیا سے کیا بنا دیا۔ آج میں اپنا ماضی قارئین کو بتانا چاہتا ہوں تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ یہ رسالہ کیسے لوگوں کی زندگی بدل رہا ہے؟

لیجئے قارئین میری سچی داستان پڑھیے اور شیخ الوظائف اور ان کی آل اور اس دارہ کے تمام مخلصین کیلئے دعا کیجئے۔

جب ہوش سنبھالا تو گھر میں ماحول انتہائی خراب تھا، نہ کسی کو نماز پڑھتے دیکھا نہ قرآن کھولتے دیکھتے، ہر کوئی اپنی زندگی میں مست، کسی کو کسی کی کوئی پرواہ نہیں، سب اکٹھے بیٹھ کر ڈرامے دیکھتے، فلمیں دیکھتے، کچھ شرم و حیا والی کوئی بات معلوم نہ تھی۔ میں ایسے ہی ماحول میں پروان چڑھا، آٹھویں کلاس میں پہلی مرتبہ بھٹکا اور کسی سے عشق کر بیٹھا، سارا دن اسی سے باتیں، اسی کے خیال، اکیڈمی اکٹھے پڑھتے، محلہ ایک تھا، اکٹھے جاتے، اکٹھے آتے۔ چند سال اس کے ساتھ بات چیت رہی پھر اس کے گھر والوں کو معلوم ہوا، میرے گھر شکایت کی مگر میرے گھر والوں نے بات ہنسی مذاق میں اڑا دی، بس وہ ہنسی مذاق نے میری زندگی کو نیا رخ دیا اور مجھے اس راہ پر ڈال دیا۔ ہر چند ماہ بعد نئی لڑکی سے معاشقہ میرا پسندیدہ مشغلہ بن گیا، میٹرک ہوا، میٹرک کے بعد کالج میں گیا تو دنیا ہی اور تھی، پیسہ خوب تھا، جتنے مانگتا مل جاتے، جو ملتا عیاشی پر اڑا دیتا، کبھی کسی نے سمجھایا ہی نہ، اگر والدین یا کسی بڑے بھائی سے کوئی میری حرکتیں بیان کرتا تو اسے یہ کہہ دیا جاتا کہ جوانی میں یہ کام نہیں کرے گا تو کب کرے گا؟ ساری ساری رات پیکیج لگا کر لڑکیوں سے باتیں، میں نے چار سمز رکھی ہوئی تھیں، ایک سے بات ختم کرتا تو وہ نکال کر دوسری سم لگا کر دوسری لڑکی سے بات کرنا شروع ہو جاتا، نجانے کتنے دل توڑے، کتنے جذبات کو اپنی عیاشی کے پاؤں تلے روندھا، کتنوں سے شادی کے وعدے کیے اور ان کے آنسوؤں اور ہچکیوں پر قہقہے لگائے۔ اسی دوران گریجوایشن کر لی۔ بھائی کے ساتھ کاروبار میں شامل ہو گیا، اس دوران بھی میرے معاشقے کم نہ ہوئے، میں شکار پسند کرتا اور اسے پھانسنے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگاتا اس کیلئے جان مال اور وقت خوب ضائع کرتا، میرے پاس ہر گن موجود تھا، ہر طریقہ واردات مجھے خوب آتا تھا۔ پھر جب کوئی میرے جال میں پھنستا تو اس سے خوب کھیلتا، خوب تڑپاتا اور جب دل بھر جاتا تو چھوڑ دیتا۔ مجھ سے والدین نے شادی کا پوچھا تو میں نے کہا: جہاں آپ کو پسند وہیں کر لوں گا۔

گاہک دکان پر عبقری نہیں راحت کا خزانہ دے گیا

والدین نے دور کے رشتہ داروں میں ایک لڑکی دیکھ کر میری شادی اس سے کر دی، شادی کے بعد بھی مجھے عقل نہ آئی اور میں نے بیوی کو جوتی کی نوک پر رکھا، میری وہیں گھٹیا عادات تھیں، ساری ساری رات گھر نہ آتا، بیوی سے کبھی سیدھے منہ بات نہ کرتا، مگر وہ میری خوب خدمت کرتی، میرے جتن اٹھاتی، طعنے برداشت کرتی مگر میں نے کبھی اس کو محبت بھری کیا غصیلی آنکھ سے بھی نہ دیکھا۔ وہ بیچاری راتوں کو اٹھ اٹھ کر میرے لیے دعائیں مانگتی، اکثر رات کو دو یا تین بجے آتا تو اسے اکثر مصلے پر بیٹھا دیکھتا اور ہنستا اور اس کا مذاق اڑاتا۔ مگر مجھے کیا معلوم تھا کہ میری زندگی میں اب اہم موڑ آنے والا ہے اور وہ موڑ آ گیا۔ ایک دن ایک کسٹمر آیا اس کے ہاتھ میں عبقری رسالہ تھا، بڑے بھائی کو اس نے ہدیہ کیا، وہ رسالہ اب دکان پر پڑا رہتا، بھائی اسے وقتاً فوقتاً پڑھتا اور اس کے گن گانا شروع ہو گیا، اب ہر ماہ نیا رسالہ آتا۔ کچھ عرصہ بعد اس نے اپنے موبائل پر درس لگانا شروع کر دیا، رسالہ تو میں نہ پڑھتا مگر درس کی آواز میرے کانوں میں آنا شروع ہو گئی۔ بس چند دن مجبوری میں درس سنا اور میرے دل سے زنگ اترنا شروع ہو گیا۔ پہلے مجبوری میں سنتا تھا اب خود دل چاہتا کہ اسے سنوں اور بھائی سے کہتا کہ یار وہ تقریر لگا جو تو سنتا ہے، وہ بخوشی لگاتا، رسالہ پڑھنا شروع کیا۔ بس پھر زندگی میں پہلی مرتبہ دل کانپ اٹھا، روح تڑپ اٹھی، اس دن رویا۔ بھائی نے حالت دیکھی تو اسی جمعرات مجھے اپنے ساتھ درس پر لے گیا، تسبیح خانہ میں آیا، شیخ الوظائف کا درس سنا، درس کے بعد ذکر اور دعا میں مجھے نہیں معلوم دعا میں کیا مانگا، بس سسکتا رہا، سارے گناہ آنکھوں کے سامنے تھے۔ اسی رات درس کے بعد بھائی کی گاڑی میں گھر آیا، بیوی نے میری حالت دیکھی تو پریشان ہو گئی، جلدی سے مجھے پکڑا میرے منہ سے صرف یہ لفظ نکلا ''تیری دعائیں قبول ہو گئیں'' اور رونا شروع ہو گیا، بیوی کے کندھے پر سر رکھ کر خوب رویا اور اس نے بھی مجھے رونے دیا۔ زندگی میں پہلی مرتبہ معلوم ہوا کہ پرسکون نیند کیا ہوتی ہے، صبح اٹھا نماز فجر پڑھنے مسجد گیا، کچھ معلوم نہیں کیا پڑھنا ہے، نماز کے بعد قاری صاحب سے بات کی، وہ بہت خوش ہوئے اور صبح و شام مجھے سپارہ پڑھاتے نماز سکھاتے۔ اب الحمدللہ! پنج وقتہ نمازی ہوں، کاروبار میں ترقی ملی، تمام غلط راہیں چھوڑ چکا ہوں، نماز مغرب پڑھ کر سیدھا گھر جاتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے دو بیٹوں سے نوازا ہے۔ درس میں بیوی، بچوں کے ساتھ ہر حال میں پہنچتا ہوں، عبقری رسالہ باقاعدگی سے گھر میں پڑھا جاتا ہے، میں اور میری اہلیہ اب حضرت شیخ الوظائف سے بیعت ہیں، دو مرتبہ کلینک میں ملاقات بھی ہو چکی ہے۔ اللہ نے عزت، دولت، شہرت سے نوازا ہے۔ غلاظت بھری زندگی کے بارے میں سوچتا ہوں تو جھرجھری سی آ جاتی ہے۔

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
ستر شفائیں
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب
جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کیسی ہی مشکل آن پڑے! بیوی سے دعا کرواتا ہوں مسئلہ حل

ص، شیخوپورہ

جب یہ کسی کام میں پھنس جاتے ہیں تو یہ صاحب سگریٹ سلگا لیتے ہیں اور سوچنا شروع کردیتے ہیں سوچتے سوچتے جب کوئی حل ان کو سمجھ نہیں آتا تو یہ موبائل نکالتے ہیں اور گھر کا نمبر ڈائیل کرتے ہیں' اہلیہ سے بات کرتے ہیں' ساری صورت احوال اسے بتاتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! زندگی میں کچھ ایسے واقعات' تجربات' مشاہدات ہوجاتے ہیں کہ بھولے نہیں بھولتے ایسا ہی واقعہ اب بھی میرے دماغ میں گھوم رہا ہے' سوچا عبقری میں لکھوں' لاکھوں قارئین پڑھیں گے ان کیلئے فائدہ اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا سبب ہوگا۔ میرے ایک جاننے والے (س، صاحب) ہیں یہ ایک سرکاری ادارے میں جنریٹر مرمت کا کام کرتے ہیں' پارٹ ٹائم پرائیویٹ جنریٹر وغیرہ ریپئرنگ کا کام کرتے ہیں جب کبھی ہمارے جنریٹر کی مرمت کا کام نکلتا ہے تو ہم بھی انہی سے خدمت حاصل کرتے ہیں' جن دنوں میں تسبیح خانہ لاہور میں خدمت کررہا تھا تو ہماری فیکٹری کا جنریٹر شارٹ ہوگیا لہٰذا (س) کو کال کرکے بلوایا گیا مورخہ 4 ستمبر کو وہ صاحب ہماری فیکٹری آئے' ان کے ساتھ ایک اور صاحب بھی تھے جو پہلی بار ہماری فیکٹری تشریف لائے تھے۔ میں اپنے کام میں مصروف تھا ہلکی پھلکی سلام دعا ہوئی وہ جنریٹر کا کام کرکے چلے گئے۔ آج صبح میں فیکٹری چیئرمین کے آفس میں بیٹھا ہوا تھا کچھ دینی باتیں ہورہی تھیں۔

جب بھی مشکل میں پھنسے بیوی کو فون کیا

ہمارے چیئرمین صاحب مجھ سے کہنے لگے: آپ کو پتہ ہے (س) جو ہمارے جنریٹر کی مرمت کے لیے آتے ہیں میں نے کہا جی سر میں اچھی طرح جانتا ہوں پاکستان کے ایک بڑے ادارے میں جنریٹر مکینک ہیں۔ کہنے لگے ہاں وہ کل آئے تھے ہمارا جنریٹر ٹھیک کرنے' ان کے ساتھ ایک صاحب اور بھی تھے۔ کیا آپ نے ان کو دیکھا تھا؟ میں نے کہا: جی میں نے دیکھا بھی تھا اور ملا بھی تھا مگر تفصیل سے ملاقات نہیں ہوپائی۔ میں ذرا کام میں مصروف تھا۔ کہنے لگے: (س) کے ساتھ جو صاحب آئے تھے (س) ان کے بارے میں بتارہے تھے کہ یہ صاحب الیکٹریکل کے ماسٹر بندے ہیں مگر جب یہ کسی کام میں پھنس جاتے ہیں تو یہ صاحب سگریٹ سلگا لیتے ہیں اور سوچنا شروع کردیتے ہیں سوچتے سوچتے جب کوئی حل ان کو سمجھ نہیں آتا تو یہ موبائل نکالتے ہیں اور گھر کا نمبر ڈائیل کرتے ہیں' اہلیہ سے بات کرتے ہیں' ساری صورت احوال اسے بتاتے ہیں' اہلیہ ان کو تسلی دیتی ہے اور کہتی ہے کہ آپ فکر نہ کریں ابھی ٹھیک ہوجائے گا وہ اللہ کی بندی وضو کرکے دو رکعات صلوٰۃ حاجت کے پڑھنا شروع کردیتی ہے پھر ان صاحب کو بیٹھے بیٹھے خیال آتا ہے اور کہتے ہیں (س) وہ فلاں تار ہم نے غلط لگا دی ہے اور اسے چیک کریں ہم جاکر اس تار کو درست جگہ پر لگاتے ہیں جنریٹر کو سلف لگاتے ہیں جنریٹر سٹارٹ ہوجاتا ہے۔ جنریٹر چلنے کے بعد ان کی اہلیہ کا فون آتا ہے۔ جی جنریٹر چل گیا' یہ کہتے ہیں۔ جی چل گیا اور وہ الحمدللہ بول کر فون بند کردیتی ہیں۔

یہ تو تسبیح خانہ کا سچا پیغام ہے

کہنے لگے: رانا صاحب (رانا محمد شہباز فیکٹری کے چیئرمین) اس طرح کے کئی واقعات میری موجودگی میں ہوئے' انہوں نے اہلیہ کو فون کیا' اس اللہ کی بندی نے صلوٰۃ حاجت پڑھنا شروع کی اور ادھر کام ہوگیا۔ ہماری فیکٹری کے چیئرمین صاحب مجھے یہ سچی کہانی سنا رہے تھے اور مجھے وہ اپنے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا سبق یاد آگیا کہ جب بھی کوئی پریشانی ہو' مصیبت دکھ آئے تو فوراً دھیان مصلے اور اللہ کی طرف جانا چاہیے۔ میں دل ہی دل میں کہہ رہا تھا یہ تو تسبیح خانہ کا پیغام ہے۔

موقع صرف ایک بار

مولانا وحیدالدین خاں

کالج کے ایک پرانے استاد کے ایک جملہ نے مجھے بہت متاثر کیا۔ ''زندگی صرف ایک بار ملتی ہے'' وہ اپنی زندگی پر تبصرہ کررہے تھے۔ ''میں بی ایس سی کرکے ملازمت میں لگ گیا تھا ایم ایس سی نہیں کیا' اب کتنے اچھے اچھے چانس میرے سامنے آتے ہیں' مگر میں ان سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ صرف اس لیے کہ میرے پاس ماسٹر ڈگری نہیں اگر آپ کے پاس اعلیٰ لیاقت نہیں ہے تو آپ اعلیٰ مواقع سے فائدہ اٹھانے سے بھی محروم رہیں گے' یہ تبصرہ ہمارے سماج کے تقریباً 99 فیصد لوگوں پر صادق آتا ہے۔ ابتدائی عمر انسان کیلئے تیاری کی عمر ہے مگر بیشتر افراد اس عمر کو پوری طرح استعمال میں نہیں لاتے وہ اپنے بہترین وقت کو سستے مشاغل میں ضائع کردیتے ہیں۔ یہاں تک کہ ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں اور کام کرنے کا وقت آجاتا ہے اب وہ مجبور ہوتے ہیں کہ کمتر تیاری کے ساتھ عملی زندگی کے میدان میں داخل ہوجائیں۔ وہ چاہنے کے باوجود زیادہ ترقی نہیں کرپاتے۔ ان کو ساری عمر اس طرح گزارنی ہوتی ہے کہ اس دنیا میں ان کی صلاحیتوں کے لیے جو آخری امکان مقدر تھا اس سے بہت کم امکان تک وہ پہنچ پاتے ہیں۔ وہ محرومی اور ناکامی کے احساس کے تحت زندگی گزارتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اسی حال میں مرجاتے ہیں۔ اگر آپ کمتر تیاری کے ساتھ زندگی کے میدان میں داخل ہوئے ہیں تو اس دنیا میں آپ اپنا بھرپور حصہ نہیں پاسکتے اور جو ایک بار محروم رہا وہ گویا ہمیشہ کیلئے محروم رہا کیونکہ زندگی صرف ایک بار ملتی ہے بار بار نہیں ملتی۔ پتھر ہر ایک کیلئے سخت ہے مگر پتھر اس شخص کے لیے نرم ہوجاتا ہے جس نے اس کو توڑنے کے اوزار فراہم کرلیے ہوں یہی صورت ہر معاملہ میں پیش آتی ہے اگر آپ لیاقت اور اہلیت کے ساتھ زندگی کے میدان میں داخل ہوں تو ہر جگہ آپ اپنا حق وصول کرکے رہیں گے اور اگر لیاقت اور اہلیت کے بغیر آپ نے زندگی کے میدان میں قدم رکھا تو آپ کیلئے دنیا میں اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ اپنی مفروضہ حق تلفی کے خلاف زیادہ احتجاج کرتے رہیں۔ ماحول سے امید نہ رکھئے بلکہ اپنی محنت اور لیاقت پر بھروسہ کیجئے آپ کو کبھی ماحول سے شکایت نہ ہوگی۔ ماحول کی شکایت دراصل ماحول سے زیادہ خود اپنی نالائقی کا اظہار ہے کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے وہ مطلوبہ تیاری نہیں کی تھی جو ماحول سے اپنا حق وصول کرنے کیلئے ضروری ہے۔

پہلے تنگدستی اب پیسے کی فراوانی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اور آپ کے اہل خانہ اور تمام ساتھیوں کو ڈھیروں دعائیں' آپ کو صحت سلامتی عطا ہو (آمین)۔ میں آپ کا بتایا ہوا وظیفہ سورۂ کوثر' ہر وقت کھلا پڑھتی ہوں' اس کے علاوہ 129 مرتبہ صبح و شام اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر برکت والی تھیلی پر دم کرتی ہوں جس کی بدولت برکت اور پیسے کی فراوانی نصیب ہوئی اس سے پہلے بہت ہی تنگدستی کا عالم تھا۔ (شبانہ، لاہور)

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت -/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ فارمولہ لگائیے! بجلی کا بل کم آئے گا! گارنٹی ہے

سلمان شیخ، لاہور

شہروں میں تقریباً سو فیصد اور اکثر و بیشتر دیہاتوں میں بھی شاید ہی کوئی گھر ایسا ہو جہاں بجلی اور گیس استعمال نہ کی جاتی ہوں۔ بجلی اور گیس ہماری ضروریات زندگی میں شامل ہیں تاہم سلیقے سے ان دونوں کا استعمال کر کے ہم بجلی اور گیس کے بلوں کی مد میں خاطر خواہ کمی کر سکتے ہیں۔ ذیل میں چند ایسے گر پیش کیے جا رہے ہیں جن کا براہ راست تعلق تو شہری عوام سے ہے، لیکن ایسے دیہات کے باشندے بھی ان تراکیب سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن کے ہاں بجلی اور گیس کی سہولت موجود ہے۔

دیواروں پر ہلکے رنگ کروائیے، بجلی بچائیے

آپ جب بھی کمرے سے باہر جائیں، خواہ چند منٹ کے لیے ہی کیوں نہ جائیں، کمرے کی روشنی (لائٹ) گل کر کے جائیے۔ سونے کے کمرے، فانوس اور فینسی لائٹوں میں کم طاقت کی لائٹس لگائیے۔ تاہم جہاں ضروری ہو، مثلاً ہال کمرے، مطالعے کے کمرے اور زینے پر مناسب روشنی کا انتظام کیجیے۔ باورچی خانے، غسل خانے اور ورک شاپ میں بلب اور ٹیوب لائٹس کے بجائے ایل ای ڈی بلب استعمال کیجیے۔ 40 واٹ کی ٹیوب لائٹ اور 24 واٹ کے انرجی سیور کی بجائے 14 واٹ کے ایل ای ڈی بلب استعمال کریں اس کی روشنی بھی بہت اچھی اور زیادہ ہے اور بجلی کا خرچ بھی انتہائی کم آتا ہے۔ دیواروں پر ہلکا رنگ کرائیے۔ ہلکے رنگ، روشنی کو تیز رنگوں کے مقابلے میں زیادہ منعکس کرتے ہیں۔ اس طرح ہلکے رنگوں کے در و دیوار ہونے پر ان میں تیز روشنی کا انتظام نہیں کرنا پڑتا۔

ایئر کنڈیشنر کے استعمال سے پرہیز ہی کیجیے!

ایئر کنڈیشنر کے استعمال سے حتیٰ الوسع احتراز کیجیے کیوں کہ اس کا بہت زیادہ استعمال صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہے اور گھریلو بجٹ پر بھی بہت بھاری پڑتا ہے۔ تاہم اگر آپ کے گھر میں ایئر کنڈیشنر لگا ہوا ہے تو اس کا استعمال کم سے کم کیجیے۔ اے سی کی ٹھنڈک تا دیر برقرار رکھنے کے لیے گھر کی چھت کو زیادہ بلند مت کیجیے۔ اس بات کا بھی خیال رکھیے کہ جس کمرے میں ایئر کنڈیشنر لگا ہوا ہے اس میں باہر کی ہوا کا گزر تو نہیں ہے۔ اس کمرے میں ایسے کھڑکیاں اور دروازے استعمال کیجیے جن کو بند کرنے پر ان میں سے ہوا کا گزر نہ ہو۔ اگر گھر میں ''روم کولر'' استعمال کیا جا رہا ہے تو بھی ان باتوں کا خیال رکھیے۔ روم کولر کو ایسی جگہ رکھیے کہ اس پر دھوپ نہ پڑے روم کولر کی گھاس کو خشک مت ہونے دیجیے۔ ایئر کنڈیشنر اور روم کولر کی وقتاً فوقتاً صفائی کرتے رہیے۔

گھر میں پانی کے نل پھر سے چیک کیجیے!

عام طور پر گھروں میں لگے ہوئے گیزر گیس سے چلتے ہیں اس لیے اس کی طرف دھیان نہیں کیا جاتا۔ لیکن گیزر سے گرم ہونے والے پانی کے لیے استعمال ہونے والی گیس، کل استعمال ہونے والی گیس کا تقریباً پندرہ فیصد ہوتی ہے۔ گیزر کا تھرموا سٹیٹ 135 سے 140 ڈگری کے درمیان رکھیے۔ گھر میں کسی نل یا ٹونٹی سے پانی ٹپکتا ہو تو اسے فوراً بدل ڈالیے، کیونکہ کہ اگر اس نل سے ایک سیکنڈ بس ایک قطرہ گرتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ایک سال میں 2500 گیلن پانی ضائع ہوگیا۔ اب آپ اندازہ لگائیے 2500 گیلن پانی گرم کرنے پر کتنی گیس خرچ ہوگی اور یہ گیس کتنی رقم کی ہوگی۔ گرم پانی سے برتن دھوئیں تو ٹونٹی کو مستقل طور پر کھلا مت رکھیے بلکہ ایک برتن دھو کر ٹونٹی بند کر دیجیے۔ اس کے بعد برتن کو صاف جگہ پر رکھیے۔ پھر وہ برتن اٹھائیں جنہیں دھونا مقصود ہے۔ اسے ٹونٹی کے نیچے لائیے ٹونٹی کھولیے اور اسے دھوئیے۔

چند کپڑوں کیلئے ہر دوسرے دن واشنگ مشین لگانا! صرف بیوقوفی

چولہا بچت کیساتھ استعمال کرنے کا آسان طریقہ

گیس کے اوون میں دو یا تین کھانے ایک ساتھ پکائیے۔ کوئی چیز کم از کم ایک گھنٹے اوون میں پکانا ہو تو اس سے پہلے صرف دس منٹ اسٹوو کو گرم کیجیے۔ جو چیز بہت دیر تک پکانا مقصود ہو یا سبزیوں پر کچھ بھوننا ہو تو اسے پہلے سے گرم کرنا ضروری نہیں۔ سبزیاں بہت تھوڑے پانی میں پکائیے اور اتنی دیر رکھیے کہ وہ گل جائیں۔ اگر آپ کے پاس پریشر ککر ہے تو اس میں سالن پکائیے۔ عام برتنوں کے مقابلے میں پریشر ککر میں ایک تہائی وقت میں غذا تیار ہو جاتی ہے اور آنچ بھی کم درکار ہوتی ہے۔ اگر آگ کے شعلے پیلے رنگ کے ہو گئے ہیں تو برنر کو صاف کیجیے۔

ریفریجریٹر کو اس طرح استعمال کیجیے بچت ہوگی

جتنی جلدی ممکن ہو سکے ریفریجریٹر کے دروازے کو کھول کر بند کر دیجیے۔ آپ کو ریفریجریٹر سے جو کچھ نکالنا ہو، اس کا دروازہ کھولنے سے پہلے سوچ لیجیے۔ اسی طرح اگر کئی چیزیں ریفریجریٹر میں رکھنا ہوں تو پہلے ان سب کو ایک جگہ ریفریجریٹر کے قریب جمع کر لیجیے پھر ان تمام چیزوں کو ایک ساتھ ریفریجریٹر میں رکھ دیجیے۔ ریفریجریٹر کا بہترین درجہ حرارت 38 سے 40 ڈگری اور فریزر کا زیرو ڈگری ہوتا ہے۔ آپ اگر کئی دن کے لیے گھر سے باہر جائیں تو ریفریجریٹر کا درجہ حرارت کم سے کم کر کے جائیے۔

کپڑے دھونے کی مشین سے بچت ممکن!

کپڑے دھونے کی مشین یا واشنگ مشین آج تقریباً ہر شہری گھر میں موجود ہے۔ واشنگ مشین میں عموماً گرم پانی ڈالا جاتا ہے۔ اگر گرم پانی کے بغیر کام چلتا ہو تو پانی گرم کرنے کی ضرورت نہیں۔ جب ہفتے، دو ہفتے میں کافی کپڑے جمع ہو جائیں، تبھی مشین چلائیے۔ چند کپڑوں کی دھلائی کے لیے واشنگ مشین چلانا بجلی، پانی اور وقت کا ضیاع ہے۔ کپڑوں کی مناسبت سے ہی واشنگ مشین میں پانی ڈالیے۔ اگر کپڑے زیادہ ہوں تو زیادہ گنجائش کی مشین خریدیے تاکہ ایک ہی وقت میں زیادہ کپڑے دھل جائیں۔

موبائل فون چارجر سے بجلی کا ضیاع

جب بھی موبائل فون چارج کریں، موبائل چارج کرتے ہی چارجر کا پلگ سوئچ بورڈ سے فوراً اتار دیں، ہوتا یہ ہے کہ ہم چارجر ہمیشہ لگا رہنے دیتے ہیں اور موبائل اتار لیتے ہیں، موبائل اتارنے کے بعد بھی چارجر بجلی استعمال کرتا رہتا ہے۔ لہٰذا چارجر کو کبھی بھی سوئچ بورڈ میں لگا نہ رہنے دیں، گھر سے باہر کبھی بھی جائیں، تمام سوئچ بورڈز چیک کر لیں کہیں کوئی چیز آن تو نہیں، چارجر تمام سوئچ بورڈ سے اتار کر جائیں، اے سی، اوون وغیرہ کے پلگ نکال کر جائیے۔ درج بالا تمام ہدایات پر عمل کرنے سے آپ کے بجلی کے بل میں خاطر خواہ کمی واقع ہوگی۔

آنکھ شفاء
موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے تنکے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا، غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو، آنکھوں کی جلن، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

کیا آپ گھر کے کام کاج سے تھک جاتی ہیں؟

افشاں، حیدرآباد

ایسی مائیں جو کام کرنے کے باوجود نہیں تھکتیں

بزرگوں نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ ”سخت محنت سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچتی“۔ ہمیں اکثر انسانی جسم کی سخت جانی پر تعجب ہوتا ہے کہ بیماری، تھکن، سردی اور گرمی کے اثرات کو کس آسانی سے دور کردیتا ہے۔ ایسی بہت سی مائیں ہماری سوسائٹی میں موجود ہیں جو کثیر الاولاد ہونے کے باوجود بغیر کسی ملازم کے پورا گھرانہ تن تنہا چلاتی ہیں اور نہ ایسی خواتین کی کمی ہے جو گھر یا دفتر کا پورے دن کام کرنے کے باوجود شام کو اتنا وقت نکال لیتی ہیں کہ شہری تحریکات میں حصہ لے سکیں، درس سن سکیں، کپڑے سی سکیں اور بچوں کو تعلیم دے سکیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کی قوتیں کبھی ختم نہ ہونے والے چشموں سے پھوٹتی ہیں۔ اس کے برعکس ایسی بہنیں بھی ہیں جو ہمیشہ تھکی تھکی رہتی ہیں۔ وہ چند گھنٹے بعد کام سے تھک کر چور ہو جاتی ہیں، جلدی سو جاتی ہیں اور صبح کو اٹھتی ہیں تو تھکی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ ان کو ہر وقت دردِ سر، تھکن اور بھوک نہ لگنے ہی کا رونا رہتا ہے۔ پہلے زمانے میں یہ باتیں ہوتیں تو ان کی سستی اور کاہلی پر محمول کی جاتیں اور کہا جاتا کہ ذرا محنت کریں تو یہ کاہلی اور نااہلی سب دور ہو جائیں گی اور واقعی بہت سی بہنوں کو طعن تشنیع کرکے زیادہ محنت کرنے پر مجبور بھی کیا گیا ہے جس کا نتیجہ الٹا ہی نکلا۔ وہ انتہا سے زیادہ محنت کرنے لگیں اور آخر کار اعصابی کمزوری کی وجہ سے بیمار پڑ گئیں اور پھر وہی چکر چل گیا۔ آج دماغی کشمکش اور تھکن کے درمیانی تعلق کو ایک نئی روشنی میں دیکھا جانے لگا ہے۔

تھکن کیلئے گولیاں، انجکشن نہیں اصل سبب جانیے!

طب جدید اس کے لیے نئی گولیاں اور انجکشن ایجاد نہیں کررہی ہے بلکہ اس تھکن کا اصل سبب جاننے کی کوشش کررہی ہے۔ ان خواتین کی مسلسل تھکن جسمانی مرض کی وجہ سے نہیں ہے ان کی اس کیفیت کا سبب ان کے اندر ہی ملے گا۔

عورت کی تھکن کا پہلا سبب اس کا وہ رویہ ہے جو وہ کام سے متعلق رکھتی ہے۔ برسوں تک سکول میں تعلیم پانے کے بعد جب لڑکی باہر آتی ہے تو سمجھتی ہے کہ گھر چلانا کچھ زیادہ مشکل کام نہیں ہے۔ ملازمتوں میں دلچسپی ہوتی ہے پیسے ملتے ہیں اور بعض اوقات شان بھی ہوتی ہے۔ بھلا گندے برتنوں، بغیر تہہ ہوئے بستروں، خاک آلود فرنیچر اور بے ہنگم ملازمتوں میں کیا جاذبیت ہوسکتی ہے۔

صبح سے شام سنگین مصروفیت

عورت کے دماغ میں ذہنی کشمکش پیدا کرنے والی اور چیزیں بھی ہوتی ہیں۔ ان میں ایک ”جذبہ کمال“ ہے۔ یہ جذبہ جوان ہو یا بوڑھی، گھر میں رہنے والی یا دفتر میں کام کرنے والی، غرض یہ کہ ہر عورت میں یکساں پایا جاتا ہے۔ ایسی عورت ہمیشہ فکر مند رہتی ہے۔ وہ چاہتی ہے کہ وہ جو کچھ کرے، ہمیشہ صاف شفاف اور عمدہ ہو۔ بستر جلد تہہ ہو جائیں، برتن دھل جائیں، بچے پوری طرح کھیل نہ چکیں کہ کھلونے رکھ دیئے جائیں، کھانا وقت پر کھایا جائے، غذا متوازن ہو، کپڑے استری شدہ اور بہت اچھی حالت میں رہیں۔ اس باقاعدگی میں کھیل کود کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

سسرال کے لیے مثالی خاتون بنیے!

ایسی بہنوں کے لیے صبح سے شام تک سنگین قسم کے کام ہی کام ہوتے ہیں اور وہ انتہائی کوشش کرتی ہیں کہ مثالی خاتون بن کر دکھادیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دو تین سال میں تھک کر رہ جاتی ہیں اور پھر کسی کام کی نہیں رہتیں۔ ایک وجہ اس ذہنی کشمکش کی اعصابی خرابی بھی ہوتی ہے جو بلڈ پریشر کا نتیجہ ہوتی ہے۔ بات بات پر لڑنے کے لیے جی چاہتا ہے۔ اعصاب کا یہ تناؤ عرصے تک یکساں طور پر ایسی بہنوں کو بیمار کردیتا ہے۔ ان کا دماغ تفکرات میں اتنا گرفتار رہتا ہے کہ ہاتھ کا کام بھی اچھی طرح نہیں ہوسکتا، یا پھر اپنے غصے، پریشانی اور ناپسندیدگی کے جذبات کو دل ہی دل میں دبائے رکھتی ہیں اور یہ سب اندر ہی اندر ابلتے رہتے ہیں جن کے پھوٹ پڑنے کا ہر وقت ہی اندیشہ رہتا ہے اور جب یہ پھوٹتی ہے تو اکثر گھروں کو جنت سے جہنم بنتے دیر نہیں لگتی۔

گھر کو سلیقے سے رکھنا برا نہیں! مگر دباؤ نہیں چاہیے!

دراصل ہر چیز کی انتہا خطرناک ہوتی ہے۔ گھر کو سلیقے سے رکھنا برا نہیں ہے بلکہ وہ دباؤ جس سے یہ کام کیا گیا ہے برائی یا بیماری کی جڑ کہا جاتا ہے۔ اگر کسی بہن کو صاف شفاف گھر پسند ہے تو سبحان اللہ۔ اگر اپنے شوہر اور بچوں کو اچھے لباس میں دیکھنا چاہتی ہیں تو اس میں برا کیا ہے؟ لیکن جس وقت یہ بلند معیار سر پر سوار ہی ہونے لگے، اس وقت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ وہ بہنیں جن کو صفائی کے وقت کھانے کی فکر بھی رہتی ہے، ایک وقت میں گویا دو کام کرتی ہیں اور اس طرح ایک کام بھی اچھی طرح نہیں ہو پاتا اور تھکن دگنی ہوجاتی ہے۔

اعصابی قوت محفوظ رکھنے کیلئے عمدہ ترکیب

اعصابی قوت محفوظ رکھنے کی ایک بہت عمدہ ترکیب چیزوں کو لکھ لینے کی ہے جو شہنشاہیت کے دور سے چلی آرہی ہے۔ ایک نوٹ بک ایسی ہونی چاہیے جو ہر وقت ہاتھ لگ سکے۔ اس میں کھانے کی ضروریات کو نوٹ کیا جاسکتا ہے، دن میں جو کام کرنے ہیں ان کا اندراج کیا جاسکتا ہے۔ کہیں جانا آنا ہو تو اس کو بھی درج کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح سب کام نظر میں بھی رہیں گے اور سر پر بار بھی نہ ہوگا۔ اے خاتون خانہ! ہم نے چند تدابیر آپ کیلئے لکھی ہیں یقیناً یہ چند سطریں آپ کو ایک مثالی خاتون بننے میں بھرپور مدد دیں گی۔

چالیس دن میں مرگی سے مکمل شفاء یابی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ تمام گھر والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں، اس کے تمام سلسلے بہت ہی زبردست ہیں۔ میرے پاس مرگی سے نجات کا ایک عمل ہے، جسے میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں، یقیناً قارئین یقین سے کریں گے تو ضرور پائیں گے۔ عمل یہ ہے: سورۂ یٰسین پانی پر چالیس دن پڑھ کر دم کرنا ہے۔ سورۂ یٰسین میں سات مرتبہ مبین کا لفظ آتا ہے۔ پڑھتے پڑھتے جب مبین کا لفظ آئے تو پاس پڑے پانی پر پھونک مارنی ہے اور پھر بس یہی پانی مریض کو پلانا ہے۔ (گھر والے بھی پی سکتے ہیں، سالن، چائے، آٹے میں بھی شامل کرسکتے ہیں) چالیس دن ایسے ہی سورۂ یٰسین پڑھ کے مریض کو پانی پلانا ہے۔ ان شاء اللہ مرگی کے مرض سے شفاء ہوگی۔ (محمد اقبال، اوکاڑہ)

معجون شفاء یابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

شادی شدہ افراد کی اکثریت موٹاپے کا شکار کیوں؟

محمد پرویز، لاہور

شادی شدہ افراد کی اکثریت موٹاپے کا شکار ہونے لگی ہے۔ انتہائی خوشی یا محبت میں کامیابی کا نتیجہ بھی لوگ خوشی کے اظہار، یہاں تک کہ محبت کے اظہار کا مطلب بھی کچھ یوں لینے لگے ہیں کہ اس کا فوری اثر موٹاپے کی صورت نکلتا ہے۔ مثلاً جی بھر کے کھانا، طرح طرح کے مرغن کھانے، ہر وقت تواضع کی فکر میں رہنا، بیٹھے لیٹے موبائل دیکھنا اور کھاتے رہنا۔ اس طرح ان کے پیٹ کے حجم میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ کسی دوست، عزیز نے اظہارِ محبت کرنا ہے تو بھی کھانا کھلا کر، کسی نے مبارک دینی ہے تو ہوٹل پر بلا کر رات گئے مرغن اور بھرپور کھانوں کے بعد شادی شدہ جوڑے بیچارے واک کے قابل رہ ہی کب جاتے ہیں کہ کیلوریز جلائیں اور موٹاپے سے حفاظت پائیں۔ غیر شادی شدہ افراد خود کو فٹ رکھنے کی قدرے سنجیدگی سے کوشش کرتے ہیں۔ کیا محض زندگی کے ساتھی کی تلاش کے بعد صحت مند لائف اسٹائل چھوڑ دینا چاہیے اور کسی کاہل اور سست الوجود کی طرح اپنے آپ کو ڈی شیپ ہونے دیا جائے۔ موٹاپا جتنی جلدی آتا ہے اتنی ہی دیر سے جاتا ہے۔ **صحت اور طویل العمری کا راز:** اچھی صحت اور طویل العمری کا راز جاننا ہو تو سادہ طرز زندگی اختیار کر لیجئے۔ جدید طرز زندگی نے تو ویسے بھی مسائل میں اضافہ کر دیا ہے۔ مناسب مقدار میں غذائیت سے بھرپور ناشتہ جسم کی لازمی ضرورت ہے۔ اگر آپ رات کا کھانا رات نو بجے سے ساڑھے دس بجے کے درمیان کھا لیتے ہیں اور پھر سوتے وقت اسنیکس نہیں لیتے تو پھر صبح بیدار ہونے پر سات، ساڑھے سات بجے سے ہلکی ہلکی بھوک کا احساس ہونا چاہیے۔ وقت پر ناشتہ کرنے سے جسم میں انسولین لیول ٹھیک رہتا ہے۔ میٹابولزم سست نہیں ہوتا۔ نارمل انداز میں کام کرتا رہتا ہے۔ **وقت پر ناشتہ ہر مسئلے کا حل ہے:** وقت پر ناشتہ کرنا بہت اہم ہے۔ وقت پر کھانا اور پانی کا استعمال صحت مند زندگی کی طرف ایک مزید قدم ہے۔ رات دیر گئے تک جاگنا اور صبح حوائج ضروری سے پوری طرح فارغ ہوئے بغیر میدے سے بنی اشیا پیٹ میں پہنچا کر دکان یا دفتر کا رخ کرنے سے معدے اور جگر کی صحت کے ساتھ ساتھ آنتوں کا فعل بھی بُری طرح متاثر ہوتا ہے۔ **نیند پوری لیں:** صحت کی بحالی کے لیے سب سے پہلے نیند پوری لینے کی کوشش کیجئے۔ شروع میں آپ بستر میں جلد لیٹنے کے باوجود سو نہیں سکیں گے لیکن اس پر عمل کرتے رہیں۔ بستر پر لیٹ کے گہرے سانس لیں۔ ذہن کو خالی رکھنے کی کوشش کریں، روٹھی ہوئی نیند آپ سے آپ مان جائے گی۔ بہت ساری خواتین میرے پاس آتی ہیں، رات رات بھر جاگتی ہیں۔ نیند نہیں آتی تو دوائیاں کھاتی ہیں۔ دوائیاں کھا کھا کر اور مصنوعی نیند لے لے کر وہ اپنی زندگی کا سارا رس کھو بیٹھتی ہیں۔ چلنے پھرنے میں سستی ہی نہیں نقاہت محسوس کرتی ہیں۔ جسم بڑھ چکا ہوتا ہے۔ ایسے میں گھر، بچے اور شوہر ہر چیز بُری لگتی ہے۔ (۱) آپ اپنے کھانے پینے کی روٹین بنالیں۔ سونے سے پہلے چاول اور مرغن غذا کا استعمال کرنے کے بجائے ہلکی پھلکی غذا کھائیں۔ سونے سے ڈیڑھ دو گھنٹے قبل نیم گرم دودھ کا استعمال کریں۔

(۲) سونے سے پہلے چہل قدمی کریں جسم تھکا ہو تو نیند آجاتی ہے۔ بہترین چیز عشاء کی نماز اچھے طریقے سے ادا کرنا ہے۔

(۳) ایسے مریض جنہیں نیند کا مسئلہ درپیش تھا صرف یہی تین چیزیں ان کی روٹین میں شامل ہونے سے وہ ماشاء اللہ بہت سکون میں ہیں اور جلد سونے لگے ہیں۔ **آپ بھی نوٹ فرمالیں:** نمازِ عشاء کی ادائیگی پورے رکوع و سجود کے ساتھ، سونے سے قبل غسل کرنا، نیم گرم دودھ پینا، سورۂ رحمن کی تلاوت سنتے ہوئے سونا، درود پاک پڑھتے ہوئے لیٹنا۔ یہ سارے کام بے حد پاکیزہ ہیں۔ خیالات کی آلودگی صحت اور نیند کی دشمن ہے۔ ہر رات چھ سے آٹھ گھنٹے کی نیند سے آپ کے جسم کے تمام نظام بحال ہونے لگیں گے۔ بھرپور نیند لینے کے بعد صبح کے وقت آدھے گھنٹے کی ورزش کو اپنا معمول بنالیجئے۔ اس سے آپ ذہنی اور جسمانی دونوں طور پر آسودہ رہنے لگیں گے۔ جسم کی سستی دور اور دماغ تر و تازہ ہو جائے گا۔ نیز جسم میں فاضل چربی کے کم ہونے سے پھیپھڑوں کے علاوہ قلب پر رہنے والا دباؤ بھی بتدریج ہٹتا چلا جائے گا۔

بیوی کی محبت سے شوہر کی صحت کا تعلق

بوسٹن (امریکا) ہارورڈ سکول آف پبلک ہیلتھ میں ایک تحقیق ہوئی جس سے نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ بیوی کی محبت شوہر کی صحت پر مثبت اثر ڈالتی ہے۔ ازدواجی رشتہ مستحکم ہو اور باہمی تعلقات خوشگوار ہوں تو شوہر کو اچھی صحت قائم رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ تحقیق ایک خاتون سائنسدان نے کی ہے جس کے دوران انہوں نے چالیس سے پچھتر سال کی عمر کے چار ہزار مردوں کے کوائف کا آٹھ سال تک مشاہدہ کیا۔ انہوں نے شوہر کی صحت کے سلسلے میں سب سے زیادہ اہمیت اس کی غذا کو دی۔ ان کا خیال ہے کہ مرد عموماً اپنی غذا کی طرف سے بے پرواہی برتتے ہیں، لیکن شادی کے بعد بیوی زیادہ تر یہ ذمے داری اپنے سر لے لیتی ہے کو شوہر کو صحت بخش غذا فراہم کرے اور اس سلسلے میں وقت کی پابندی کو بھی ملحوظ رکھے۔ ظاہر ہے کہ اس بات کا شوہر کی صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ البتہ اگر آگے چل کر میاں بیوی میں علیحدگی ہو جائے یا بیوی کا شوہر سے پہلے انتقال ہو جائے تو مرد کی زندگی میں پھر بے ترتیبی آجاتی ہے اور ناقص غذا کا استعمال بڑھ جاتا ہے جو خرابی صحت کا باعث ہوتا ہے۔ ہاں اگر مرد دوسری شادی کر لے اور خوش قسمتی سے اسے پھر چاہنے والی بیوی مل جائے حالات پھر سدھرنے لگتے ہیں۔ رپورٹ میں ایک ایسے پہلو کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے، جو منفی بھی ہے اور مثبت بھی۔ تحقیق کار خاتون کا خیال ہے کہ بیوی زیادہ چاہنے والی مل جائے اور گھر کا ماحول بہت خوشگوار ہو تو اکثر مرد ورزش سے جی چرانے لگتے ہیں۔ یعنی ورزش، گھر جانے اور واکنگ یا دوسری ورزشوں کے لیے گھر سے باہر جانے کی بجائے ان کی ترجیح یہ ہوتی ہے کہ گھر میں زیادہ وقت گزاریں بیوی کی چاہت اور خوش گوار گھریلو ماحول پر بھلا کسے اعتراض ہو سکتا ہے لیکن ورزش سے جی چرانے کا صحت پر منفی اثر ہو سکتا ہے۔ اس سے قبل جو تحقیق ہوئی ہے اس سے بھی یہ بات سامنے آئی تھی کہ شادی شدہ لوگوں میں کنوارے یا تنہا مردوں (جن کی بیوی مر چکی ہو یا علیحدہ ہو گئی ہو) کی نسبت زیادہ دن زندہ رہنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ اس کی وجہ بھی یہ بتائی گئی تھی کہ خوشگوار ازدواجی زندگی گزارنے والے مردوں کی غذا بہتر اور صحت بخش ہوتی ہے اور ان میں تمباکو نوشی یا شراب نوشی کا رجحان نسبتاً کم پایا جاتا ہے۔

جس ماہر نے یہ تحقیق کی ہے اس کا کہنا ہے کہ خوش گوار ازدواجی ماحول میں رہنے والے مرد کی عمر اگر نسبتاً زیادہ ہو یا

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک
بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری، ملازم پیشہ مردوں، عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے
توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

آئینے کے سامنے یہ الفاظ پڑھیں! جادو جنات ختم

رحمٰن شاہد، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا درس بہت توجہ دھیان سے سنتا ہوں۔ آپ کے ہر درس میں کوئی نہ کوئی وظیفہ یا ٹوٹکہ ضرور ہوتا ہے میں وظیفے اکٹھے کر لیتا ہوں اور ایک ڈائری بنائی ہوئی ہے جس پر لکھ لیتا ہوں۔ عبقری سے میں نے بہت کچھ پایا ہے' کچھ تجربات قارئین عبقری سے شیئر کر رہا ہوں یقیناً اس سے قارئین مستفید ہوں گے۔

(1) رات کو سوتے وقت: جو شخص رات کو سوتے وقت 21 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر سوئے گا تو اسے شیطانی خیالات نہیں آئیں گے۔

(2) تھکاوٹ دور کرنے کیلئے: ایک گلاس نیم گرم دودھ چسکی چسکی پینے سے ہر طرح کی تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔

(3) میت کو ہدیہ بھیجیں: روزانہ ایک بار سورۂ فاتحہ تین بار سورۂ اخلاص تین بار اوّل آخر درود شریف پڑھ کر نبی کریم ﷺ آپ کے اصحابؓ اور جو امتی فوت ہو چکے ہیں ان کو ہدیہ بھیجیں ان سب کے برابر آپ کو بھی ثواب ہوگا۔

(4) دعا کی قبولیت: ہر نماز کے بعد 27 بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(5) جادو جنات ختم کرنے کیلئے: جب بھی شیشے کے سامنے آئیں تو یہ آیت ضرور پڑھیں بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَاءَاللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ان شاء اللہ جادو جنات سے دور رہیں گے۔ **(6) گرمی کا بخار دور:** گرمی کا بخار ہو تو وقفے وقفے سے آرڑو کھانے سے گرمی کا بخار ٹھیک ہو جاتا ہے۔

(7) سفید گلاب کے پھولوں کا عرق ایک کپ صبح، دوپہر، شام کھانے سے گھنٹہ پہلے یا بعد میں پی لیں یہ عمل تین ماہ لگاتار کریں ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کنٹرول ہو جائے گی۔

(8) نظر کی کمزوری کیلئے: جس کی نظر کمزور ہو وہ روزانہ سو بار یَابَدِیْعُ پڑھے انشاء اللہ نظر کی کمزوری دور ہو جائیگی۔

(9) اچھی جگہ شادی کے لیے: اچھی جگہ شادی کے لیے روزانہ نماز فجر کے بعد ایک بار سورۂ یٰسین پڑھیں۔

(10) اہم کاغذات کی حفاظت: آپ کے کوئی بھی اہم کاغذات یا کوئی اہم دستاویزات اس کی سائیڈ پر بحوالہ (قطمیر) لکھ دیں اللہ کے کرم سے کبھی گم نہیں ہوں گے۔

(11) یا حفیظ یا سلام: میں جب بھی کسی سفر پر جاتا ہوں تو یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ 11 بار اور سفر کی دعا ضرور پڑھ لیتا ہوں۔ میرا بہت دفعہ ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچا میں اس طرح محفوظ رہا ہوں جیسے کسی غیبی طاقت نے اٹھا کر سائیڈ پر کر دیا ہو۔

میرے طبی و روحانی تجربات کا نچوڑ آپ کیلئے

(12) پانچ سورتیں چھ بسم اللہ: میں شام کو اکیڈمی جاتے وقت اکثر لیٹ ہو جاتا ہوں اور اس تصور کے ساتھ پانچ سورتیں اور چھ بسم اللہ پڑھ لیتا ہوں کہ ٹیچر کلاس میں نہ آئے ہوں جب تک میں کلاس میں نہ چلا جاؤں یا ان کی ڈانٹ سے بچ جاؤں تو الحمدللہ پانچ سورتیں اور چھ بسم اللہ مجھے انکی ڈانٹ سے بچا لیتی ہیں۔ **(13) پاؤں کے انگوٹھوں کا مساج:** جو شخص صبح نہانے کے بعد پاؤں کے دونوں انگوٹھوں کا سرسوں کے تیل سے اچھی طرح مساج کریگا تو سارا دن اسے تھکاوٹ نہیں ہوگی۔

(14) یارب موسیٰ یارب کلیم بسم اللہ الرحمن الرحیم: میری کوئی بھی چیز گم ہو جائے نہ ملے تو میں یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتا ہوں تو اللہ کی مدد سے مل جاتی ہے۔ ایک دفعہ میری بھابھی اور بھائی نے شادی پر جانا تھا تو بھابھی کا زیور نہیں مل رہا تھا دونوں نے پورے یقین کے ساتھ اسے پڑھا تو رات کو خواب میں بھائی کو نظر آیا کہ زیور کسی کپڑوں والے شاپر میں پڑا ہے۔ صبح جب بھائی نے بھابھی کو بتایا کہ میں نے رات یہ خواب دیکھا ہے تو بھابھی نے کپڑوں والے شاپر دیکھے تو ایک شاپر میں سے زیور مل گیا۔ **(15) کامیابی کیلئے:** ہر نماز کے بعد یَاقَیُّوْمُ 33 بار پڑھنے سے کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ **(16) دماغ کی کمزوری کیلئے:** دماغ کی کمزوری اور حافظہ تیز کرنے کیلئے نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ یَاقَوِیُّ سیدھا ہاتھ سر پر رکھ کر پڑھیں۔ دماغی کمزوری ختم۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا اہلیہ کے اندر سے جن نکل گیا

انٹرنیٹ کی دنیا سے جان چھوٹی اور اولاد نرینہ ملی: شیخ الوظائف السلام علیکم! سب سے پہلے تو میں آپ کا نہایت شکر گزار ہوں کہ آپ کے درس اور اسم اعظم کے روحانی دم باقاعدگی سے کروا رہا ہوں۔ جب یہ دم کروانا شروع کیا ہے' نماز پڑھنے لگا ہوں' گناہوں سے دور رہنے لگا ہوں' انٹرنیٹ کی غلیظ دنیا سے جان چھوٹ گئی ہے' اللہ پاک نے میرے بہت سے کام سنوار دیئے ہیں' ان شاء اللہ اپنی زندگی کی آخری سانس تک تسبیح خانہ سے جڑا رہوں گا۔ اللہ نے مجھے بہت نوازا ہے' دم کروانے کے بعد اللہ نے سب سے بڑی عنایت مجھے اولاد نرینہ کے طور پر دی ہے۔ (ج، لاہور)

اللہ نے بیٹے کو اولاد سے نواز دیا: محترم شیخ الوظائف! میرا بیٹا جو کہ انگلینڈ میں رہتا ہے' جب وہ پاکستان آیا تو تین ماہ مسلسل اس نے اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' الحمدللہ! دم کروانے کے بعد جب وہ انگلینڈ گیا تو اگلے ہی سال اللہ کریم نے اسے اولاد سے نوازا۔ حالانکہ کہ چار سال سے علاج کروا کروا کر تھک گیا تھا' مگر صرف تین مرتبہ دم کروانے سے اللہ کریم نے کرم فرما دیا۔ (ج، راولپنڈی)

13 برس کی عمر اور روحانی مسئلہ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری بیٹی کی ذہنی عمر انتہائی کم ہے جبکہ ویسے اس کی عمر 13 سال ہے' مگر ذہنی طور پر تین سال کی ہے' گزشتہ چھ ماہ سے متواتر اسم اعظم کا روحانی دم کروا رہی ہوں' الحمدللہ! اب اس کی حالت پہلے سے بہت بہتر ہے۔ (ام زینب' لاہور)

12 اپریل 2020 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' درس' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنا لیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!
لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

جادو شکن پانی
خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔
قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

امیا بشیر، جنڈ۔ قیصر عزیز برنی، حیدر آباد۔ قاسم مظہر، مری۔ صباء شاہین، بھیرہ۔ آسیہ اسد علی، کراچی۔ قاری محمد سرور، لاہور۔ ذوالفقار علی، بھمبر۔ سارہ رمشاء، سرگورھا۔ شعبان علی، راولپنڈی۔ ریحانہ کوثر، لاہور۔ محمد عمران، پنڈی گھیپ۔ صائقہ یوسف، شیخوپورہ۔ محمد ادریس، صفدر آباد۔ سلمان بن عبدالحکیم، کراچی۔ محمد عارف، روھڑی لوکو۔ شبانہ جبیں، لاہور۔ ریحانہ یاسمین، تربیلا ڈیم۔ شگفتہ اقبال، کراچی۔ محمد ندیم، جنڈ۔ قاری محمد بشیر، چکوال۔ بلقیس فہمیدہ، کراچی۔ نادیہ عاطف، لاہور۔ محمد اسد، لاہور۔ عبدالشکور، بادشاہان۔ ثمن خان، راولپنڈی۔ شہلا شاہین، دینہ۔ فقیر حسین، رحیم یار خان۔ روبینہ صدیق، فیصل آباد۔ عاصمہ، فیصل آباد۔ محمد طارق نسیم، گڑھا موڑ وہاڑی۔ ممتاز بانو، میسٹر۔ شبانہ تبسم، کراچی۔ صنوبر انجم، کوٹ عبدالمالک۔ رفعت بیگم، بنوں۔ آسیہ، سیالکوٹ۔ لطافت بیگم، واہ کینٹ۔ محمد ایوب خان، کوہاٹ۔ سیماب سہیل، بنوں۔ روزینہ فاطمہ، ملتان۔ خورشید احمد، تیمر گرہ۔ عبدالقدیر، حیدر آباد۔ ثمرین نعمان، حویلیاں۔ شکیل، ایبٹ آباد۔ زبیدہ خانم، سیالکوٹ۔ نشاط صرا، لاہور۔ کشور سلطانہ، راولپنڈی۔ غلام حیدر، لاڑکانہ۔ رشید احمد، لاڑکانہ۔ فرح نازش، کراچی۔ کنیز فاطمہ، گاؤں بانڈی عطائی خان۔ حکیم غلام حسین غفوری، سرائے مہاجر۔ محمد طیب، مردان۔ شیر توفیق، کوئٹہ۔ راشد محمود شاہ، ملتان۔ عبدالرحمن، کوٹ مٹھن۔ محمد ظفر، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ محمد ذیشان عارف، جھکر۔ نسیم اختر، کراچی ایسٹ۔ الیاس صافی، کوئٹہ۔ رضیہ، میلسی۔ سعدیہ، وٹیکے تارڑ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

یَاحَکِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ بکثرت یعنی روزانہ وضو' بے وضو' پاک' ناپاک' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے' چند مہینے ضرور کریں۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

خدا بخش کھوکھر، گھوٹکی۔ شمیم اختر، راولپنڈی۔ حسینہ، پشاور۔ آصف شہزاد، صادق آباد۔ حبیب الرحمن، ٹنڈو الہ یار۔ حمزہ سعید، قائد آباد۔ شفیق الرحمان شفیق، رحیم یار خان۔ محمد اسحاق اعوان، احمد پور شرقیہ۔ حلیم ظفر، خیر پور۔ بشریٰ خدا بخش، خیر پور۔ محمد حنیف، سمندری۔ خالدہ مشتاق، اٹک۔ حسینہ، پشاور۔ مرید حسین، چوآسیدن شاہ۔ انتصار، جھنگ۔ فرحانہ اسلم، جھنگ۔ آسیہ قادر، ملتان۔ نرگس پروین اختر، لیہ۔ مقدس دل محمد، میر پور آزاد کشمیر۔ عفت جبین صدیقی، گوجرانوالہ۔ ثوبیہ احمد علی، جمبر کلاں۔ طاہرہ پروین، جھنگ۔ سحر امتیاز، کراچی۔ نعیم کوثر، فیصل آباد۔ شمشاد بیگم، سکھر۔ امان اللہ، ڈیرہ اسماعیل خان۔ شمیم ریاض، خیر پور۔ عنایت اللہ رضا، کراچی۔ ریاض احمد، سعید والہ۔ نوید دہی بھلے والا، ڈیرہ اسماعیل خان، سجیلہ عینی، ملتان۔ بابر علی، ٹوبہ۔ محمد سلیم، ڈی آئی خان۔ صبا بی بی، ہری پور۔ عبدالرشید قریشی، کراچی۔ شاہد احمد، حیدر آباد۔ سید ممتاز حسین زیدی، چکوال۔ رباب عفت، قادر آباد۔ روبینہ، کراچی۔ میاں غلام مرتضیٰ، سیالکوٹ۔ آصفہ منیر، سیالکوٹ۔ صوفیہ نورین، کراچی۔ مہ جبین بانو، رحیم یار خان۔ کنیزا طاہر، پنڈ دادنخان۔ نجم العارفین، کراچی۔ سویرا، جھول۔ نازیہ اکرم، منڈی بہاؤالدین۔ محمد یٰسین، کراچی۔ طغریٰ شمس اظہر، جتوئی۔ بلال احمد، ڈنڈوت۔ لائقہ بی بی، راولپنڈی۔ گل محمد، کراچی۔ عبدالرشید قرشی، کراچی۔ فرزانہ بی بی، راولپنڈی۔ عمران جمشید، کراچی۔ محمد دانش، شیخوپورہ۔ محمد رشید خان، راولپنڈی۔ طلعت محمود، دنیا پور۔ فائزہ عمیر، کراچی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ o وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ o وَ اِذَا الْجِبَالُ سُیِّرَتْ o وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ' جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

فرزانہ، نواب شاہ۔ تحسین اختر، فتح جنگ۔ شوکت حسین، کراچی۔ ارسلان احمد خان، کراچی۔ طاہرہ کرن، کراچی۔ جاوید حسین، کراچی۔ فرحان احمد خان، کراچی۔ عزیز الرحمن، اوکاڑہ۔ افشاں خان، لاہور۔ سبین، کراچی۔ شاہینہ پرور، لاہور۔ محمد ہاضم رضا، کراچی۔ شکیل احمد شیخ، کراچی۔ بشریٰ آفتاب، فتح جنگ۔ صفیر اختر، فتح جنگ۔ سیدہ مصباح نورین صبا، چکوال۔ افتخار حسین، جڑانوالہ۔ حاجرہ کاظمی، واہ کینٹ۔ محمد شفیق، سکھر۔ زینب بی بی، اسلام آباد۔ بشریٰ تنویر، کراچی۔ حمیرا مہک، ملتان۔ محمد عبداللہ، خان پور۔ شازیہ، لاہور۔ جلیل، براند۔ آمنہ راشد۔ لاہور۔ سمعیہ فاطمہ، رحیم یار خان۔ عنبرین، ملتان۔ محبوب حسن، ملتان۔ سیف الدین، ملتان۔ سدرہ، کوٹ اسلام۔ ممتاز بیگم، پاکپتن۔ ثقلین ضیاء، خانیوال۔ خدیجہ الکبریٰ، چکوال۔ شبنم، ہری پور۔ انوار احمد، کراچی۔ سمعیہ صدیقی، کراچی۔ فرزانہ کوثر، محراب پور۔ دلدار احمد، کچا کھوہ۔ محمد رمضان، مخدوم پور۔ شفقت نیاز احمد، راولپنڈی۔ ساجد علی، سکھر۔ رسول بخش، کراچی۔ سید عمران حسین قادری، کراچی۔ عائشہ گلشن، گوجرانوالہ۔ عظمیٰ یاسمین، علی پور چٹھہ۔ محمد صہیب، سیالکوٹ۔ نگہت، سیالکوٹ۔ شمشاد، لاہور۔ تسنیم اختر، حیدر آباد۔ قاری سید شجاعت علی بخاری، سرگودھا۔ بزم جمیل، گوجرانوالہ۔ جہاں زیب، کراچی۔ رفیعہ امداد، 739 گ ب۔ حماد سعید، جڑانوالہ۔ ندا، میر پور خاص۔ روحان علی، جہلم۔ ثانیہ عظیم، لاہور۔ ناہید کوثر، سیالکوٹ۔ محمد اُسمان، سیالکوٹ۔ ثمینہ اختر، لندن۔ ثمینہ بی بی، اٹک۔ مسکان مشہود، راولپنڈی۔ زاہدہ پروین، رحیم یار خان۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچیں تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص' خارش' چنبل' کوڑھ' جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
برص پھلبہری کورس
500 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

چھوٹے کسانوں کیلئے بڑے زمیندار کے آزمودہ مشورے

شہناز، فیصل آباد

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق عبقری سے گزشتہ چھ سال سے ہے' یہ رسالہ میرے مزاج اور ذوق کے عین مطابق ہے اسی لیے ہر ماہ اسی کا انتظار رہتا ہے۔ میں جو کچھ چاہتی ہوں مجھے اس رسالہ سے مل جاتا ہے۔ ہمارے بڑے چونکہ زمیندار تھے اور میرے والد نے انجینئرنگ کرنے کے بعد لاہور میں رہائش اختیار کرلی اور یہیں کاروبار کا آغاز کیا۔ مگر گاؤں جانا رہتا ہے' اس مرتبہ جب گاؤں گئی تو میری دادی اماں نے مجھے ایک ڈائری دکھائی جو کہ میرے دادا مرحوم کی تھی' میرے دادا بہت نیک متقی اور پرہیزگار تھے اور گاؤں کے سب سے بڑے زمیندار تھے۔ ان کی ڈائری میں مجھے کھیتوں اور باغات کی شادابی' ہریالی اور زیادہ منافع پانے کیلئے تین روحانی عمل ملے۔ میں نے فوراً موبائل سے تصویر لی اور گھر آکر عبقری کیلئے لکھنے بیٹھ گئی۔ یہ اعمال میں ''کسان دوست عبقری'' کیلئے لکھ رہی ہوں یقیناً ان سے زمیندار اور کسان حضرات بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔

کھیت کی شادابی کے لئے

اگر اسم یَاحَلِیْمُ 313 مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرے یا کاغذ پر لکھ کر دھولے اور اس پانی کو کھیت پر چھڑک دے تو ان شاء اللہ تعالیٰ کھیت بخوبی پھلے پھولے اور آفات سے محفوظ رہے گا۔ اگر باغات میں بیج بوتے وقت اس اسم مبارکہ کو 28 مرتبہ پڑھا جائے تو درخت سرسبز و شاداب رہتا ہے اور پھل زیادہ اور میٹھا دیتا ہے۔ ان شاء اللہ

پھل نہ دینے والے درختوں کا علاج

جس شخص کے درخت پھل نہ دیتے ہوں یا ٹھیک طریقے سے پروان نہ چڑھتے ہوں تو باوضو 300 مرتبہ یَاحَلِیْمُ اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پانی پر یہ اسم مبارک دم کرکے ان تمام درختوں کی جڑوں میں چھڑکیں اور دعا کریں۔ ان شاء اللہ درخت کی بیماری ختم' پھل زیادہ دیگا۔

زمینداری/کسی بھی ہنر' پیشہ میں برکت کیلئے

کسی بھی ہنر' پیشہ اور خاص طور پر زمینداری سے منسلک افراد اسم یَاحَلِیْمُ کو کچی سیاہی سے لکھ کر پانی سے دھو کر اوزار' ٹریکٹر' ہل وغیرہ پر لگائیں تو اس پیشے میں خوب برکات ہوں گی۔ اسی طرح بیج' کھاد وغیرہ پر بھی پانی چھڑک سکتے ہیں۔

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری حویلی آئیے سالہا سال پرانے مسائل کا حل لے جائیے

نفسیاتی بیماریوں سے نجات: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں ساری رات جاگ کر گزارتا' ہر وقت الجھا رہتا' چڑچڑا پن' کوئی مجھ سے بات کرلیتا میں کاٹ کھانے کو دوڑتا' لوگوں نے مجھ سے بات کرنا چھوڑ دی تھی' میں سکون و اطمینان سے بالکل محروم ہو چکا تھا' برائیوں کا بے تحاشہ ارتکاب کرتا اور جان بوجھ کر گناہ کرتا' کاروبار تباہ' رشتہ داری ختم' ہر کسی سے کٹ گیا' اس سے پہلے کہ خودکشی کرلیتا ایک دوست نے عبقری حویلی کا بتایا کہ تیرے مسائل کا حل ادھر ہے' میں بتاتا چلوں کہ میں نے ملک کے بڑے بڑے اسپیشلسٹ معالجین سے علاج کروایا مگر وقتی فائدہ ہوا' ٹوٹے دل کے ساتھ عبقری حویلی آیا' یہاں آکر بتائے گئے اعمال کیے' دم شدہ پانی پیا' چٹکی نمک کھایا' کچھ ہمراہ لیا۔ خاص طور پر گیارہ دم شدہ کیل مجھے دیئے گئے جو میں نے وہاں پڑے تنے میں ٹھونکے' رات وہیں گزارنے کا ارادہ کیا' نامعلوم کتنے سالوں بعد میں نے اس رات پرسکون نیند لی' صبح اٹھا تو بالکل فریش تھا' دماغ پرسکون' جسم ہلکا پھلکا۔ جیسے کوئی بھاری وزن میرے جسم سے اتر گیا' الحمدللہ! آج بھی میں بالکل ٹھیک ٹھاک اور مطمئن ہوں' عبقری حویلی مہینے میں ایک مرتبہ ضرور جاتا ہوں' اعمال کرتا ہوں' اب نماز پڑھتا ہوں' برائیوں سے نفرت ہو چکی ہے۔ (قاسم وقار' لودھراں)

آسیب سے نجات: میرے چھوٹے بھائی پر سایہ تھا' ایک جن حاضر ہو کر اسے خوب ستاتا تھا' نجانے اسے کس غلطی کی سزا دے رہا تھا' بے شمار عاملین سے علاج کروائے مگر وہ جن الٹا عاملین کو نقصان پہنچا دیتا۔ کسی نے عبقری حویلی کا بتایا اپنے بھائی کو وہاں لے گیا' ہم تین دن وہاں رہے' بتائے گئے تمام اعمال کیے' دم شدہ نمک اور پانی لیا' خاص عمل شدہ گیارہ کیل لیکر وہاں موجود تنے میں ٹھونکے۔ ہم تین دن بعد واپس آئے تو بھائی کی حالت بہت بہتر تھی' گھر آکر دم شدہ پانی تمام کونوں میں چھڑکا اور پینے میں استعمال کیا' نمک کھانے میں استعمال کیا۔ الحمدللہ! آج دوسرا مہینہ ہے وہ جن دوبارہ نہیں آیا۔ (عمران بھٹی' حاصل پور)

بیٹی کے سسرال میں مسائل اور عبقری حویلی: میری بیٹی جب سے بیاہ کر اپنے گھر گئی' اس دن سے لڑائی جھگڑے' مار کٹائی شروع ہوگئی' ایک ایک دن میری بیٹی اور ہم تمام گھر والوں پر قیامت بن کر گزرا' بیٹی کے سسرال والوں نے اس کا جینا حرام کر رکھا تھا' کسی نے بتایا کہ سخت ترین جادو کیا گیا ہے تاکہ آپ کی بیٹی کو طلاق ہو جائے۔ ہم مزید پریشان ہوگئے۔ میرے شوہر عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' انہوں نے مجھ سے بات کی اور ہم عبقری حویلی احمد پور شرقیہ کیلئے روانہ ہوگئے' دو دن وہاں رہے' بتائے گئے اعمال کیے' بیٹی کا تصور کرکے عمل شدہ گیارہ کیل کھجور کے تنے میں ٹھونکے۔ حاجات قبول بورڈ پر انگلی سے حاجت لکھی۔ واپسی پر دم شدہ پانی اور نمک ہمراہ لائے۔ بیٹی کو پانی اور نمک دیا' اس نے اپنے سسرال میں اسے استعمال کیا۔ پندرہ دن کے اندر اندر اس کے گھر کے حالات یکسر بدل گئے' اب الحمدللہ میری بیٹی کو سسرال میں سب سے زیادہ عزت دی جاتی ہے' اس کی بات کو اہمیت دی جاتی ہے' شوہر تو خیال رکھتا ہی ہے اس سے زیادہ اس کی ساس اور نندیں خیال رکھتی ہیں۔ الحمدللہ! (شگفتہ' لاہور)

عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ہونے والے مکمل اعمال کی تفصیلات صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ کیجئے!

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ **زرغوانی نقرائی**
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟ قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روسا، اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جلدی امراض کا سستا اور کامیاب علاج

شہزاد، کراچی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں امید کرتا ہوں کہ آپ بفضل خداوند کریم کے بالکل خیریت سے ہونگے اللہ کریم آپ کو صحت شفاء عطا فرمائیں آپ کی عمر دراز کریں آپ کی محبت توجہ آپ کا سایہ ہم سب پر ہمیشہ سلامت رکھیں (آمین)۔ایک علاج اپنے والد (مرحوم) کے حوالے سے آپ کو بتانا چاہتا ہوں جو میرے تجربے سے گزرا۔ خارش کے حوالے سے علاج ہے۔ ایسی خارش کہ اللہ کریم کسی دشمن کو بھی نہ دیں۔ یہ خارش والد صاحب کو دو تین سال رہی اس علاج کیلئے میں نے بہت جتن کیے شاید شوگر کی وجہ سے والد صاحب کو یہ خارش کی بیماری لگی ہو۔ والد صاحب کو یہ خارش اتنی شدید ہوتی تھی کہ وہ زیرو کے ریگ مال سے اپنی ٹانگوں اور بازو کو کھجاتے تھے۔ زیرو ریگ مال کا پورا پیکٹ ایک ماہ میں ختم کردیا کرتے تھے جی ریگ مال سے اپنی پنڈلیوں، رانوں، بازوؤں، کمر پر رگڑتے تھے تو جسم سے خشکی جھڑتی تھی، پنڈلیاں، رانیں، بازو ایسے ہوگئے تھے جیسے دودھ پر ملائی جم جاتی ہے ٹانگیں، پاؤں، کمر پر ایسا لگتا تھا کہ جیسے ان پر ملائی جم گئی ہو۔ کبھی کبھی والد صاحب اتنا زور زور سے کھجاتے تھے کہ مجھ سے نہیں دیکھا جاتا تھا تب انکی ٹانگوں سے پانی یا خون رسنے لگتا تھا بہت کوشش کے بعد علاج نکال ہی لیا۔ سمندر کی صدف (سیپیاں) جو سمندر کے ساحلی کنارے پر سیپیاں ملتی ہیں اس سے والد صاحب کا علاج کیا تین سال کی یہ موذی بیماری 28 سے 30 دن میں ختم ہوگئی۔

علاج انتہائی آسان اور سستا بس!!!

علاج بہت ہی آسان اور سستا تھا بس سمندر کے کنارے سے سیپیاں جمع کرنا تھی جو کہ وزن میں ایک کلو کے قریب ہونا ضروری ہیں تمام سیپیوں کو اچھی طرح نیم گرم پانی سے دھوکر سکھالیں اس کے بعد ہاون دستے میں ڈال کو موٹا موٹا کوٹ لیں ایک کلو سیپیوں کو چار جگہ تقسیم کردیں مطلب ایک ایک پاؤ چار جگہ کرلیں ایک پاؤ سیپی کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر ایک پوٹلی بنالیں اسی طرح چار پوٹلیاں بنالیں۔ تین پوٹلی محفوظ جگہ پر رکھ دیں اب اتنا پانی لیں کہ جس میں کھانا بھی پک جائیں سارا دن وہ پانی پینے میں استعمال ہو اور نہانا بھی لیں کم از کم 8 سے 10 لیٹر پانی لیں اور اس پانی کو کسی بڑے برتن میں ڈال کر اس پانی میں ایک پوٹلی ڈال کر پانی کو چولہے پر رکھ کر پکالیں جب پانی میں ایک اُبال آجائیں تو سمجھیں پانی تیار ہے۔ اس پوٹلی کو نکال کر کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں اسی پانی سے مریض کیلئے کھانا بنائیں۔ اسی پانی کو مریض کو پینے کیلئے دیں اور اسی پانی سے مریض کو نہلائیں۔ یہ ایک پوٹلی 14 دن کارآمد رہے گی۔ 14 دن کے بعد دوسری پوٹلی استعمال کرنا شروع کردیں پانی زیادہ لینا چاہیں تو 15 لیٹر پانی بھی گرم کرسکتے ہیں۔ کھانے میں گرم اور بادی چیزوں کا پرہیز ہے ویسے ہم والد صاحب کو بلاناغہ بغیر مرچ کے ایک پاؤ فرائی مچھلی روزانہ کھلاتے تھے وہ شوق سے کھاتے بھی تھے اور ان کو ڈاکٹر نے بھی اجازت دے رکھی تھی۔ میرے والد صاحب کی یہ بیماری 28 سے 30 دن میں بالکل ختم ہوگئی تھی وہ خارش کے اس موذی مرض سے بالکل صحت یاب ہوگئے تھے جبکہ ڈاکٹر بھی پریشان ہوگئے تھے اس خارش کا علاج کرتے کرتے۔ محترم حکیم صاحب آپ میرے مرحوم والدین کیلئے دعا کیجئے گا اللہ کریم میرے مرحوم والدین بہن بھائی اور بھتیجے کے درجات بلند کرے انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا کریں (آمین)۔

میرے آزمودہ آپریشن توڑ ٹوٹکے آزمائیے!

محمد مہتاب مصطفیٰ، بنوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ ماہ میرے پاؤں کے انگوٹھوں کے ناخن جلد میں دھنس گئے تھے اس کے بعد دونوں انگوٹھے سوج گئے اور ان میں پیپ پڑ گئی۔ درد بہت زیادہ تھا چونکہ میرا تعلق پاکستان آرمی سے ہے اس لیے بڑے اور وزنی بوٹ کے استعمال سے پاؤں کے انگوٹھے عموماً درد کرتے۔ ہسپتال سے میڈیسن لی' کوئی خاص فرق نہیں پڑا ڈاکٹر نے میڈیسن لکھتے ہوئے بتایا تھا کہ اگر ہفتے تک انگوٹھا ٹھیک نہ ہوا تو آپریشن کرنا پڑے گا۔ آپریشن کا سن کر میں پریشان ہوگیا۔ مجھے چلنے اور نماز کی ادائیگی میں کافی تکلیف ہوتی ایک دن استاد نے لنگڑا کر چلنے کی وجہ پوچھی تو میں نے سارا احوال بتایا۔ استاد نے مجھ سے لوہے کی انگوٹھی مانگی جو میرے پاس نہیں تھی اس کے بعد استاد نے چابی کے چھلے میں جو رنگ ہوتا ہے اسے نکال کر میرے ہاتھ کی انگلی میں پہنایا اور کہا کہ اسے درد ختم ہونے تک پہنے رکھنا۔ مجھے حیرت ہوئی کہ ہاتھ کی انگلی میں رنگ پہننے سے پاؤں کے انگوٹھے کا درد کیسے ختم ہوگا۔ خیر میں نے ایسا ہی کیا۔ رنگ پہننے کے ایک دن بعد انگوٹھے میں درد کم ہوا۔ دوسرے دن درد مزید کم ہوا اگر انگوٹھے کو فرش پر رکھ کر دباتا تو ہلکا درد ہوتا۔ رنگ پہننے کے تیسرے دن خدا کے فضل و کرم سے درد بالکل ختم ہوگیا اور آپریشن سے جان چھوٹ گئی۔

اپنا نام اپنے خون سے لکھا' دفن کیا' مرض ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نکسیر سے چھٹکارا پانے کا نہایت عمدہ اور مفت نسخہ ہے جو میں عبقری کے قارئین کیلئے پیش کرتا ہوں۔ بچپن میں میری نکسیر بہت زیادہ پھوٹتی تھی ناک سے ہاتھ تُچ ہو جائے' چھینک آجائے، سوتے ہوئے اور کبھی کبھار ہوم ورک کرتے ہوئے ناک سے خون نکل آتا تھا۔ ایک دن میں ہوم ورک کر رہا تھا تو نکسیر نکل آئی اتفاق سے محلے کی ایک خالہ والدہ کیساتھ گھر میں باتیں کر رہی تھی نکسیر نکلتے ہی بڑی بہن نے تقریباً آدھی بالٹی سے سر دھلائی کیا اور چارپائی پر سیدھا لیٹا دیا۔ نکسیر پھر نکل آئی اور ناک خون سے بھر گیا اور ہر بار ناک میں خون بھرنے کیساتھ ہی خون فرش پر گراتا۔ یہ صورتحال دیکھتے ہی اس خالہ نے نسخہ بتاتے ہوئے کہا کہ میرے بیٹے کو بھی نکسیر کا مسئلہ تھا' میرے ایک رشتہ دار حکیم ہیں' انہوں نے بتایا کہ جب ناک سے خون آئے تو کسی صاف کاغذ پر تنکے کے ساتھ ناک سے نکلے خون سے متاثرہ بندے کا نام لکھ کر زمین میں دفن کردیں' ہم نے ایسا ہی کیا اس کے بعد غالباً ایک دن پھر ناک سے خون آیا تھا دوبارہ یہی عمل کیا اس کے بعد نکسیر آنا بند ہوگئی۔

خود پرستی ہی دراصل بت پرستی ہے!

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ سے ایک قول منسوب ہے جو میرے دل میں اترا ہوا ہے اس کے مطابق ''خود پرستی اور نفس پرستی ہی دراصل بت پرستی ہے اور اسی کو ترک کرنے کے بعد خدا پرستی کی منزل شروع ہوتی ہے''۔ (انتخاب: محمد طاہر' لاہور)

ناک شفاء
دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
مسلسل نزلہ کی وجہ سے شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

21 پیالیاں موٹاپا ختم! شیخ الوظائف نے خود آزمایا

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

21 پیالیوں کے انوکھے تین فوائد

قارئین! یہ وہ فارمولہ ہے جو اب سے پہلے عبقری میگزین میں کئی بار چھپ چکا ہے' چھپا کیسے؟ ابتدا کیسے ہوئی؟ ایک بہت بڑا تجربہ سامنے آیا' پھر کیا تھا لوگوں کے دھڑا دھڑ مشاہدات تجربات اور حیرت انگیز کیفیات آنا شروع ہوگئیں جس نے بھی اسے آزمایا وہ حیران ہوا کہ اس کا فائدہ کیا ہے اور اس کا نفع کیا ہے اور واقعی اس کا فائدہ اور نفع ایسا ہوا کہ عقل انسانی حیران! میں اس قہوہ پر آج کے مضمون میں پہلے تین فوائد بتاؤں گا۔ پہلا فائدہ: موٹاپے کا بہترین علاج۔ جس کا پیٹ بڑھا ہوا ہو اور کسی بھی تدبیر سے کم نہ ہو رہا ہو اس کا آخری علاج ہے۔ دوسرا فائدہ: کولیسٹرول' یوریا' یورک ایسڈ اور بڑھی ہوئی چربی کے لیے اس دوا کو یا اس قہوہ کی پیالی کو میں ایسے کہوں گا جیسے پل بھر میں چھلنی لگ جاتی ہے۔

تیسرا فائدہ: وہ شخص جو ہر وقت جسم دبواتا رہتا ہے' جوڑوں پٹھوں کا درد ہے' کمر' ٹانگوں میں درد ہے' گھٹنوں سو کر بھی پرسکون نہیں اٹھتا بلکہ بے چین رہتا ہے' ایسے شخص کے لیے یہ ٹوٹکہ بہت بے مثال ہے جس نے بھی آج تک آزمایا اس نے اس کو مفید ہی پایا اور فائدہ ہی حاصل کیا۔ میرے تو ایک نہیں بے شمار تجربات ہیں اور پھر صرف میرے نہیں بلکہ بے شمار قارئین کے تجربات بھی ہیں۔

جب میں نے خود آزمایا تو کیسے پایا؟

اور جب میں نے خود آزمایا تو میں نے اپنے آپ کو بہت ہلکا پھلکا پایا' جسم پرسکون' طبیعت پرسکون' دماغ اور اعصاب میں ہلکا پن' جسم کا کھچاؤ ختم' طبیعت کا تناؤ ختم' ہمارے ایک دوست جن کا موٹاپا بے مثال تھا' کہنے لگے: جب سے میں نے اس قہوہ کی پیالیاں پی ہیں بس اب تو میں دعویٰ کرسکتا ہوں کہ جو شخص اس قہوہ کی پیالیاں پیے گا' وہ یقینی فائدہ پائے گا۔ کوئی صبح وشام پیتا ہے کوئی ایک وقت پیتا ہے لیکن جو بھی پیتا ہے اور چند دن' چند ہفتے پیتا ہے اس کو فائدہ ہوتا ہے۔

قارئین! آپ اس قہوہ کو اپنی زندگی کا ساتھی بنائیں یقین جانیے آپ اگر کچھ عرصہ اسے پئیں تو سہی' استعمال تو کریں اور آپ کو اس کا وہ نتیجہ اور رزلٹ ملے گا جو آپ سوچ نہیں سکتے۔

آیئے! قارئین کا بھی تجربہ شامل کرتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے الفاظ نہیں مل رہے کہ جن سے آپ کا شکریہ ادا کیا جائے اسے کم علمی سمجھئے یا صحبت وعقیدت' موضوع کی طرف آتا ہوں' عبقری کے شمارہ جولائی 2015ء میں ''21 دن میں موٹاپا غائب'' ایک تحریر چھپی تھی' کیا کمال کا نسخہ نکلا' اللہ اس اپنی بندی کو بے پناہ خوشیاں عطا فرمائے جس نے یہ نسخہ پیش کیا۔ پہلے اس کے فوائد عرض کرتا ہوں۔ اس نسخہ سے موٹاپا یعنی پیٹ کا بڑھنا جہاں رکتا ہے وہاں جوڑوں کا درد اور کمزوری میں بھی نہایت فائدہ مند ہے' میری ایک عادت ہے کہ میں ہر چیز کی صرف اتنی ہی تعریف کرتا ہوں جتنا اس کا حق ہو اور قارئین عبقری سے بھی یہ گزارش ہے اور بار بار گزارش ہے کہ جہاں آپ سب یہ مہربانی فرماتے ہیں کہ نسخہ جات یعنی اپنے سینے کے خاص خاص راز عبقری کو پیش کرتے ہیں وہاں یہ خیال ضرور رکھیں کہ اپنے نسخہ کی صرف اتنی ہی تعریف کریں جتنا اس کا فائدہ ہے تاکہ لوگ اپنی مکمل تحقیق سے نسخہ چن کر جب بھی استعمال کریں تو ان کو پتہ چلے کہ عبقری کیسے کیسے سینے کے راز پیش کرتا رہتا ہے کیونکہ عبقری میرے خیال میں سینکڑوں' لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگوں میں پڑھا جاتا ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے غریب اور متوسط طبقے کے لوگ زیادہ پڑھتے ہیں' اس لیے ایسے لوگ شاید بار بار یا بہت زیادہ نسخہ جات استعمال نہ کرسکتے ہوں اس لیے صرف اسی نسخہ کو مجرب لکھیں جو واقعی آپ نے خود بھی استعمال کیا اور ایک دو بار آگے بھی استعمال کروایا ہو' میرے نزدیک یہ بات بہت اہمیت رکھتی ہے' لہٰذا آپ بھی ضرور کرم فرما کر اس پہ غور فرمائیں اور ہمیشہ ملنے والوں کو بھی یہی ترغیب دیتے رہیں۔ خیر اپنے اصل موضوع کی طرف آتا ہوں۔ جب میں نے یہ نسخہ اپنی امی جان کو بنا کر دیا تو ٹھیک دوسرے سے تیسرے دن میری امی جان کہنے لگیں: طبیعت میں ہلکا پن ہے' اندازاً دس دن کے استعمال کے بعد امی نے استعمال چھوڑا تو ٹھیک بیس دن بعد خود طلب کیا کہ بیٹا وہی قہوہ بنا دو لیکن اس کے بعد امی موٹاپا کے ساتھ ساتھ زیادہ تر دردوں کیلئے یہی قہوہ استعمال کرنے لگیں اور آج تک کرتی ہیں۔ میری سامنے والی ہمسائی ہیں جنہوں نے ٹی وی پر اشتہار دیکھ کر پیٹ کم کرنے کیلئے مختلف بیلٹ وغیرہ بھی منگوا رکھی تھیں مگر ان کا مقصد پورا نہ ہوا۔ میں نے انہیں یہی قہوہ پینے کا مشورہ دیا الحمدللہ آج تک دعائیں دیتی ہیں۔ میں اس نیت سے یہ نسخہ عرض کررہا ہوں کہ اللہ خاتمہ ایمان پر کرے اور قبر' حشر کی ہر سختی اور پریشانی سے اپنی پناہ اور حفاظت عطا کرے کیونکہ مجھے قبر اور حشر سے ہر طرح کے عذاب سے بہت ڈر لگتا ہے اور میری امی کو بھی اس لیے اپنی امی کیلئے بھی اس رحمت کا طلب گار ہوں۔ نسخہ اور ترکیب نوٹ فرمالیں:۔

قہوہ کا طریقہ اور اجزا نوٹ فرمالیں!: یہ نسخہ اکیس دن بلاناغہ استعمال کرنا ہے۔ ھوالشافی: عناب پانچ دانے' منقیٰ پانچ دانے' لونگ پانچ عدد' دارچینی دو بڑے ٹکڑے اور ایک عدد لیموں بڑے سائز کا اور اگر چھوٹے چھوٹے دو لیموں ڈال لیں تو زیادہ مزیدار بن جائے گا۔ دو کپ پانی ڈال کر لیموں کے علاوہ تمام چیزیں پانی میں ڈال دیں اور پکائیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو چھان لیں۔ منقیٰ کو بیچ نکال کر کھالیں اور باقی چیزیں پھینک دیں پھر اس پانی میں لیموں نچوڑ کر پی لیں اگر چاہیں تو تھوڑا سا حسب ذائقہ شہد ملا سکتے ہیں۔ یہ ایک دن کی خوراک ہے۔ ان شاءاللہ بائیسویں دن آپ حیران ہوجائیں گے لیکن ان 21 دنوں میں چاول ہرگز نہیں کھانے' ہر چیز بازار سے پچاس، پچاس روپے کی لے لیں۔ آسانی سے ہر چیز پنساری سے مل جائے گی۔ مستقل مزاجی اور پابندی سے استعمال کریں۔

درد سر' دماغ' آنکھوں اور جسمانی کمزوری کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے ایک سینے کا راز دے رہا ہوں' یقیناً سر درد' دماغی کمزوری' نظر اور جسمانی کمزوری کے شکار افراد بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ ھوالشافی: ہلیلہ سیاہ' ہلیلہ زرد' ہلیلہ کابلی' آملہ' گل اسطخدوس تمام ایک ایک تولہ۔ چار مغز' پھول مکھانے' کشنیز خشک' روغن بادام' سونف تمام ایک ایک چھٹانک۔ گل سرخ آدھ تولہ' ترنجبین اعلیٰ تین ماشہ' شہد خالص تین چھٹانک اور دیسی گھی تین چھٹانک تمام اشیاء کو اچھی طرح کوٹ کر مکس کرلیں۔ پھر دیسی گھی اور شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔ دن میں دو مرتبہ نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ (سجاد طارق اعوان' سیالکوٹ)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو' معدہ کا کینسر ہو' تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پریشان اور بدحال کھرنوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

بتائیے آخر کیا کروں؟

میں انجینئر بننا چاہتا تھا۔ ایک سال سائنس کے مضامین پڑھے پاس نہ ہوا۔ اس وقت سوچا یہ مضامین میرے رجحان کے مطابق نہ تھے پھر میں نے سوچا وکیل بن جاؤں مگر اس کے لیے گریجویٹ ہونا ضروری ہے۔ بڑے بھائی بینک میں جاب کرتے ہیں۔ مجھے کامرس کے مضامین سے دلچسپی نہیں۔ میں چاہتا ہوں ایسی فیلڈ کا انتخاب کروں جس سے دلچسپی ہو۔ (ثاقب، ساہیوال)

مشورہ: یہ فیصلہ آپ کو خود کرنا ہے کہ کن مضامین سے دلچسپی ہے لیکن ایک سال تک پڑھنے اور فیل ہونے کے بعد نہیں بلکہ کالج میں داخلہ لینے سے پہلے۔ جب داخلہ مل جائے تو تمام تر توجہ اور محنت کے ساتھ پاس ہونے کی کوشش کریں۔ وقت کا درست استعمال ذہنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے۔

شوہر کا کزن دماغی طور پر ٹھیک نہیں

میرے شوہر کا کزن دماغی طور پر ٹھیک نہیں ہے۔ ایک بار اس نے چھوٹے بھائی کا گلا دبا دیا' بڑی مشکل سے گھر والوں نے چھڑایا۔ اس کے اندر اچانک اتنی طاقت آجاتی ہے کہ کئی کئی لوگ مل کر سنبھالتے ہیں اور مشکل ہوتی ہے۔ اس کی والدہ سمجھتی ہیں کہ اس پر کچھ اثرات ہیں جو یہ اتنا طاقتور ہوجاتا ہے۔ میں اس سے بہت ڈرتی ہوں۔ گھر والے کہتے ہیں تم جتنا ڈرو گی یہ اتنا ہی ڈرائے گا۔ (مسز شیخ، بہاولپور)

مشورہ: شدید ذہنی امراض کا شکار لوگ اپنے اور دوسروں کیلئے خطرہ ہوتے ہیں انہیں اس قدر آزاد نہیں رکھا جاسکتا کہ وہ کسی کا گلا دبا دیں یا اچانک حملہ کردیں۔ ایسے لوگوں کو اثر، اثرات کے زیر اثر سمجھ کر خصوصی رعایت مل جاتی ہے جو ان کی کیفیت کو مزید خراب کردیتی ہے۔ آپ اس سے محتاط رہیں۔ گھر والوں کو بھی بتائیں کہ علاج سے اس کے پرتشدد رویے کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ زیادہ طاقت کا ظاہر ہونا بھی بیماری کی علامت ہے۔

جھوٹا الزام لگا کر شوہر نے طلاق دیدی

میں نے ہر حال میں زندگی گزارنے کی کوشش کی پھر بھی ایک روز جھوٹا الزام لگا کر شوہر نے طلاق دے دی۔ اس نے پہلے دن سے کہہ دیا تھا کہ وہ کسی اور لڑکی کو پسند کرتا ہے۔ اس واقعے کو چھ ماہ ہوئے ہیں۔ میں بوڑھی نظر آنے لگی ہوں' گھر والوں کا سلوک بھی اچھا نہیں۔ اب ایک بوجھ ہوں۔ رو رو کر آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے ہیں۔ کچھ بھی اچھا نہیں لگتا۔ اکثر سوچتی ہوں میں دنیا میں اب ایک بوجھ ہوں۔ (ک، راولپنڈی)

مشورہ: زندگی کا مشکل حصہ آپ نے گزار دیا، اب حوصلے کے ساتھ نئی زندگی کا آغاز کریں۔ یہ غم جو پہنچا ماضی کا حصہ بن چکا ہے، جو صدمہ پہنچنا تھا پہنچ چکا۔ اب یہ سب دوبارہ ہونے والا نہیں۔ اپنی صلاحیتوں پر بھروسہ کرتے ہوئے نئے عزم اور ہمت سے اٹھیں اور کام کریں۔ تعلیم یافتہ ہیں تو جاب کرلیں ورنہ اپنے رجحان کے مطابق کوئی ہنر سیکھ کر آمدنی کا ذریعہ بنائیں۔ جو لوگ اپنے اور دوسروں کیلئے فائدہ پہنچانے والے ہوتے ہیں ان کیساتھ لوگوں کا سلوک برا نہیں رہتا۔

ہم سب بہت ہی اداس ہیں

ایک ماہ قبل ہمارے بڑے بھائی اپنی بیوی کے ساتھ الگ گھر میں چلے گئے۔ ان کی بیوی کو ہم سے بہت شکایات رہتی تھیں مگر بھائی کے جانے سے ہم سب ہی بہت اداس ہیں اور امی تو ایک ماہ سے مسلسل رو رہی ہیں۔ بھائی امی سے ملنے آتے ہیں، ان کی بیوی نہیں آتیں۔ ہم لوگ بھائی سے پوچھتے ہیں تو وہ کوئی جواب نہیں دیتے۔ ہمیں حیرت ہوتی ہے، ہمارے والد کو بھائی کے گھر سے جانے کا غم نہیں۔ امی کی غلطی اتنی سی ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں یعنی ہماری حمایت کرتی تھیں۔ (ساجدہ، پشاور)

مشورہ: ایک نہ ایک دن تو ہر ایک کا علیحدہ گھر بنتا ہے۔ کوئی حرج نہیں اگر آپ کے بھائی نے علیحدہ رہنا شروع کردیا۔ اس تبدیلی کو خوشی کے ساتھ قبول کرنا چاہیے۔ تعلقات اچھے ہوں گے تو وہ اب بھی آپ لوگوں کا خیال رکھ سکتے ہیں۔ والدہ سے ملنے آنا یہ ظاہر کررہا ہے کہ وہ علیحدہ رہتے ہوئے بھی آپ کے قریب ہیں۔ ان کی بیوی کے بارے میں زیادہ بات نہ کریں ورنہ بھائی سے تعلقات میں فرق آسکتا ہے۔

والدہ سے اکثر بدتمیزی کرتا ہوں

میں اپنی والدہ سے اکثر اوقات بدتمیزی کر جاتا ہوں۔ وہ پڑھائی کے معاملے میں بہت زیادہ نصیحت کرتی ہیں جبکہ میرے خیال میں میرے لئے زیادہ پڑھنا ضروری نہیں۔ والد کا سکول ہے۔ والدہ وہاں پر پرنسپل ہیں۔ ہم لوگوں کو مالی مسائل کا سامنا نہیں، میرے والد نے مجھے نئی گاڑی دلوائی ہے۔ پیسہ ہوگا تو میں بھی کاروبار کرلوں گا یا ملک سے باہر چلا جاؤں گا مگر میرے ذہن پر بوجھ ہوجاتا ہے جب میری ماں مجھ سے ناراض ہوں اور بات کرنا بند کردیں۔ (اذہان' لاہور)

مشورہ: یقیناً آپ اپنی والدہ سے محبت کرنیوالے بیٹے ہیں۔ جب وہ نصیحت کریں تو ان کی مرضی کے مطابق بات کیا کریں تاکہ ان کو اطمینان ہوجائے۔ تعلیم حاصل کرنے کے بہت وسیع مقاصد ہیں، یہ صرف روزگار حاصل کرنے کیلئے نہیں ہوتی۔ تعلیم انسان کو شعور دے کر حقیقی معنوں میں انسان بناتی ہے۔ ایسا انسان جو باطل کو الگ کرکے حق کو پہچان لے، بصارت کے ساتھ بصیرت حاصل ہو۔ جو والدین دوسروں کے بچوں کو تعلیم جیسی دولت دیں ان کا اپنا بیٹا کس طرح اس سے محروم ہوسکتا ہے۔

زندگی میں اتنی بوریت پہلے کبھی نہ تھی

ایک وہ وقت تھا جب میں اپنے گھر والوں کے بغیر ایک دن بھی نہیں گزار سکتی تھی اور آج مجھے علیحدہ رہتے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے۔ صبح جب نیند سے بیدار ہوتی ہوں تو شوہر جاب پر جاچکے ہوتے ہیں، ان کے انتظار میں شام ہوجاتی ہے۔ وہ اتنے تھکے ہوئے ہوتے ہیں کہ ہم کہیں باہر نہیں جاسکتے۔ میری زندگی میں اتنی بوریت پہلے کبھی نہ تھی۔ خیال آتا ہے اڑ کر اپنے گھر چلی جاؤں اور بھی کئی خیالات آتے ہیں۔ شوہر کی مرضی سے ایک سکول میں پڑھانے کی بات ہوئی۔ انگریزی اور اردو کے علاوہ وہاں عربی زبان بھی آنی ضروری تھی اس وجہ سے نہ جاسکی۔ عربی پڑھنی تو آتی ہے لیکن بول نہیں سکتی مجھے بوریت کا حل بتادیں۔ (شبانہ، سعودیہ)

مشورہ: عربی زبان میں گرامر بہت اہم ہے۔ کوشش کی تو اسے جلد سیکھ لیں گی۔ بول چال کا ماحول ملے گا تو مزید آسانی ہوگی۔ ماہرین نفسیات کی تحقیق کے مطابق بوریت یا بے زاری کی وجہ ماحول سے عدم دلچسپی کے ساتھ یکسانیت بھی ہے۔ اس جذباتی ردعمل پر قابو پانے کیلئے سوچ میں کچھ تبدیلیاں لانی ضروری ہیں مثلاً اپنا گھر یہی ہے ساری خوشیاں اسی گھر سے منسوب ہوں گی لہٰذا یہی خوش اور مطمئن رہنے والا رویہ اپنانا ہوگا۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف 600/- روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

تین دن کا عمل! فالج زدہ معذور صحت یاب

احسان خالد، راولپنڈی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ دس سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں' اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات خود بھی آزما رہا ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتا رہتا ہوں' جس کی وجہ سے میں کافی مشہور بھی ہوگیا ہوں اس کی وجہ بھی ہے میں نے عبقری رسالہ اور تسبیح خانہ سے جو بھی پیغام سنا وہ آگے پھیلایا جس سے مخلوق خدا کو فائدہ ہی ہوا ہے۔

ابھی گزشتہ سال کا واقعہ ہے کہ میں عید کے دوسرے دن اپنے چھوٹے ماموں کے گھر عید ملنے اپنی اہلیہ کے ہمراہ جارہا تھا کہ راستے میں اہلیہ کہنے لگی کہ آپ کی ایک رشتہ دار کی ساس کافی عرصہ سے بیمار ہے چلنے پھرنے سے قاصر ہے' ان کا گھر راستے میں ہے ان سے عید بھی مل لیں اور بیمار پرسی بھی ہو جائے گی۔ کب کی بیچاری بیمار ہے' میں پوچھنے نہیں جاسکی۔ میں نے کہا چلو ٹھیک ہے۔ ہم ان کے گھر چلے گئے جب میں نے اپنی رشتہ دار کی ساس کو دیکھا تو وہ تقریباً رکوع کی حالت میں تھی میری رشتہ دار کہنے لگی: بھائی جان آپ لوگوں کو وظیفے بتاتے ہیں' مخلوق خدا کے کام بن جاتے ہیں' میں تو تنگ آچکی ہوں ساس کو پیشاب مجھے کرانا پڑتا ہے' گھر سے باہر کہیں جانہیں سکتی' نہ دن کا سکون ہے نہ رات کا چین کچھ ایسا وظیفہ بتائیں کہ بس؟؟؟ میں نے اپنی رشتہ دار سے پوچھا کہ اس کو مسئلہ کیا ہے؟ کہنے لگی: ان کی ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی' ہڈی دوسری ہڈی پر چڑھ کر جڑ گئی' چلنے پھرنے سے پہلے قاصر تھی مگر بیٹھ بیٹھ کر چل پھر لیتی تھی' اپنی ضروریات خود پوری کرلیتی تھی پھر اس پر فالج کا حملہ ہوگیا' تب سے یہ اسی حالت میں بس بیٹھی رہتی ہے' خود سے حرکت بھی نہیں کرسکتی۔ میری رشتہ دار کی ساس کی عمر تقریباً 70 سے 80 سال کے درمیان تھی' میں نے ان کو اذان اور افحسبتم والا عمل کرنے کو بتایا اور تسبیح خانے سے پرنٹ شدہ پمفلٹ بھی اسے بھجوادیا' وہ عمل نہ تو میری رشتہ دار نے پڑھا نہ اس کے خاوند یعنی مریضہ کے بیٹے نے پڑھا' میری رشتہ دار کی بڑی بیٹی جو تقریباً دس سے بارہ سال کی ہے وہ عمل انہوں نے اس بچی کو دیا کہ یہ اس طریقے سے پڑھ کر' دادی پر دم کرو' اس بچی نے ایک دن ہر دو گھنٹے بعد عمل پڑھ کر دادی پر دم کیا' دوسرے دن مجھے میری رشتہ دار نے بتایا کہ میری ساس حرکت کرنے لگی ہیں اور مزید کہا کہ میری ساس مجھ سے کہنے لگی میری ٹانگیں چارپائی سے نیچے لٹکا دیں اور تیسرے دن اس نے مریضہ کا آنکھوں دیکھا حال بتایا کہ وہ زمین پر جیسے پہلے بیٹھ کر چلتی تھی وہ چلتی ہوئی اپنے کمرے میں گئی اور اس نے کپڑوں کے صندوق سے اپنے کپڑے نکالے' خود ہی کپڑے بدلے اور باہر آکر بیٹھ گئی۔ اللہ اکبر۔ یہ صرف تین دن کے عمل سے ممکن ہوا پھر میں واپس لاہور آگیا' آخری خبر یہی تھی کہ وہ اپنی سابقہ زندگی کی طرف لوٹ چکی ہے اپنے کام کاج وہ خود کرتی ہے۔

103 بخار کیلئے تیز ترین آزمودہ دم!

ایک اور عمل میرا آزمودہ ہے! اصحاب کہف کے ناموں کو بخار کے لیے تو انتہائی تیز ترین پایا۔ اہلیہ کے پاس چونکہ مریض آتے رہتے ہیں گیارہ گیارہ بار اوّل آخر درود پاک کے ساتھ اہلیہ ایک سو گیارہ بار اصحاب کہف کے نام پڑھتی ہے بخار کا نام نشان نہیں رہتا۔ ایک راز کی بات بتاؤں اہلیہ کے دم میں تیز ترین شفاء کیسے ممکن ہوئی۔ اہلیہ پہلے دم کرتی تھی تو فوری رزلٹ نہیں ملتا تھا اگر ملتا تو دیر پا نہیں ہوتا تھا۔ پھر میں نے اہلیہ کو بتایا کہ دم سے پہلے کلمے کی تسبیح یا درود پاک کی تسبیح یا کم از کم اوّل آخر درود پاک کے ساتھ ایک بار سورۂ فاتحہ بمعہ تسمیہ اور تین بار سورۂ اخلاص بمعہ تسمیہ پڑھ کر آپ کی کی روح کو ہدیہ کردیا کر پھر اللہ سے دعا کی کہ اے اللہ میں اس مقصد کے لیے یہ عمل یا دم کررہی ہو میرے مرشد کی توجہات میری طرف متوجہ فرمادے اور اپنے (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

تنگی اور پریشانی دور کرنے کا نسخہ

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿الاعراف۔10﴾

اگر آپ کے پاس رہنے کی جگہ یا معاش نہ ہو' روزی کا ذریعہ نہ ہو' آپ رزق سے تنگ ہیں یا مسافر ہیں اور سامان آپ کے پاس کچھ نہیں ہے تو درج ذیل آیت کو اول و آخر درود شریف 151 مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کریں۔ جب تک تمام مسائل حل نہیں ہوتے اس آیت کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔

اولاد کی نعمت: اگر کسی عورت کے ہاں اولاد نہ ہو تو وہ حیض سے پاک ہوکر غسل کرنے کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے' پھر گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور پانی پر دم کرکے پی لے۔ اکیس روز تک یہ عمل بلاناغہ عشاء کے بعد پڑھے' انشاء اللہ' رب کریم اولاد کی نعمت سے سرفراز کرے گا۔

شوگر کیلئے قدرتی بوٹیوں کا مجرب نسخہ

ھوالشافی: کچور آدھی چھٹانک' چرائتہ آدھی چھٹانک' کوڑتمہ آدھی چھٹانک' کالی مرچ دو ماشہ۔ شوگر کا ٹیسٹ دوائی شروع کرنے سے پہلے کروائیں۔ دوائی کو کونڈی میں پیس لیں۔ آٹھ دن تین ٹائم کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ آدھا چائے کا چمچ دوائی کھائیں۔ دوائی آٹھ دن کھا کر شوگر کا ٹیسٹ کروائیں۔ اگر شوگر ابھی باقی ہو تو مزید آٹھ دن دو ٹائم کھائیں۔ **سفوف ہاضم برائے لوبلڈ پریشر: ھوالشافی:** کلونجی دو سو گرام' میتھرے دو سو گرام' کالی مرچ سو گرام' کالا نمک سو گرام' نوشادر سو گرام۔ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں' پھکی تیار ہے۔ بعد از غذا ایک تا تین ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔ گیس' بادی' لوبلڈ پریشر' تبخیر معدہ کیلئے بہترین پھکی ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض اس سے دور رہیں۔ (بحوالہ: ماہنامہ عبقری جلد 8)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خاتون شفاء
حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہورہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں

داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

اچھا دوست وہی جو مشکل میں کام آئے

بچوں کا صفحہ

ایک جنگل میں بندروں کی ایک ٹولی رہتی تھی۔ اس ٹولی میں دو بچے بھی تھے، جو اتنے شرارتی تھے کہ ان کے ماں باپ بھی ان سے بہت زیادہ تنگ آ گئے تھے۔ اسی جنگل میں ایک ننھا زرافہ بھی رہتا تھا۔ وہ بہت ہی سیدھا سادا اور بھولا بھالا تھا۔

ایک مرتبہ چرتے چرتے وہ جنگل کے اس حصے میں آ گیا جہاں بندروں کی یہ ٹولی درختوں سے پتے اور پھل فروٹ توڑ توڑ کر کھانے میں مگن تھی۔ دونوں چھوٹے شرارتی بندروں نے زرافہ کو دیکھا تو انھیں حیرت ہونے لگی۔ کیوں کہ ان بندروں نے کبھی ایسا کوئی بھی جانور نہیں دیکھا تھا۔

بندر کے ایک بچے نے کہا: ''ارے! دیکھو تو کتنا عجیب و غریب جانور ہے، آؤ اسے چھیڑتے اور ستاتے ہیں۔''

دونوں بندر کودتے پھلانگتے اس درخت پر پہنچ گئے جس کے نیچے کھڑے ہو کر زرافہ گھاس کھا رہا تھا۔ اس درخت کی ایک شاخ پر بیٹھ کر دونوں نے زرافہ سے کہا: ''اے لمبو! تیرا کیا نام ہے؟'' زرافہ نے بڑی نرمی سے کہا: ''میں زرافہ ہوں، کیا مجھ سے دوستی کرو گے؟ تم لوگوں کے نام کیا ہیں؟''

دونوں بندر شرارت سے کھلکھلا کر ہنس پڑے اور کہنے لگے: تجھ سے ہم کیوں دوستی کرنے لگے؟ کتنا بدصورت ہے تُو، مینار کے جیسی گردن اور سیڑھی کے جیسے پیر۔ ہمیں نہیں کرنا ایسے بے ڈھنگے جانور سے کوئی دوستی!'' اتنا کہہ کر دونوں بندر زرافہ کو چڑانے لگے۔ اتنا ہی نہیں ایک بندر نے درخت سے ایک پکا ہوا پھل توڑ کر زرافہ پر پھینک مارا۔ پھل زرافہ کے منہ پر لگ کر پھوٹ گیا اور اس کا رس اور گودا زرافہ کے چہرے پر پھیل گیا۔ یہ دیکھ کر دونوں بندر قہقہہ مار کر ہنسنے لگے اور کودتے پھلانگتے جنگل میں دور بھاگ گئے۔ زرافہ بے چارہ منہ لٹکائے وہاں سے چلا گیا۔ ایک دن دونوں شرارتی بندروں نے یہ طے کیا کہ وہ جنگل میں خوب دور تک اکیلے گھومنے اور سیر سپاٹا کرنے کے لیے چلیں گے۔ کیوں کہ وہ لوگ اپنی ماں باپ کی ڈانٹ پھٹکار سے بے حد تنگ آ چکے تھے اور ان سے آزادی چاہتے تھے۔

صبح صبح جب باقی بندر سو رہے تھے، یہ دونوں شرارتی بندر چپکے سے نکل پڑے۔ کچھ ہی وقت میں وہ بندروں کی ٹولی سے بہت دور نکل گئے۔ جب انھیں زوروں کی بھوک لگی تو ان دونوں نے پیڑوں کی پتیاں اور پھل فروٹ کھا کر اپنی پیٹ کی آگ بجھائی۔ انھیں اس طرح گھومنے پھرنے اور موج مستی کرنے میں بڑا مزہ آ رہا تھا۔ دوپہر ہو چلی تھی وہ دونوں گرمی سے بچنے کے لیے ایک درخت کی ہری بھری شاخوں پر جا کر بیٹھ گئے، اُس درخت کے نیچے ایک شیر آرام کر رہا تھا۔ اور پیڑ کے آس پاس ایک بڑا ہرا بھرا میدان تھا اور میدان کے کنارے ایک ندی بہہ رہی تھی۔ بندر اُس سہانے منظر میں ایسا کھوئے کہ انھیں اس بات کا احساس ہی نہ ہوا کہ یہاں ایک شیر بھی موجود ہے۔ لیکن جب شیر نے اُس کے چہرے پر بیٹھی ہوئی مکھیوں کو اڑانے کے لیے غرایا تو بندروں نے شیر کو دیکھ لیا۔ شیر کو دیکھتے ہی وہ بری طرح ڈر گئے۔ لیکن کچھ ہی دیر بعد انھیں یہ محسوس ہوا کہ ہم درخت کے اوپر محفوظ ہیں۔ چوں کہ ان کے اندر شرارت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی اس لیے یہاں بھی انھیں شرارت سوجھنے لگی اور ان دونوں نے درخت کا ایک پھل توڑ کر نیچے گرا دیا۔ پھل سیدھا شیر کی ناک پر گرا، شیر کو بہت درد ہوا۔

جب شرارتی بندر شیر کے قابو میں آ گئے

شیر نے غصے سے دہاڑتے ہوئے ادھر اُدھر دیکھا جب اس نے اوپر کی طرف دیکھا تو اس کی نظر بندروں پر پڑی۔

بندر کھی کھی کر کے ہنس رہے تھے، لیکن وہ زیادہ دیر تک نہ ہنس سکے، کیوں کہ شیر آپے سے باہر ہو رہا تھا۔ اس نے گرج دار آواز میں دہاڑتے ہوئے کہا: ''کیا تمھیں معلوم نہیں میں اس جنگل کا بادشاہ ہوں اسی وقت فوراً اس درخت سے نیچے اترو میں تم دونوں کو کھا کر اس گستاخی کی سزا دوں گا۔''

بندروں کو پھر ہنسی آ گئی۔ انھیں یقین تھا کہ ہم درخت پر محفوظ ہیں۔ شیر ان کو اس طرح دوبارہ ہنستے ہوئے دیکھ کر مزید غصے سے آگ بگولہ ہو گیا اور اپنے پیروں کو سمیٹ کر اسپرنگ کی طرح تیزی سے اچھلا۔ ان دونوں شرارتی بندروں نے دیکھا کہ شیر کا جبڑا کھلا ہوا ہے اور اس کے تیز نوکیلے دانت ان کی طرف ہیں اور وہ بڑی تیزی سے اچھلتے ہوئے بالکل ان کے قریب آ گیا ہے۔ دونوں بندروں کے تو ہوش ہی اڑ گئے اور ان کی ساری شرارت دھری کی دھری رہ گئی اور وہ دونوں ڈر کے مارے ایک دوسرے سے بری طرح لپٹ گئے۔

شیر نے چھلانگ تو بہت اچھی لگائی تھی لیکن وہ وہاں تک نہیں پہنچ سکا جس شاخ پر وہ دونوں بندر بیٹھے ہوئے تھے۔ شیر نے دوبارہ زبردست چھلانگ لگائی۔ بندروں کی حالت بڑی پتلی ہو گئی تھی وہ ڈر کے مارے چیخنے چلانے لگے لیکن وہاں ان کی پکار سننے والا کوئی بھی نہیں تھا۔ وہ تو اپنی ٹولی اور اپنے ماں باپ کی اجازت کے بغیر بھاگ کر آئے تھے۔ اس درخت کے آس پاس کوئی دوسرا درخت بھی نہ تھا کہ وہ چھلانگ لگا کر اس پر چلے جاتے اور نہ ہی اس درخت پر کہ جس پر وہ دونوں بیٹھے ہوئے تھے اونچائی کی طرف کوئی مضبوط شاخ تھی جس پر جا کر وہ بیٹھ سکتے یوں سمجھ لیں کہ شرارتی اور نافرمان بندر آج بُری طرح پھنس گئے تھے۔ ان کا کلیجا بھی کانپ رہا تھا اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے تھے۔

یکا یک ان کے کانوں میں دھیمے سے آواز آئی: ''گھبراؤ مت! میں تم دونوں کو یہاں سے نکال لے جاؤں گا۔ چپکے سے میری گردن کے سہارے میری پیٹھ پر اتر آؤ۔''

وہ کیا دیکھتے ہیں کہ ان کے ٹھیک اوپر درخت کے پتوں کے درمیان سے اسی زرافہ کا سر نکلا ہوا تھا جس کا ان لوگوں نے ابھی کچھ دن پہلے خوب مذاق اڑایا تھا۔ بندروں نے ایک دوسرے کو شرمندگی سے دیکھا کہ آج وہی زرافہ ہماری جان بچانے کیلئے تیار ہے۔ زرافہ نے کہا: ''میرے دوستو! جلدی کرو اگر شیر نے مجھے دیکھ لیا تو وہ ہم تینوں کو کھا جائے گا۔''

بندروں نے اب بلا جھجک اس کی گردن پر پھسلتے ہوئے ژراف کی پیٹھ پر سوار ہو گئے اور زرافہ انھیں لیے ہوئے تیز رفتاری سے وہاں سے کھسک گیا۔ شیر کو پہلے تو پتا نہیں چل سکا کہ کیا ماجرا ہے۔ لیکن جب اس نے زرافہ کی پیٹھ پر سوار ہو کر دونوں بندروں کو بھاگ نکلتے ہوئے دیکھا تو اس نے دہاڑتے ہوئے ان کا پیچھا کیا۔ زرافہ نے شیر کو کافی پیچھے چھوڑ دیا۔ ایک محفوظ جگہ پر پہنچ کر زرافہ رک گیا بندر چھلانگ لگا کر اس کی پیٹھ سے نیچے اتر گئے۔ تب زرافہ نے ان دونوں سے کہا: ''اس دن تم دونوں نے میری لمبی گردن اور میری ٹانگوں کی بہت مذاق اڑایا تھا، آج دیکھ لیا نا کہ انھیں کی وجہ سے تم لوگوں کی جان بچ سکی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

شادی والے دن دولہا پر چڑیل عاشق ہوگئی!

پوشیدہ، سرگودھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتے ہیں، خاص طور پر جنات سے متعلق داستانیں اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو سب سے پہلے پڑھتے ہیں۔ جنات کی حقیقت کے تو ہم چشم دید گواہ ہیں۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ جب میں نویں کلاس میں تھی تو میری بڑی بہن کی شادی ہوئی، ہمارا گھر مسجد کے ساتھ تھا کیونکہ میرے ابو وہاں پر پیش امام تھے اس مسجد کے ساتھ ایک کمرہ تھا جس میں دو جنات رہتے تھے، دونوں بہن بھائی تھے۔ بارات والے دن جب میرا بہنوئی دولہا بن کر آیا تو مسجد کے ساتھ کمرے میں موجود جنات (بہن، بھائی) نے جب میرے بہنوئی کو دیکھا تو اس جن کی بہن میرے بہنوئی پر عاشق ہوگئی۔ میرے بہنوئی الحمدللہ بہت خوبصورت اور نیک سیرت ہیں، مسجد میں ہی میرے بہنوئی کی حالت غیر ہوگئی، وہ وہیں بیہوش ہوگئے، میرے والد صاحب نے دم وغیرہ کیا تو ہوش بحال ہوئے اس وقت تو انہوں نے کچھ نہ بتایا۔ اس کے بعد جب بھی سسرال آتے ان کی حالت غیر ہوجاتی جبکہ اپنے گھر وہ بالکل تندرست اور خوش رہتے۔ کچھ عرصہ پہلے جب آئے تو جنی حاضر ہوگئی اور ہم سے باتیں کرنا شروع ہوگئی۔ اس نے بتایا کہ جب یہ دولہا بن کر مسجد میں نکاح کیلئے آئے تو میں اسی دن ان پر عاشق ہوگئی تھی اور آج تک ان کے ہمراہ ہوں۔ اب تو یہ کہتی ہے کہ میں آپ کے بہنوئی کے گھر ان کے ساتھ ہی چلی گئی ہوں، اب ادھر ہی رہتی ہوں۔ جب بھی میرے بہنوئی ہمارے گھر آتے ہیں تو یہ حاضر ہوکر سب گھر والوں سے باتیں کرتی ہے۔ سب باتوں کے بعد ایک بات ضرور کہتی کہ میری ان سے شادی کروادو، ہم ہر بار انکار کردیتے ہیں۔ ابھی گزشتہ ماہ ایک اللہ والے سے دم کروایا اور انہوں نے اسے آنے سے منع کیا مگر وہ پھر بھی منع نہ ہوئی تو انہوں نے ہمیں ایک تعویذ دیا جو بہنوئی نے گلے میں پہن لیا۔ اسی وقت حاضر ہوئی اور کہنے لگی: میں آئندہ سے نہیں آؤں گی، نہ شادی کی خواہش کا اظہار کروں گی اور نہ ہی ان کے ساتھ ان کے گھر جاؤنگی بس مجھے ان کو دیکھنے کی اجازت دی جائے تنگ نہیں کروں گی، اب جب بھی بھائی آتے ہیں تو وہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کو کوئی دیکھ رہا ہے۔

جہنم کے پل کے آٹھ درجات

ک۔ا، لاہور

جہنم کے پل کے آٹھ درجات ہیں۔ اوّل درجہ میں بنوہ سے ایمان باللہ کے متعلق سوال کیا جائے گا۔ ایماندار ہوا تو باغات پا جائے گا، ورنہ دوزخ میں گر پڑے گا۔ دوسرے درجہ میں وضو اور نماز کے متعلق پوچھا جائے گا۔ اگر بندہ نے کوئی کوتاہی کی ہوگی تو آگ میں گر پڑے گا اگر وضو اور رکوع اور سجود کی تکمیل کی ہوگی تو نجات پا جائے گا۔ تیسرے درجہ میں زکوٰۃ کی بابت سوال ہوگا اگر ادا کی تو بچ جائے گا۔ چوتھے درجہ میں پہنچ کر روزہ کے متعلق پوچھ ہوگی اگر تکمیل صیام کی ہوگی تو نجات مل جائے گی۔ پانچویں درجہ میں حج وعمرہ کی بابت پوچھا جائے گا اگر دونوں ادا کیے ہوں گے تو (دوزخ سے) بچ جائے گا۔ چھٹے درجے میں امانت کے متعلق پوچھ گچھ ہوگی۔ امانت میں خیانت نہ کرنے والا نجات پا جائے گا۔ ساتویں درجہ میں غیبت، چغلی اور تہمت تراشی کی بابت سوال ہوگا۔ غیبت نہ کرنے والا (دوزخ سے) محفوظ رہے گا۔ آٹھویں درجہ میں حرام مال کھانے کا سوال ہوگا۔ حرام مال نہیں کھایا ہوگا تو رہائی مل جائے گی ورنہ دوزخ میں گر جائے گا۔ (بحوالہ غنیۃ الطالبین، صفحہ نمبر 359، از سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

میری ڈیوٹی ہے آپ کے گھر کسی کی شادی نہ ہونے دوں

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جنات کے حوالے سے بہت پریشان ہوں، انہوں نے تنگ کیا ہوا ہے، رات کو سوتے ہیں تو صحن میں کبھی پتھر آتے ہیں، کبھی شیشہ ٹوٹا ہوا ملتا ہے، ایک روز تو عجب واقعہ ہوا، صبح سویرے گلی میں بڑا شور ہوا، ایسا لگا کہ گلی میں بہت سارے لوگ لڑ رہے ہیں، ان کی زبان بھی نجانے کون سی تھی، ان کے بولنے کا طریقہ پشتو سے ملتا جلتا تھا، میں جلدی سے اٹھ کر گیا یہ گلی میں کیا ہوگیا؟ دیکھا تو میں حیران رہ گیا کہ وہاں تو کوئی نہیں تھا۔ مگر آوازیں پھر بھی آرہی تھیں، میں نے سر اٹھا کر اوپر دیکھا تو دو بلے ایک پیلے رنگ کا اور ایک کالے رنگ کا تھا آپس میں لڑ رہے تھے، اتنے بڑے بلے میں نے پہلی مرتبہ دیکھے تھے اور اس سے بھی عجیب بات کہ وہ پشتو سے ملتی جلتی زبان بول رہے تھے، میں بہت حیران اور پریشان ہوا کہ یہ سب کیا ہے؟ تھوڑی ہی دیر کے بعد بلے بھی چلے گئے اور ہر طرف سکوت طاری ہوگیا۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ مجھے کسی نے بتایا کہ آپ کی بیٹی پر سایہ ہے۔ پھر بیٹی نے جس پر سایہ ہے نے سورۂ مزمل پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ جو رکاوٹ ہے وہ میرے سامنے آجائے، پھر یہ جن ظاہر ہوا، پھر ہم اسے ایک اللہ والے کے پاس لے گئے، انہوں نے اسے حاضر کیا تو ظاہر ہوگیا، اس جن نے بتایا کہ میں آپ کی بچی پر اس دن سے ہوں جب یہ تین سال کی تھی، اس پر آپ کے جاننے والوں نے جادو کے ذریعے ہمیں مسلط کیا ہے۔ میری ڈیوٹی ہے کہ آپ کو پریشان کروں، آپ کی خوشیوں کو برباد کروں، آپ کے کسی بیٹے، بیٹی کی شادی نہ ہونے دوں، آپ کو شدید نقصان پہنچاؤں۔ میں یہ سب کام کررہا ہوں۔ چھ مرتبہ عامل حضرات نے اس کو مسلمان کیا، جاتا ہے مگر پھر آجاتا ہے۔

والد نے وفات کے بعد مشکلات توڑ وظیفہ بتایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین۔ عبقری رسالہ تمام گھر والے بہت ذوق وشوق سے پڑھتے ہیں۔ لوگوں کو وظائف بھی بتاتے ہیں۔ ہمارے ایک جاننے والے ہیں انہوں نے ایک حیران کن بات بتائی کہ والد کی وفات کے بعد ان پر مشکلات کے پہاڑ ٹوٹ پڑے جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان تھے، ایک دن رات کو سوئے تو والد مرحوم خواب میں آگئے، انہوں نے اپنے بیٹے کو تسلی دی اور کہا تم حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا وظیفہ کرو، تمہاری ساری مشکلات ختم ہوجائیں گی۔ بیٹا تم کثرت سے یہ وظیفہ پڑھو اور ہاں اول وآخر درود شریف لازماً پڑھیں۔ لہٰذا عبقری کے قارئین کے لیے یہ ایک تحفہ ہے۔ (ب، بھکر)

ہیپاٹائٹس نجات شیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا موثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پا چکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے، خون بڑھائے، چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320، چھوٹی 120 روپے میں)

دادا جان کی بددعا نے حج کروا دیا

پ۔ جھنگ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے پڑوس میں ایک خاندان آباد ہے' بہت کھاتا پیتا گھرانہ ہے' وسیع کاروبار ہے' ماشاء اللہ۔ میرا بچپن تھا کہ انہوں نے اپنے ایک بزرگ کو حج کروانے کیلئے بڑے چاؤ سے بھیجا' خوب اہتمام کے ساتھ دیگیں وغیرہ چڑھائیں گئیں، ان بزرگ کو پھولوں سے لاد کر ائیر پورٹ تک پانچ سے چھ بسیں چھوڑنے گئیں' ڈھیروں مہمان بلائے گئے' ان کی بھی خوب آؤ بھگت ہوئی' پورے محلے میں میلے کا سماں تھا' بزرگ بھی اتنی شاندار روانگی پر پھولے نہیں سما رہے تھے۔

وہ بیچارے پہلی مرتبہ ایسے سفر پر جا رہے تھے' گاؤں کے سیدھے سادھے دیہاتی تھے' بس کبھی مسجد میں جا کر نماز پڑھ لی تو ٹھیک ورنہ صرف جمعہ کی نماز ہی ادا کرتے' اب جب یہ حج کیلئے روانہ ہوئے' وہاں جب بھاگ دوڑ' عبادات اور دیگر سفر کی مشکلات پیش آئیں تو یہ پریشان ہو گئے اور اپنے بچوں کو کوسنا شروع کر دیا کہ انہوں نے جان بوجھ کر مجھے یہاں تھکانے کیلئے بھیجا ہے' حرم شریف میں زمین پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ گئے اور ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا شروع ہو گئے کہ اے اللہ! جس طرح انہوں نے مجھے یہاں بھیجا ہے تو ان کو اور ان کی نسلوں کو ہر سال حج پر یہاں بلا انہیں بھی پتہ چلے یہاں بندہ کو کتنی مشکلات پیش آتی ہیں' جس طرح میں یہاں تھکا ہارا بیٹھا ہوں یہ بھی ایسے ہی تھکیں۔ بس نامعلوم اس وقت کونسی قبولیت کی گھڑی تھی' باباجی کی دعا فوراً قبول ہوئی' باباجی تو واپس آ گئے اور آ کر اپنے بچوں کو کوسا بھی اور بتایا بھی کہ میں تو تم سب کیلئے (نعوذ باللہ) بددعا بھی کر آیا ہوں کہ رب تم کو بھی بلائے اور تمہیں بھی پتہ چلے۔ قارئین! کچھ عرصہ بعد وہ باباجی دنیا سے رخصت ہو گئے۔ مگر ان کی دعا (جسے وہ بددعا کہتے ہیں) قبول ہوئی اور دو نسلیں تو میں دیکھ رہا ہوں کہ متواتر حج پر جا رہے ہیں' وہ خود کہتے ہیں کہ ہمیں باباجی کی (نعوذ باللہ) بددعا ہے اور بڑے خوش ہوتے ہیں کہ اللہ کا شکر ہے کہ ہمارے دادا جان نے ہمارے لیے ایسی بددعا کی ہے۔ ان کے گھر کا بچہ بچہ آج حج کر چکا ہے اور ہر سال ان کے گھر کا کوئی نہ کوئی فرد حج پر ضرور جاتا ہے۔ ہمارے علاقہ میں سب سے زیادہ حجاج اسی خاندان سے ہیں۔

کل بیٹے نے باپ کو پتھر مارے آج خود کھا رہا

ایک دوسرا واقعہ بھی قارئین عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں۔ ہمارے محلے میں ایک گھر ہے جس میں بوڑھے ماں باپ اور ان کے پانچ بچے رہتے' دو بیٹیاں اور تین بیٹے' تمام بچوں کی شادیاں ہمارے سامنے ہوئیں' ایک بیٹا شادی کے بعد علیحدہ ہو گیا اور ایک اپنے والدین کے ساتھ رہنا شروع ہو گیا' شادی کے بعد گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے' پہلے ساس اور بہو کا جھگڑا ہوتا کچھ عرصہ کے بعد بیٹے اور ماں کے جھگڑے شروع ہو گئے' محلے کے بڑے بوڑھوں نے دو سے تین مرتبہ بیٹے کو سمجھایا کہ بیوی کے پیچھے لگ کر ماں کے ساتھ نہ بولا کر' ان دونوں کے معاملات ان دونوں پر چھوڑ تم دونوں کے ساتھ برابری کا سلوک رکھا کرو' بیوی کی بات پر یقین کر کے ماں کے ساتھ بدتمیزی نہ کیا کر' اگر فرض کرو تمہاری ماں کسی معاملے میں غلط بھی ہے تو تم پھر بھی ان کی عزت' احترام اور ادب کرنا ہرگز نہ چھوڑو۔ یہ باتیں سن کر کچھ دنوں کیلئے بیٹا خاموش ہو جاتا مگر چند ہفتوں کے بعد اس گھر سے وہی آوازیں' گالی گلوچ' مار کٹائی شروع ہو گئی۔ آہستہ آہستہ محلے داروں نے سمجھانا بھی چھوڑ دیا۔ ایک دن تو حد ہو گئی' بیٹے اور ماں کی لڑائی ہوئی' باپ بھی اس دن گھر پر تھا' باپ بھی بیٹے پر برس پڑا' باپ کے ڈانٹنے پر بیٹا طیش میں آیا اور باپ کو گریبان سے پکڑ کر گلی میں کھینچ لایا اور زمین پر پٹخ دیا' باپ اٹھا اور قریب پڑے پتھر باپ کو مارنا شروع ہو گیا' باپ کا سر پھٹ گیا تو محلے بھر نے یہ منظر دیکھا' چند جوان بھاگ کر آگے گئے اور اس کے بیٹے کو پکڑ سائیڈ پر لے گئے۔

20 سال بعد وہی منظر پھر دیکھ لیا

بات آئی گئی ہو گئی' کچھ عرصہ کے بعد والدہ فوت ہوئی' پھر والد بھی چل بسا۔ لوگ بھول گئے۔ مگر وہ منظر ٹھیک 20 سال بعد سب نے پھر دیکھا۔ وہی بیٹا اب باپ کے روپ میں گلی میں گرا ہوا تھا اور بیٹا اس کے پیٹ میں ٹانگیں مار رہا تھا' باپ اٹھ کر بھاگا تو بیٹے نے گلی میں پڑے پتھر باپ کو مارے اور باپ کا سر پھٹ گیا۔ یہ منظر میرے بچپن اور جوانی کا ہے' جو مجھے پھر سے یاد آ گیا۔ وہ خواتین و حضرات پہلے یہ منظر دیکھ چکے تھے سب کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ وہ بدبخت بیٹا جو اب باپ کے روپ میں بیٹھا آہ و بکا کر رہا تھا اور اس کا بیٹا دروازے کے پاس کھڑا ہو کر باپ کو گالیاں نکال رہا تھا۔ لوگوں نے زمین سے اس شخص کو اٹھایا اور ہسپتال لے گئے اور میں بھی دوسرے لوگوں کی طرح استغفار پڑھتا ہوا ظہر کی نماز پڑھنے مسجد کی طرف روانہ ہو گیا۔

یتیم کی زمین پر قبضہ کیا نسلیں معذور ہونا شروع

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ واقعہ مجھے ہمارے ایک بزرگ نے سنایا جو کہ معالج ہیں۔ آیئے انہی سے سنتے ہیں۔ جن دنوں میں کلینک کرتا تھا' ایک خاتون میرے پاس آئیں' کہنے لگیں: کچھ عرصہ پہلے تک میرے شوہر بالکل ٹھیک تھے' اب اچانک ان کا نچلا دھڑ معذور ہو گیا اور وہ ٹانگوں سے وہیل چیئر پر آ گئے۔ میرا بیٹا بالکل تندرست اور کرکٹ کا بہترین کھلاڑی تھا' اس کی ایک ٹانگ کام کرنا چھوڑ گئی ہے' میں چونک پڑا' عینک میز پر رکھتے ہوئے پوچھا یہ بیماری نہیں مجھے وجہ کچھ اور معلوم ہوتی ہے؟ میرے پوچھنے پر وہ خاتون پلو سے آنسو پونچھتے ہوئے بولی کہ اس بچے کے دادا نے یتیم کی رقبے پر قبضہ کر رکھا ہے' جب سے وہ قبضہ کیا ہے پہلے میرے شوہر معذور ہو گئے اور اب یہ بچہ ہو رہا ہے۔ میں نے کہا کہ آپ انہیں منع کر دیں۔ میری بات سن کر پھوٹ پھوٹ کر رو پڑیں اور کہنے لگیں: میں کچھ کہتی ہوں تو مجھے مارنے کو دوڑتے ہیں' چلاتے ہیں کہ ''یہ اب مجھے سمجھائے گی کہ میں نے کیا کرنا ہے اور کیا نہیں؟'' یہ کہہ کر وہ اٹھ کر چلی گئیں اور میں کرسی کے ساتھ ٹیک لگا کر آسمان کی طرف دیکھنا شروع ہو گیا۔ (ط۔ لاہور)

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آ رہا ہو مثلاً زخمی ہو جانا' پیچش میں خون آ رہا ہو' نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔
لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

انوکھی بیماری کیلئے لاجواب نسخہ	کمزور مرد و خواتین کیلئے انوکھا شیک	لاعلاج بیٹے کیلئے آزمودہ عمل
بالوں کا سفید ہونا اور سستی	جادو، بے اولادی اور طلاق	چہرہ اور جسم کو گورا کرنا چاہتا ہوں

قارئین! زیرِ نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

فروری کے جوابات

1۔ محترمہ میں نے آپ کا سوال فروری کے شمارہ میں پڑھا۔ میں ایک حکیم ہوں اور اپنے شہر میں عبقری دواخانہ کی ادویات سیل کرتا ہوں۔ آپ عبقری دواخانہ کی معجون شفاء یابی، معذور شفاء ٹانک اور ستر شفائیں ان کے بروشرز پر لکھے گئی ترکیب استعمال پر عمل کرتے ہوئے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کے ہی تین سفوف ''ٹھنڈی مراد، جوہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی'' لے کر ان تینوں کو کسی بڑے جار میں مکس کر لیں اور صبح دوپہر شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے چائے والا پورا چمچ پانی کے ساتھ کھائیں۔ چند ہفتے یہ ادویات مستقل مزاجی سے کھائیں ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ (حکیم عمر، گوجرانوالہ)

2۔ آپ کیلئے ایک مزید ارشیک کا حاضر ہے۔ اسے پئیں ان شاء اللہ آپ کی کمزوری دور ہو جائے گی۔ ھوالشافی: سات کھجوریں رات کو پانی میں بھگو دیں صبح گٹھلی نکال کر ایک گلاس دودھ میں ڈال کر ملک شیک بنا لیں اور گھونٹ گھونٹ پی لیں۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے بعد ناشتہ کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''ہارمونز شفا'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ (ام کاشف، ملتان)

3۔ بہن اپنے بیٹے کی بیماری کیلئے میرا آزمودہ وظیفہ ضرور کیجئے۔ ان شاء اللہ اس عمل سے آپ کا بیٹا بھی تندرست ہو جائے گا۔ آپ اور تمام گھر والے بیٹے کا سخت تصور کرتے ہوئے سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں ختم لَایُنْصَرُوْنَ پڑھیں۔ اس کا ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ سات سوا لاکھ مکمل کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا بیٹا بالکل تندرست ہو جائے گا۔ (ریحانہ بشیر، قصور)

4۔ آپ تمام گھر والے اسبتم اور اذان والا عمل کر کے بچے کو دم کریں۔ عمل کا طریقہ: سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر دن میں پانچ سے سات مرتبہ بچے کے دونوں کندھوں پر دم کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن اور فلنس فولاد ٹانک استعمال کروائیں۔ (دانش کریم، لاہور)

مارچ کے سوالات

1۔ قارئین! میری یادداشت بہت کمزور ہے، میرے سر، ڈاڑھی اور سینے کے بال بہت جلد سفید ہو رہے ہیں، میں پورا دن سستی محسوس کرتا ہوں، حالانکہ رات کو نیند پوری لیتا ہوں۔ مجھے اس کا کوئی حل بتائیں۔ (ماجد، لاہور)

2۔ قارئین السلام علیکم! میں اپنی اہلیہ کا مسئلہ لیکر حاضر ہوا ہوں، الحمدللہ! وہ امید سے ہے، تیسرا مہینہ شروع ہے، اس کیلئے کوئی عمل بتائیے، ڈیلیوری میں آسانی ہو اور نارمل ڈیلیوری ہو، گزشتہ ڈیلیوری پر بھی آپریشن کروانا پڑا تھا، اس کے علاوہ اسے پیشاب کی حاجت بار بار ہوتی ہے۔ کوئی ٹوٹکہ، نسخہ یا دوا تجویز فرما دیں۔ (پوشیدہ)

3۔ محترم قارئین! السلام علیکم! آپ کی خدمت میں پہلی مرتبہ گوش گزار ہوں، ہر طرف سے مایوس ہو کر ایک امید کی کرن لیے آپ کے سامنے اپنا مسئلہ دکھ لکھ رہا ہوں۔ قارئین! میری عمر 36 سال ہے، شادی کو سات سال ہو چکے مگر اولاد کی نعمت سے ابھی تک محروم ہوں، بیوی کی تمام ٹیسٹ رپورٹس بالکل کلیئر ہیں مگر میرے جراثیم کم ہیں اور ایکٹو نہیں ہیں۔ سات سال کے عرصہ میں ہر اچھے معالج سے علاج کروا کر اکر تھک چکا ہوں۔ دوا جیسے اندر جا کر اثر ہی نہیں کرتی۔ روحانی بہت سی جگہوں سے حساب کروایا ہر جگہ سے یہی بتاتے ہیں کہ آپ کی بندش کروائی ہوئی ہے، جادو ہے۔ اسی طرح میرے چھوٹے بھائی کی شادی کو تین سال ہو گئے، اس کے ہاں بھی اولاد نہیں، اسی طرح بہن کی شادی ہوئی اس کو دو سال بعد طلاق ہو گئی، والدین سخت پریشان ہیں، خدارا مجھے کوئی وظیفہ، عمل، نقش وغیرہ کچھ بتائیں تاکہ ہمارا گھر ان مصائب سے نکل سکے۔ (م۔ب، جگہ نامعلوم)

4۔ محترم قارئین السلام علیکم! میری عمر 18 سال ہے، میرا رنگ سیاہ ہے، چہرے پر دانے اور داغ دھبے وغیرہ ہیں، مجھے چہرہ اور جسم کو جلد گورا کرنے کے لیے آسان قدرتی نسخہ بتا دیجئے یعنی ایسا قدرتی طریقہ بتا دیجئے جس سے نہ صرف چہرہ بلکہ پورا جسم گورا اور خوبصورت ہو جائے۔ شکریہ (بلال، سیالکوٹ)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن کی طرف قاضی بنا کر بھیجا۔ میں عرض گزار ہوا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے بھیج رہے ہیں جبکہ میں نوعمر ہوں اور فیصلہ کرنے کا بھی مجھے علم نہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ عنقریب تمہارے دل کو ہدایت عطا کر دے گا اور تمہاری زبان اس پر قائم کر دے گا جب بھی فریقین تمہارے سامنے بیٹھ جائیں تو جلدی سے فیصلہ نہ کرنا جب تک دوسرے کی بات نہ سن لو جیسے تم نے پہلے کی سنی تھی۔ یہ طریقہ کار تمہارے لیے فیصلہ کو واضح کر دے گا۔ آپ بیان کرتے ہیں کہ اس دعا کے بعد میں کبھی بھی فیصلہ کرنے میں شک میں نہیں پڑا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ، نسائی)

حضرت ابواسحاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے اہل مدینہ میں سب سے زیادہ اچھا فیصلہ فرمانے والا علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ (امام حاکم)

گردے کی ہر تکلیف سے نجات! لاتعداد کا آزمودہ انڈیا میں مشہور ہندو حکیم کا کاروبار اسی نسخہ سے چل رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سالے کو گردے کی تکلیف تھی، میں نے اس کو دوائی بتائی اللہ نے اس کو شفاء دی، نسخہ یہ ہے ھوالشافی: بیج مکو 50 گرام، بیج کاسنی 50 گرام، بیج خربوزہ 50 گرام، بیج دانہ 50 گرام، تمام اشیاء کو مکس کر لیں اور ایک بڑا چمچ رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں، صبح نہار منہ چاروں چیزوں کو اسی میں پانی رگڑیں اور پی لیں۔ دس خوراک بنیں گی، دسویں دن ان شاء اللہ آپ شفاء یاب ہونگے۔ ایک مہینے کا کورس مکمل کرنا ہے۔ یہ دوائی مجھے ایک دوست نے بتائی تھی، اس کو انڈیا کے ایک ہندو نے بتایا کہ اس کا آزمودہ ہے۔ اس نے بتایا عرصہ سے میرا روزگار اسی نسخہ کی وجہ سے چل رہا ہے، گردے کی کوئی تکلیف ہو یہ کافی ہے۔ میرا دوست انڈیا میں اپنے رشتہ داروں کو ملنے گیا تھا، ان کے پڑوس میں یہ حکیم رہتا ہے۔ (محمد طفیل، حیدرآباد)

اکسیر البدن کامیاب بچپن، لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم، پچکے گال، آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ، ہوا متحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

زندگی سے مایوس افراد ضرور پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں۔ اس رسالے نے مجھے نئی زندگی سے نوازا ہے' آج میں چاہتا ہوں کہ میری داستان عبقری رسالہ میں چھاپی جائے تاکہ میرے جیسے بے شمار ایسے نوجوان جو زندگی سے مایوس ہو چکے تھے انہیں نئی زندگی مل سکے۔ میری داستان کچھ یوں ہے کہ:۔

میں نے خود کو برباد کرنے فیصلہ کرلیا

میں نے جیسے ہی لڑکپن میں قدم رکھا میرا سامنا ایسے دوستوں اور سوسائٹی سے ہوا جو انتہائی غلط تھے۔ میں بھی ان کے رنگ میں رنگ گیا اور خود کو برباد کرنا شروع کر دیا۔ قارئین آپ پڑھ کر حیران ہوں گے کہ ابھی میں آٹھویں کلاس میں تھا جب ایسی سوسائٹی میں خود کو مکمل ڈھال چکا تھا۔ لوگ مجھے بچہ سمجھتے تھے مگر میں گناہوں کی دلدل میں دھنسا ہوا تھا۔ خود کو خود ہی برباد کر بیٹھا تھا۔ اب کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہا تھا اور نہ ہی کسی سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر سکتا تھا۔ میٹرک کے دو سالوں میں' میں نے اپنے آپ کو بہت برباد کیا۔ میٹرک میں میرے نمبر تو اچھے آئے لیکن پھر بھی میں پریشان اور بے چین تھا۔ اب میری زندگی کا دوسرا دور شروع ہوا میں نے اشتہاری حکیموں کی طرف رخ کیا اور دوسری طرف برے کاموں میں دن رات مگن تھا جو میرے پیچھے پڑے ہوئے تھے جن سے لاکھ جان چھڑانا چاہتا مگر چھڑا نہ پاتا۔ پھر جب میں کالج میں گیا تو مجھے احساس ہوا کہ میں نے جانے انجانے میں بہت کچھ کھو دیا ہے۔ کالج میں جب ہنستے کھیلتے نوجوانوں کو اچھل کود کرتے دیکھتا' ان کے چہروں کے لالی پر نظر جاتی' آنکھوں کی چمک مجھے کھا جاتی' خود ملامت کرتا' کبھی میں بھی ایسا تھا' کالج کے شروع دن سے ہی میں

ویران جوانی مایوس زندگی کی شکار نوجوان نسل کیلئے

نے اپنی صحت کیلئے دوڑ دھوپ کرنا شروع کر دی' مختلف ٹوٹکے بناتا' نسخہ جات خود ہی بناتا' خوراک بہت بہتر کر دی' مگر بُرے کام نہ چھوٹے نہ چھوڑ سکا' اس کا نقصان یہ ہوا کہ صحت بننا تو دور مزید بگڑنا شروع ہو گئی۔ اس دوران میں نے بہت کوشش کی بہت سے حکیموں سے ادویات لیں لیکن کچھ دن کے بعد وہی حال ہوتا۔ میرا رنگ پیلا' آنکھیں پیلی' ہاتھوں کی ہتھیلیاں اور پاؤں کی تلیاں زرد' چہرہ ہڈیوں کا ڈھانچہ' آنکھیں اندر کو دھنس گئیں' حافظہ انتہائی کمزور ہو گیا۔ ابھی ان مصائب کو جھیل ہی رہا تھا کہ مجھے پوشیدہ امراض نے آگھیرا' اب تو میری زندگی میں بالکل ہی اندھیرا ہو گیا۔ احساس کمتری کا شکار' سب سے جدا' نہ ہنسی' نہ مذاق' نہ کھیل کود' بس حیرانی سے بیٹھا کالج میں لڑکوں کو ہنستا کھیلتا دیکھتا اور چپ کر کے گھر آ جاتا۔

حسرت تھی کسی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کروں

میں نے کبھی بھی اپنی پریشانی کے بارے میں کسی کو کچھ نہیں بتایا تھا' دل ہی دل میں روتا تھا کہ میں نے اپنے ساتھ کیا کر دیا اب شاید میں کبھی ٹھیک نہ ہو سکوں۔ قارئین! یقین کیجئے میری ٹانگیں بالکل پتلی ہو گئیں اور مجھے واضح ان میں ٹیڑھا پن نظر آنا شروع ہو گیا۔ بس اب رب کریم کے آگے سجدہ ریز ہو کر روتا' یا اللہ تو رحیم ہے تو کریم ہے اور مجھ پر بھی کرم فرما اور مجھے سب کچھ واپس لوٹا دے' کبھی میں سوچا کرتا تھا کہ میرے پاس کوئی ایسا جادو آ جائے کہ جس سے میں بالکل ٹھیک ہو جاؤں اور عام جوانوں کی طرح اپنی جوانی دیکھوں اور لوگوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر سکوں۔ میرے اللہ پاک نے میری فریاد کو قبول کیا اور مجھے عبقری سے ملا دیا۔ بہت عرصہ پہلے عبقری سے تعارف ہوا تھا لیکن اتنا پتا نہیں تھا کہ یہ کیا چیز ہے۔ میں نے عبقری رسالہ کالج کے باہر بک ڈپو سے خریدا اور پڑھا اور مجھے بہت اچھا لگا۔ اس میں موجود تحریروں نے مجھے جینے کا سلیقہ سکھایا اور خاص طور پر درس روحانیت و امن کے سلسلہ سے مجھے اپنے گناہوں کا معلوم ہوا' رو رو کر رب کریم سے توبہ کی۔ ماہنامہ عبقری میں عبقری دواخانہ کی ادویات کے متعلق پڑھا میں نے دیکھا کہ اتنی سستی ادویات ہیں' یہ بات میں نے اس لیے لکھی کہ کیونکہ میں گزشتہ چند سالوں سے مختلف حکماء حضرات سے ادویات لے کر کھا رہا تھا اور مجھے ان کی قیمتوں کا بخوبی اندازہ تھا' جب میں نے عبقری دواخانہ کی ادویات کی قیمتیں دیکھیں تو مجھے ان کے مقابلے میں کافی سستی معلوم ہوئیں۔

جوانی کی بہاریں لوٹ آئیں

میں نے کچھ ہی دنوں میں اپنے شہر کی ایجنسی سے چند ادویات منگوائیں' اس کے بعد میں کافی عرصہ مختلف ادویات استعمال کرتا رہا جن میں عبقری دواخانہ کی ''نوجوان شفاء، اکسیر البدن، جوانی گولیاں اور قوتی گولیاں شامل ہیں۔

چند ہفتوں میں ہی مجھے بھوک لگنا شروع ہو گئی' میرے ہاضمہ کے مسائل ٹھیک ہوئے' کھانا ہضم ہونا شروع اور جزو بدن بننے لگا' پہلے کچھ بھی کھانے کو دل نہ چاہتا تھا' دل کی دھڑکن تیز رہتی تھی مگر ان ادویات کے استعمال کے بعد میں سارا دن پھل کھاتا' دودھ خوب پیتا' پہلے دودھ ہضم نہ ہوتا تھا' چند دنوں میں ہی چہرے کی لالی لوٹ آئی' آنکھوں میں چمک اتر آئی' دل گھبراتا مگر اب ایسی کوئی بات نہیں تھی' چند سیڑھیاں چڑھ کر سانس اکھڑ جاتا تھا مگر اب میں روزانہ نماز فجر کے بعد سیر کرتا ہوں' دو سے اڑھائی کلومیٹر تک تیز چلتا ہوں اور کبھی ہلکا ہلکا بھاگتا ہوں' سانس بالکل درست رہتی ہے۔ آج میں دوبارہ جوانی کی بہاریں پا رہا ہوں' میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ میں شادی جیسا فریضہ بھی سرانجام دے سکوں گا مگر اب میں رب کریم کا شکر ادا کرتے ہوئے عاجزی سے لکھ رہا ہوں کہ میں سو فیصد اس قابل ہوں۔ اب میں دیگر نوجوانوں سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پراعتماد طریقے سے بات کرتا ہوں' میرے اندر کوئی جھجک' شرمساری اور احساس کمتری نہیں۔ قارئین آپ پڑھ کر حیران ہوں گے میں نے عبقری ادویات صرف چار ماہ ہی استعمال کی ہیں۔ میری ان جوانوں سے گزارش ہے جو منہ چھپاتے پھر رہے ہیں وہ عبقری ادویات کا استعمال کریں انشاء اللہ وہ بھی چمک جائیں گے۔

(مہر عبداللہ، ٹوبہ)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
• خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف -/1201 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

گلٹیاں اور جسمانی الرجی! 7 سود خوروں کا نام لیں، تھوکیں، مرض ختم

ثریا سلطانہ، راولپنڈی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہی ہوں' عبقری رسالہ میں ''روحانی عطر'' کے متعلق پڑھا' اس کے فوائد پڑھے تو فوراً بذریعہ وی پی منگوالیا' کچھ عرصہ سے روزانہ لگا رہی تھی' اس کو گھر میں لگانے سے مجھے عجب روحانی سکون ملنا شروع ہوگیا' ایک خاص فائدہ جو مجھے اور جس نے مجھے بھی حیران کردیا وہ یہ تھا کہ میری گردن میں گزشتہ ایک سال سے گلٹیاں تھیں' میں بہت تکلیف میں تھی' بہت اسپیشلسٹ ڈاکٹروں سے علاج کروایا' مہنگی مہنگی ادویات استعمال کیں' انجکشن لگوائے مگر کوئی خاص فرق نہ پڑتا تھا' مگر جب سے عبقری کا اسم اعظم کا دم شدہ روحانی عطر لگانا شروع کیا میں حیران رہ گئی کہ چند دنوں کے بعد ہی گلٹیوں میں درد کم ہونا شروع ہوگیا اور کچھ عرصہ کے بعد مجھے محسوس ہوا کہ گلٹیاں دن بدن چھوٹی ہورہی ہیں' میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا کہ اگر سات سود خوروں کا نام لے کر تھوک کر وہ تھوک زخم' ناسور یا کسی بھی قسم کی گلٹی پر لگایا جائے تو حیران کن طور پر وہ ٹھیک ہوجاتی ہے۔ میں نے مزید توجہ اور دھیان سے روحانی عطر ان گلٹیوں پر بھی لگانا شروع کردیا اور سود خوروں والا عمل بھی شروع کردیا۔ یقین کیجئے! وہ گلٹیاں بالکل ختم ہوگئیں ہیں۔ اس کے علاوہ میرے جسم پر بہت زیادہ الرجی تھی میں نے وہی سود خوروں والا عمل اور روحانی عطر لگایا' میرے جسم پر موجود ساری الرجی ختم ہوگئی' قارئین! جو الرجی جو عرصہ دراز سے مہنگے علاج کے باوجود نہ جارہی تھی وہ روحانی عطر اور سود خوروں کے نام کا تھوک لگانے سے الرجی بھی ختم ہوگئی۔ (عشرت، بدین)

لاعلاج مریضہ 14 بوتلوں سے شفاء یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اجرئے عظیم عطا فرمائے آمین۔ عبقری دواخانہ اور عبقری رسالہ سے تعارف کچھ زیادہ پرانا نہیں' الحمدللہ! جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے' جینے کا سلیقہ آگیا ہے' عبقری اب ہمارے گھر کی ضرورت بن چکا ہے' ہم تمام گھر والے ضرور پڑھتے ہیں' عبقری سے تعارف کچھ اس طرح ہوا کہ میں کافی عرصہ سے مختلف بیماریوں میں مبتلا تھی' آئے دن نیا ڈاکٹر' نیا ہسپتال اور نئے میڈیکل سٹور سے ادویات کے شاپر بھر بھر کرلاتی اور سارا دن پھانکتی رہتی مگر صحت پھر بھی نہ ملتی' اتنی گرم ادویات کھا کھا کر جگر کا مسئلہ بھی ہوگیا اور ٹیسٹ کروانے پر معلوم ہوا کہ ڈاکٹروں نے مجھے ہیپاٹائٹس سی کہا ہے۔ میں مزید پریشان ہوگئی۔ ایک دن پریشانی کی حالت میں صحن میں بیٹھی تھی کہ میری ہمسائی جو کہ میری بہت اچھی دوست بھی ہے آگئی اور حال احوال پوچھا۔ میں نے بتایا کہ اب تو مجھے کالا یرقان بھی ہوگیا ہے' صحت ہے کہ کسی صورت نہیں مل رہی' میری ہمسائی نے پریشانی کے عالم میں میرے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کہا کہ میں تو مجھے بڑے عرصہ سے کہہ رہی ہوں کہ عبقری دواخانہ سے ایک مرتبہ چیک اپ کروالو ہوسکتا ہے کہ تمہیں کوئی ساتھ روحانی مسئلہ بھی ہو۔ میری یہ ہمسائی عبقری دواخانہ لاہور اور تسبیح خانہ میں درس سننے اکثر جاتی رہتی ہیں اور مجھے بھی کئی بار کہا مگر میں ہر بار سن لیتی مگر جانے کو تیار نہ ہوتی۔ اس مرتبہ اس نے مجھے بتایا کہ میرے پاس حضرت حکیم صاحب کے پاس ملاقات کا ٹوکن بھی ہے اور آپ اس ٹوکن پر حکیم صاحب کو چیک کروالو' میں بیماری کے ہاتھوں شدید تنگ تھی' میں ٹوکن کو نئی زندگی سمجھ کر پکڑلیا اور مقررہ تاریخ پر لاہور روانہ ہوگئی۔ لاہور کلینک میں آکر حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کی' انہوں نے تسلی سے میری بات سنی اور مجھے عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' 14 بوتلیں پینے اور اس کے ساتھ جوہر شفاء مدینہ اور ستر شفائیں' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ادویات کا مسلسل استعمال کیا اور آج میں بالکل ٹھیک ہوں۔

ٹانگوں میں شدید درد جو کسی دوا سے نہ گیا! مالش سے ختم

امراض قلب میں عبقری کی شفائیہ ادویات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً ایک سال سے عبقری کی قاری ہوں' بہت اچھا رسالہ ہے اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ادویات بہت فائدہ مند ہیں۔ میری والدہ کو دل کا مسئلہ تھا' ان کی آپ سے احمد پور شرقیہ میں اچانک ملاقات ہوئی تو آپ نے ان کے لیے عبقری دواخانہ کی ہاضم خاص، اکسیر البدن اور ٹھنڈی مراد تجویز کی تھی' ان ادویات کے مسلسل استعمال سے میری والدہ کی طبیعت پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے' ادویات کا استعمال ابھی بھی جاری ہے۔ (نادیہ ناصر، ڈیرہ غازی خان)

کراماتی تیل سے درد سے کراہتی بیٹی تندرست

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کا گزشتہ دو سال سے قاری ہوں' اس رسالہ سے ہمیں بہت فائدہ ہورہا ہے۔ اس کا اجر اللہ کریم آپ کو ضرور دے گا۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ادویات بھی لاجواب ہیں۔ ہم نے آج تک جس بھی دوائی کو آزمایا ہے اسے لاجواب پایا ہے۔ میری بیٹی کی ٹانگوں میں اکثر درد رہتا تھا اٹھتے بیٹھتے بس ہائے ہائے کرتی تھی' اس کے علاوہ رات کو سوتے وقت تو بلک بلک کر رونا شروع کردیتی تھی' پین کلر دینے سے سوجاتی اگر کسی رات پین کلر نہ دی جاتی تو ساری رات تڑپ تڑپ کر گزارتی' کافی ڈاکٹروں سے چیک اپ کروایا پر وقتی طور پر آرام آجاتا تھا لیکن چند دن کے بعد ہی دوبارہ ٹانگوں میں درد شروع ہوجاتا۔ میں نے عبقری رسالہ میں ''کراماتی تیل'' کے متعلق پڑھا۔ اسی دن بذریعہ ڈاک عبقری دواخانہ لاہور فون کرکے منگوایا۔ اپنی اہلیہ کو دیا جو روزانہ صبح وشام بیٹی کی ٹانگوں پر اس تیل سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق ہی مالش کرتی۔ چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کرتے رہے' فرق تو پہلے دن ہی پڑنا شروع ہوگیا تھا الحمدللہ! آج میری بیٹی بالکل تندرست ہے' سارا دن بھاگ دوڑ کرنے کے باوجود ٹانگوں میں نہ دن کو درد ہوتا اور نہ رات کو' سیڑھیاں بھی چڑھتی ہے' وزن بھی اٹھاتی ہے مگر اب کبھی بھی ٹانگوں میں درد کی شکایت نہیں کی۔ اس کے علاوہ ہم نے نزلہ' زکام' کھانسی اور ریشہ کیلئے عبقری دواخانہ کا ''بنفشی قہوہ'' منگوا کر استعمال کیا' یہ قہوہ واقعی ہی لاجواب چیز ہے' بلغم' زکام اور نزلے کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے اور اس کے ساتھ اگر ''شفاء حیرت سیرپ'' استعمال کیا جائے تو پرانی سے پرانی کھانسی کا آزمودہ علاج ہے۔ ''سچا منجن'' ہم تمام گھر والے استعمال کرتے ہیں' دانتوں کے مسائل جہاں تھے وہیں رک گئے اور درد' ریشہ' دانتوں کا ہلنا ختم ہوگیا۔ حتیٰ کہ جو دانت کیڑا کی وجہ سے کالے تھے وہ بھی سفید ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ (عمرالدین سولنگی، دادو سندھ)

مشروب عبقری افزا
بوند بوند خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لَو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

ہونٹوں کا روکھا پن

میرے ہونٹ بالکل روکھے ہو گئے ہیں۔ ہاتھ پاؤں کالے ہو رہے ہیں۔ چہرے پر بھی چھائیاں ہیں۔ اس کے لیے کچھ بتائیے۔ (بنت شفیق، کراچی)

مشورہ: رات کو سوتے وقت ناف میں کوئی سا تیل ذرا سی روئی میں لگا کر رکھیں، صبح نکالیں۔ آپ اسے معمول بنالیں تو بے شمار فائدے ہوں گے۔ گرم گرم دودھ اور چائے ہرگز نہ لیں۔ کچھ لڑکیاں منہ میں پنسل، پین یا کلپ ڈالے رکھتی ہیں اس سے بھی ہونٹ خراب ہو جاتے ہیں۔ نچلا ہونٹ لڑکیاں اکثر چوستی رہتی ہیں یا زبان سے چاٹتی ہیں۔ ہر وقت لپ اسٹک لگانے سے بھی ہونٹ خشک ہو جاتے ہیں۔ دوسروں کی استعمال شدہ لپ اسٹک نہ لگائیے۔ آپ کچے دودھ میں روئی بھگو کر ہونٹ صبح شام صاف کریں۔ زیتون کے تیل میں گلاب کی پتیاں بھگوئیے اور ہونٹوں پر ملیے۔ سیب کے بیج پیس کر ہونٹوں پر لگانے سے بھی پھٹے ہونٹ صحیح ہو جاتے ہیں۔

آملہ کا تیل آج بھی خالص ملتا ہے

بازار میں آملہ کا تیل ملتا ہے مگر وہ خالص نہیں ہوتا۔ گھر میں کس طرح آملہ کا تیل بنتا ہے؟ اس کے فوائد بتائیں؟ (قیصرہ، لاہور)

مشورہ: آج بھی بازار سے آملہ کا خالص تیل مل جاتا ہے۔ آملہ کا تیل سر میں ٹھنڈک ڈالتا ہے، بالوں کی خشکی دور کرتا، بالوں کو نرم ملائم رکھتا اور گرنے سے روکتا ہے۔ جو لوگ یہ تیل باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں ان کے بال اچھے رہتے ہیں بلکہ سیاہی بھی قائم رہتی ہے۔ گھر میں تیل بنانے کیلئے سرسوں یا ناریل کے تیل میں آملہ کے ٹکڑے ڈالے جاتے ہیں۔ آدھا کلو تیل بوتل میں ڈالیں۔ اس میں تقریباً ڈیڑھ چھٹانک آملہ موٹا موٹا کوٹ کر ڈالیں۔ گٹھلیاں نکال دیں۔ اس تیل کو صرف پندرہ دن دھوپ میں رکھیں۔ دن میں ایک دو بار ہلا دیا کریں۔ سبز آملے اچھی طرح کچل لیں۔ گٹھلیاں نکال دیں۔ تقریباً ایک پاؤ آملے لے کر ایک کلو تیل میں ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب آملے جل جائیں صرف تیل رہ جائے تو اتار کر چھان کر رکھ لیں۔ آملے کا تیل تیار ہے۔ استعمال کرنے سے بال مضبوط اور سیاہ ہو جائیں گے۔

پاؤں تھک جاتے ہیں

کام کے سلسلے میں بہت پیدل چلنا پڑتا ہے۔ کچھ دنوں سے پاؤں رات کو سوج جاتے ہیں۔ بہت درد ہوتا ہے۔ بوجھی آنے لگتی ہے۔ کچھ بتائیے۔ (خرم رانا)

مشورہ: پاؤں کو بھی آرام ملنا چاہیے۔ آپ اپنے جوتے کا جائزہ لیں اس کی وجہ سے تو پاؤں نہیں سوج رہے آپ گھر آ کر پانی میں نمک ڈال کر کم از کم پندرہ منٹ تک پاؤں بھگویا کریں۔ پاؤں میں بدبو محسوس ہو، تو آدھے لیموں کا رس پانی میں ملائیے اور نمک ڈالیے۔ لیموں کا چھلکا لے کر نمک لگا کر پاؤں کے تلوے پر آہستہ آہستہ رگڑیے، اس سے پاؤں صاف ہونگے اور تھکن بھی دور ہوگی۔ پاؤں خشک کریں۔ چند قطرے زیتون کے تیل اور چند قطرے عرق گلاب ملا کر پاؤں پر اچھی طرح مالش کریں اس سے سکون ملے گا۔ پندرہ دن میں ایک بار پاؤں کے تلوے پر مہندی بھی لگوائیے۔ مہندی پاؤں کو آرام دیگی اور تکان بھی دور کریگی۔ جوتے صاف کر کے پہنا کریں۔ جوتے تنگ ہوں یا سلائی ادھڑ گئی ہو تو بھی تکلیف دیتے ہیں۔

کینو اور لیموں کا تیل! فریشنس کا طوفان

میری ایک دوست باہر سے لیموں اور کینو کا تیل لائیں۔ میرے سر میں بہت درد رہتا ہے۔ انہوں نے دو چار بوندیں میری پیشانی پر لگا کر مالش کیں اور آدھی چمچی تیل سر میں بھی لگایا۔ تیل کی مالش سے میرا دماغ تازہ ہو گیا ہے۔ یہ تیل کیسے بنتے ہیں؟ میں نے بہت سارے لوگوں سے پوچھا مگر کوئی جواب نہیں ملا۔ (سمیرا منان، لاہور)

مشورہ: تیل کی مالش جوڑوں کے درد، سر درد میں اکسیر ہے، تو سردی کے موسم میں حرارت بخش اور گرمیوں میں سکون بخش۔ مثال کے طور پر لونگ کا تیل ہی لے لیں۔ دنیا بھر میں اسے ڈاکٹر بھی استعمال کرتے ہیں۔ آپ شیشے کی دو بوتلیں لیں، تیز گرم پانی سے صاف کریں اور الٹ کر رکھ دیجئے۔ جب سوکھ جائیں تو ہر بوتل کے اندازاً چار حصے کریں۔ تین حصے میں زیتون کا یا تلوں کا تیل بھریں۔ ایک بڑا لیموں لیں جو بالکل تازہ صاف ستھرا اور بے داغ ہو۔ اسے کاٹ کر رس نکالیے اور چھلکے بالکل باریک باریک کاٹیے، اب انہیں آپ تیل میں رس کے ساتھ ملائیے۔ دس منٹ تک خوب ہلائیے۔ پھر کسی اندھیری اور گرم جگہ میں رکھ دیجئے۔ دوسری بوتل میں بھی تیل بھریں۔ آدھے کینو کے چھلکے باریک کاٹ کر بوتل میں ڈالیے اور پھر ایک چمچ اس تیل میں ملا کر اسے بھی تاریک جگہ رکھ دیں۔ سولہ روز بعد یہ بوتلیں نکالیے۔ خوب ہلائیے اور چھان کر تیل دوبارہ بوتلوں میں بھر لیں۔ بوتلوں پر نشان لگا دیں یا کینو اور لیموں لکھ دیں۔ تیسری بوتل میں آپ دونوں تیل ہم وزن ملا کر رکھ لیجئے۔ فرحت بخش تیل تیار ہے۔ آپ اسے ہلکے ہاتھوں سے اچھی طرح لگائیے۔ پانچ منٹ کی مالش سے آپ کو لگے گا کہ سر درد ختم ہو گیا اور دماغ بالکل تازہ ہو گیا ہے۔

پورے جسم پر بال

20 سال کی عمر میں سارے جسم پر کالے رنگ کے بال نکل رہے ہیں جو بڑھتے جا رہے ہیں اور اب چہرے پر بھی آ گئے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ میں موٹی ہوتی جا رہی ہوں جبکہ کھانا بہت کم کھاتی ہوں۔ ویسے کوئی اور تکلیف نہیں۔ (ق، جھنگ)

مشورہ: آپ اپنے ہارمون ٹیسٹ کرائیے پھر پتا چلے گا کہ اس تکلیف کی کیا وجہ ہے۔ اس کے لیے عبقری دواخانے کی ہارمونز شفاء دوائی ہے اس کے بہت فائدے ہے اس کا استعمال بھی کر سکتی ہیں۔

چہرے پر سیاہ دھبے

پچھلے دنوں میری امی کے چہرے پر دانے نکلے۔ دانے ختم ہوئے تو سیاہ دھبے پڑ گئے جو بہت برے لگتے ہیں۔ اس کے لیے بتائیے۔ میری عمر سولہ سال ہے میرے چہرے پر بھی اکثر دانے نکلتے رہتے ہیں۔ (غ، لاہور)

مشورہ: اس عمر میں دانے نکلتے ہی رہتے ہیں آپ انہیں چھیڑیں نہیں۔ کوئی بھی مصفی خون دوا پینا شروع کریں۔ عبقری کی چہرہ شفاء اور خون صفاء پاؤڈر تین چار ڈبی استعمال کریں۔ دانوں پر آپ پسی ہوئی کلونجی پانی میں ملا کر لگائیے۔ رات کو گھیکوار کا گودا لگا کر سویا کریں۔ بازار سے گل منڈی اور عناب منگوائیں۔ پانچ دانے عناب اور دس گیارہ دانے گل منڈی رات کو ایک گلاس پانی میں بھگوئیے۔ صبح مل چھان کر تھوڑا سا شہد ملا کر پی لیا کریں۔ کبھی کبھی کیلے کا گودا نکال کر کانٹے سے باریک کر کے آدھی چمچی دہی ملا کر چہرے پر پندرہ منٹ کے لیے لگایا کریں۔ بیسن سے منہ دھوئیے۔ جو بچیاں نماز پڑھتی ہیں اور پانچوں وقت وضو کرتی ہیں ان کے چہرے کی ساری کثافت دھل جاتی ہے۔ چہرہ گندا رہے تو دانے زیادہ نکلتے ہیں۔

الرجی کھانسی، ناک بہنا یا بند ہونا، جسم میں درد، دماغی بوجھ، سستی کاہلی، بخار، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کچنار کی کلی آپ کے دسترخوان کی زینت

صغیرہ بانو شیریں مرحومہ

موسم بہار کے آتے ہی کچنار کے درخت میں کلیاں اپنی بہار دکھاتی ہیں۔ اسے عام لوگ کچنال بھی کہتے ہیں۔ ان کی کلیاں پھول بننے سے پہلے ہی توڑ لی جاتی ہیں۔ چھ سات ہفتوں کے بعد کچنار بازار سے غائب ہوجاتی ہے۔ اس کی پھلیاں سیدھی اور نکیلی ہوتی ہیں۔ ان میں بیج ہوتے ہیں۔ یہ پھلیاں بھی کھانے کے کام آتی ہیں۔

کچنار کی کلیاں، چھلکا، گوندا دویہ میں کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ اس کی تاثیر سرد، خشک، ذائقہ ترشی مائل پھیکا اور تیز ہوتا ہے۔ مزاج سرد خشک ہونے کی وجہ سے پکاتے وقت گھی زیادہ ڈالنا چاہیے۔ دہی ڈال کر بھوننے سے ذائقہ بہتر ہوجاتا ہے پھلیوں کا اچار ڈالا جاتا ہے۔ ایک پاؤ کچنار کی پھلیوں میں دو روٹیوں کے برابر غذائیت نمکیات اور وٹامن سی ہوتا ہے۔ یہ تین سے چار گھنٹوں میں ہضم ہوتی ہے۔ حکیم معدے اور آنتوں کی طاقت، اسہال بند کرنے اور سب سے بڑی بات یہ کہ خون کی تیزابیت دور کرنے کے لیے کچنار تجویز کرتے اور مریض کو اس کا سالن کھلا کر صحت یاب کرتے ہیں۔ جن مریضوں کی آنتوں میں زخم یا خراش ہو، کچنار کی کلیوں کا سالن، خمیری روٹی یا چاولوں کے ساتھ پورے موسم میں کھانے کی تاکید کی جاتی ہے۔

سنگرہنی کے مریضوں کے لیے کچنار بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ اس کے کھانے سے پیٹ کے کیڑے بھی ختم ہوجاتے ہیں۔ جب موسم نہ ہو تو اس کا جوشاندہ بنا کر بھی پلاتے ہیں۔ بدہضمی، خونی بواسیر اور خواتین میں ایام کی کثرت میں آٹھ دس دن کچنار کا سالن پکا کر کھانے سے بہت فرق ہوتا ہے۔ اس کی کلیوں کو اچھی طرح سکھا کر رکھ لیں۔ یہ بھی بہت کام آتی ہیں۔ خونی بواسیر کے لیے یہ کلیاں مفید ہے۔ سوکھی کلیاں پیس لیں اور اس کے ہم وزن چینی یا مصری ملا کر رکھ لیں۔ ایک گرام یہ سفوف ایک چمچہ مکھن میں ملا کر روزانہ چاٹیے۔ آٹھ دس دن میں خونی بواسیر ٹھیک ہوجائے گی۔

کچنار کے کھلے ہوئے پھول بھی کام آتے ہیں۔ ان کا قہوہ بنتا ہے۔ دس گرام پھول لے کر سوا پیالی پانی میں قہوہ کی طرح پکائیں۔ جب خوب جوش آجائے، اتار کر چھان کر چینی ملا کر صبح پی لیں۔ پیٹ میں ریاح نہیں بنے گی۔ اپھارہ ٹھیک ہوگا، اجوائن تین گرام پیس کر پہلے پانی سے کھائیں پھر وہ پئیں۔

خون کی صفائی کے لیے کچنار کے پھول دس گرام، منڈی بوٹی چھ گرام ایک پیالی پانی میں جوشاندہ کی طرح پکا کر کوئی اچھی مصفی خون گولی کے ساتھ شہد ملا کر پی لیں۔ خارش، دانوں، پھنسیوں کے لیے یہ قہوہ مفید ہوتا ہے۔

بلڈ پریشر میں بھی کچنار کا سالن مفید ہے۔ اس کی سوکھی پھلیاں پیس کر رکھ لیں۔ آؤں کے دست آتے ہوں تو آٹھ گرام سے دس گرام تک یہ سفوف پانی کے ساتھ کھانے سے آرام ہوتا ہے۔ اسی طرح خواتین کی اندرونی بیماریوں میں بھی یہ سبزی بے حد مفید ہے۔ اندرونی زخموں کو بھی بھر دیتی ہے۔ اسی طرح اگر بچوں میں کانچ نکلنے کی تکلیف ہو تو ان کو کچنار کھلانے سے آرام آجاتا ہے۔

کچنار کے تازہ پھول ایک کلو لے کر اس میں دو کلو چینی ملا کر خوب اچھی طرح ہاتھوں سے مل کر مرتبان میں رکھیے۔ مرتبان کا منہ بند کر دیجئے۔ ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیے اور دن میں دو تین بار ہلاتے رہیے۔ کچنار کا لذیذ گل قند تیار ہوجائے گا۔ اس کے دو چمچے کھانے سے دل کو فرحت محسوس ہوگی۔ معدہ صحیح رہے گا، بھوک لگے گی اور پرانا قبض بھی دور ہوگا۔

کچنار کی چھال سے معدہ مسوڑھے آنتوں کے مسائل حل

کچنار کا درخت درمیانے قد کا ہوتا ہے۔ اس کی چھال خاکستری رنگ کی اور چکنی ہوتی ہے۔ اس کا گوند بازار میں سیم کے گوند کے نام سے بکتا ہے۔ لائق طبیب اس کی گوند سے بواسیر اور پیچش کا علاج کرتے ہیں۔ اس کے بیجوں سے روغن بھی کشید کیا جاتا ہے، جو ضعف معدہ، اپھارے اور آنتوں کے کیڑوں کے لیے مفید ہے۔ اس کی جڑ کی چھال کا جوشاندہ بنا کر پینے سے گیس کو آرام آتا ہے اور موٹاپا بھی کم ہوتا ہے۔ آنکھوں کی سرخی کے لیے کچنار کے تازے پتے پیس کر نکیہ کی طرح آنکھ پر چند روز باندھنے سے سرخی دور ہوجاتی ہے۔

تھوک کی زیادتی ہو، گلا پک گیا ہو تو کچنار کی چھال میں کیکر کی پھلیاں اور انار کے پھول ڈال کر جوشاندہ بنا کر غرارے کرنے سے آرام آجاتا ہے۔ کچنار کی چھال، جامن کی چھال، مولسری کی چھال 10,10 گرام لے کر ایک کلو پانی میں پکا کر اس پانی سے طہارت کی جائے تو دو تین ہفتوں میں بواسیر کے مسوں سے خون آنا بند ہوجاتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ سکڑنے لگتے ہیں۔ منہ میں چھالے ہوں تو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ دس گرام خشک کچنار آدھا کلو پانی میں پکا کر اس سے دن میں تین بار غرارے کرنے سے حلق کی خراش، ورم، درد اور چھالے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

گرمی کے موسم میں کچھ لوگوں کو بہت زیادہ گرمی محسوس ہوتی ہے اور پیاس بھڑک جاتی ہے۔ بار بار پانی پینے سے بھی آرام نہیں آتا۔ ایسے میں کچنار کی چھال کام دے جاتی ہے۔ تین گرام سفید زیرہ اور دس گرام کچنار کی چھال کوٹ کر آدھا کلو پانی میں جوش دے کر چھان کر رکھ لیں۔ آدھا کپ پانی تین تین گھنٹے بعد پینے سے سکون مل جاتا ہے۔ اس کے پھولوں کے رس میں چاندی کا برادہ ڈال کر کشتہ بنایا جاتا ہے جو تاثیر میں ٹھنڈا اور دل کو طاقت دینے والا، معدے کو قوت بخشتا اور جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے۔

کچنار کی کلیاں بکری کے گوشت یا قیمے میں بڑی لذیذ بنتی ہیں۔ گوشت بھون کو کچنار ڈال کر دہی ملا کر بھونتے ہیں۔ ادرک، ہری مرچ اور گرم مصالحہ ملا کر اتار لیتے ہیں۔ اس میں گھی بھی زیادہ پڑتا ہے۔ آلو اور کچنار کی سبزی برصغیر بھی بہت کھائی جاتی ہے۔ سفید زیرہ، ثابت لال مرچ اور پسی ہوئی رائی، ادرک اور گرم مصالحہ ملا کر اسے تیار کرتے ہیں۔

کچنار کی پھلیوں کا اچار بھی ڈالتے ہیں۔ پھلیوں کو دھو کر کاٹ کر اس میں نمک، مرچ، رائی ملا کر چار دن رکھتے ہیں۔ جب گلنے لگتی ہیں تو اس میں ہری مرچ، ادرک ملا کر تیل ڈالتے ہیں۔ چند دنوں میں اچار تیار ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موسم بہار میں کچنار کی کلیوں کی بہار بھی رکھی ہے۔ اس موسم میں اس بیش قیمت سبزی سے فائدہ اٹھائیے۔ اس کی کلیوں اور پھولوں کو سکھا کر رکھیے۔ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالیے۔ یہ صحت کے لیے بہت مفید ہے۔ بس اتنا دھیان رکھیے کہ یہ دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ پیٹ میں اپھارہ کرتی ہے۔ قابض ہے جب بھی اسے پکائیں، ادرک، گرم مصالحہ ڈالنا نہ بھولیں۔

نورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

پاؤں پر کوس باندھ لگائیں کھانسی نہیں آئے گی	میرے آٹھ جسمانی و روحانی آزمودہ ٹوٹکے	مشکلات کو حل کروانے کا آزمودہ عمل
جادو، نظر بد اور حسد کے وار ختم	دماغی خشکی ختم، جسم میں طاقت لانے کا نسخہ	یہ پڑھ کر تنگدستی سے نکلی ہوں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

میرے آٹھ جسمانی و روحانی آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ڈھیروں دعاؤں کے بعد عرض گزار ہوں کہ آپ نے جو ماہانہ عبقری کے ذریعے غریب عوام کی مدد کا بیڑہ اٹھایا ہے اس کی جتنی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ مظلوم اور غریب لوگوں کے مفت میں مسائل حل ہو رہے ہیں اور لوگ بھی بڑی فراخدلی کے ساتھ اپنے پاس جو سنہری باتیں ہیں وہ عبقری کے ذریعے عوام تک پہنچا رہے ہیں یہ سب آپ کی کاوش سے ہی ممکن ہو رہی ہیں۔ میرے پاس جو نسخہ یا ٹوٹکے ہیں وہ آزمودہ ہیں میری عمر اس وقت 70 سال ہے اور اللہ تعالیٰ کی مہربانی میں بالکل فٹ ہوں۔

(1) سر میں جوئیں: دھریک کا پھل (دھرکونے) لیکر ان کو کوٹ لیں اس میں سرسوں کا تیل ملالیں دو تین دن اس تیل کو بالوں میں لگائیں ان شاء اللہ جوئیں نہ رہیں گی۔

(2) کھانسی خشک ہو یا تر 4 حل لے لیجئے: (الف) رات کو سوتے وقت Vicks بام پاؤں کے تلوؤں پر لگائیں اور جرابیں پہن لیں۔ انشاء اللہ رات آرام سے گزرے گی اور کھانسی نہ ہوگی۔ جرابیں ضرور پہنیں۔ (ب) دھریک کے پھل (دھرکونے) کو مٹی کے برتن یا کڑاہی میں ڈال کر آگ لگائیں جب جل کر راکھ بن جائے تو اس کو پیس کر شیشے کی بوتل میں سنبھال کر رکھ لیں یہ راکھ بالائی یا شربت بنفشہ کے ساتھ دن میں دو تین بار لیں۔ بفضل خدا کھانسی، گلے کی خراش ختم ہو جائے گی۔ (ج) بچے متعدی کھانسی کے دوران کھانسی کھانس کر قے کر دیتے ہیں یہی راکھ شہد میں ملا کر چٹائیں صحت ملے گی۔ (د) سخت پریشان کرنے والی کھانسی میں یہی راکھ تین ماشے بادام روغن چھ ماشے شہد ایک تولہ میں ملا کر رکھ لیں اور دن بھر تھوڑا تھوڑا چاٹتے رہیں۔

(3) بواسیر: دھریک کے پھل (دھرکونے) کا مغز ½ پاؤ، چینی پاؤ، سونف ایک چھٹانک تینوں کو پیس کر رکھ لیں اور ہر روز تین ماشے لیں چند روز لینے سے بادی خونی بواسیر بفضل خدا ختم ہو جاتی ہے۔ دھرکونے کو جلا کر بواسیر کے موہکوں کو دھونی دیتے رہنے سے خشک ہو کر گر جاتے ہیں۔

(4) قبض اور سخت سے سخت پیٹ درد منٹوں میں دور

سبز تمہ میں تھوڑا سا سوراخ کر کے اس میں اجوائن بھر دیں اوپر کٹا ہوا ٹکڑا لگا کر ٹیپ وغیرہ سے بند کر دیں پندرہ بیس دن کے بعد اجوائن نکال لیں اور اس میں ½ تولہ سیاہ زیرہ اور ½ چھٹانک کالا نمک ملا کر رکھ لیں۔ گیس خارج کرنے، قبض توڑنے، پیٹ کے درد کو آناً فاناً دور کرنے کیلئے ایک چمچ پانی سے لیں۔ فوراً آرام آجائے گا۔

(5) نظر کی کمزوری، سر درد ختم

ایک پاؤ سونف، ایک پاؤ بادام کی گری، ایک پاؤ مصری گرائنڈر کر کے رکھ لیں۔ صبح و شام ایک ایک چمچ لیں انشاء اللہ نظر کی کمزوری دور۔ سر درد ختم۔ ہم تمام گھر والے مسلسل یہی کھاتے ہیں جسکی وجہ سے نظر کی کمزوری، سر درد ختم ایک تو مزیدار مکسچر ہے جس سے اور بھی جسمانی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں جیسے دل کا تیز دھڑکنا، ہاضمے کی خرابی وغیرہ۔

(6) رات کو کسی بھی وقت اُٹھنا: مدتوں سے میری عادت ہے کہ رات کے کسی حصے میں جاگنا ہو تو بہت آسان طریقہ پہلے چار دفعہ کلمہ پڑھیں پھر چار دفعہ اپنا نام لیکر وقت کا بتانا ہوگا کہ اتنے بجے جگا دینا انشاء اللہ اسی وقت جاگ آجائے گا۔ چار بار کلمہ پڑھیں پھر اپنا نام لیں جیسے اکرام مجھے رات 2 بجے جگا دینا انشاء اللہ اسی وقت جاگ آجائیگی۔

(7) اگر راستہ بھول جائیں: فوج میں رات کے وقت جب ہم کسی نقشے کے مطابق چلتے ہوئے اگر راستہ سے ہٹ جاتے تو ہم پڑھتے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ تو اللہ کی مہربانی سے راستہ خود بخود مل جاتا۔

انٹرویو، ٹیسٹ یا عدالت میں جائیں تو یہ پڑھیں

(8) کٓھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ جب بھی کسی کے سامنے جائیں (انٹرویو، ٹیسٹ، عدالت وغیرہ) دل میں پڑھیں حروف مقطعات کاف ہا یا عین صاد (کاف پر داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں، ہا پر اگلی انگلی بند کریں یا پر درمیان والی انگلی بند کریں عین پر شہادت کی انگلی بند کریں، صاد پر انگوٹھا بند کریں اور جب سامنے جائیں تو اب پڑھیں حا میم عین سین کاف حا پر چھوٹی انگلی کھولیں میم پر اگلی انگلی کھولیں عین پر درمیان والی انگلی کھولیں سین پر شہادت والی انگلی کھولیں اور کاف پر انگوٹھا کھولیں اور پھونک ماریں (پھونک ایسے ماریں کہ پتہ نہ چلے) انشاء اللہ سارے کام آسان ہو جائیں گے۔ (راجہ محمد اکرام، چکوال)

یہ پڑھ کر تنگدستی سے نکلی اب خوشحال ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کے اہل و عیال کو اور عبقری کے تمام اراکین کو صحت اور تندرستی والی لمبی زندگی عطا کرے (آمین) اور آپ اسی طرح عبقری رسالہ اور درس کے ذریعے ہم جیسے دکھی لوگوں کے رہنما بنے رہیں، جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے اور اپنی زندگی کو اعمال پر لگایا ہے الحمدللہ بہت سکون ملا ہے، میں نے اور میری فیملی کے کچھ اور لوگوں نے بھی آپ کے بتائے ہوئے اعمال پر عمل کر کے بہت کچھ حاصل کیا ہے۔

میں اپنے ملنے جلنے والوں کو نماز کی تلقین کرتے ہوئے ساتھ ہی کچھ اعمال بھی بتاتی رہتی ہوں اور وہ لوگ بھی اعمال سے استفادہ کر رہے ہیں۔ الحمدللہ میں آپ کا بتایا ہوا وظیفہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ پڑھ رہی ہوں اور میں یہ وظیفہ گزشتہ چار سال سے پڑھ رہی ہوں۔ الحمدللہ اس دوران اللہ نے میری وہ دعائیں قبول کی ہیں جو ناممکن تھیں اور ساتھ سورۂ والضحیٰ والا

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی، دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
ٹینشن، ڈپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

وظیفہ بھی ابھی تک جاری ہے۔ میرے خاوند کو اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر بلا کر کام بھی عطا فرمایا اور دو دفعہ عمرہ بھی کروایا جو ہمارے بس کی بات نہیں تھی۔ میرے خاوند کی اللہ تعالیٰ نے غیبی مدد کی اور انہیں سعودیہ میں کسی گھر کا ڈرائیوری ویزہ مل گیا۔ مالک بہت اچھا ہے۔ اس نے میرے شوہر کو بہت سہولیات دے رکھی ہیں۔ بس یہ درج بالا وظائف پڑھنے کی ہی برکات ہیں ورنہ تو ہمارے حالات بہت خراب تھے۔ آج الحمدللہ! ہم خوشحال اور مطمئن ہیں۔

جادو' نظر بد اور حسد کے وار ختم

میرے پاؤں میں اچھی خاصی جلن رہتی تھی پھر میں نے الحسبتم اور اذان والا عمل شروع کر دیا اور پھر میں نے اجتماع میں شرکت کے دوران اللہ سے دعا مانگی کہ یا اللہ میرے اوپر سے تمام جادو، نظر بد اور حسد کو ختم کر دے اور میرے خاوند سے بھی ختم کر دے اس دن کے بعد الحمد اللہ میں ابھی تک ٹھیک ہوں۔ (رخسانہ سحر، کھڈیاں خاص)

ذہانت' یادداشت اور قوت کیلئے خاص عمل

جو بندہ چاہتا ہے کہ میری یادداشت بہت تیز ہو جائے اور مجھے بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آنا شروع ہو جائیں وہ ہر نماز کے بعد گیارہ بار سورۃ الم نشرح بمعہ تسمیہ اوّل آخر تین بار درود پاک پڑھنے کا معمول بنالے اور روزانہ قرآن پاک کو دیکھ کر تلاوت کرے اور نظروں کی حفاظت کرے اور گناہوں سے بچے اللہ تعالیٰ اس کو ذہین فطین بنا دیں گے۔ والدین اپنے بچے کو کند ذہنی ختم کرنے کے واسطے بھی یہ عمل کر سکتے ہیں اور اس کے ساتھ دوسرا عمل جو یادداشت کیلئے بہت باکمال ہے وہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد 7 بار یہ دعا اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اوّل آخر تین بار درود پاک پڑھنے کا معمول بنالے اس سے بھی یادداشت میں قوت پیدا ہوتی ہے اور حافظہ تیز ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی معرفت اور محبت حاصل کرنے کا خاص عمل

جو بندہ چاہتا ہے کہ میرا سینہ اللہ تعالیٰ کے نور سے بھر جائے اور اللہ تعالیٰ کی محبت میرے دل میں سما جائے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کا دھیان اور توجہ رہے تو وہ بندہ سات شب جمعہ یعنی جمعرات بعد نماز عشاء سات بار ''سورۃ نور'' پڑھے اور پھر 3000 بار اللہ تعالیٰ کا نام ''یا نور'' پڑھے اول آخر سات بار درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اسکے سینے کو نور معرفت سے بھر دیں گے اور دل روشن کر دینگے اور ولایت کی منازل آسان کر دینگے۔

مشکلات کو حل کروانے کا آزمودہ عمل

جو بندہ کسی مشکل میں پھنس گیا ہے وہ تہجد کے دو نفل پڑھے اور اس کے بعد پوری توجہ دھیان سے تیسرا کلمہ، درود پاک اور استغفار کی ایک ایک تسبیح پڑھے۔ پڑھے پورے دھیان سے پانچ سات یا گیارہ دنوں میں جس نیت سے پڑھے گا اسکا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

پیچیدہ بیماریوں کا یقینی خاتمہ

پیچیدہ بیماریاں مثلاً فسچولہ، پیٹ کے کیڑوں، جوڑوں کے درد کے امراض کے خاتمے کے لیے یہ نسخہ آزمودہ ہے۔ کلونجی 70 گرام، تارامیرا کے بیج 100 گرام، تخم نیم 100 گرام کو باریک پیس کر فل سائز کے کیپسول بھر لیں اور پھر صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ قبل کھائیں تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں اس سے پیٹ کے کیڑے بھگندر، جوڑوں کا درد اور بواسیری مادے ختم ہو جاتے ہیں۔

مردانہ جراثیم کی کمی کا خاتمہ

سبزی الائچی ایک پاؤ، میتھرے ایک پاؤ دونوں باریک پیس کر اسکا ایک چمچ صبح شام دودھ کے ساتھ خالی پیٹ کھانے سے دو گھنٹے قبل لیں' مردانہ جراثیم پورے ہو جاتے ہیں۔

مردانہ طاقت کا نسخہ

کلونجی ایک چھٹانک، سنگھاڑا خشک چار چھٹانک باریک پیس کر پاؤڈر بنالیں اور ½ آدھا چمچ صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔ مردانہ طاقت کیلئے کمال کا نسخہ ہے۔

دماغی خشکی ختم اور جسم میں طاقت لانے کا نسخہ

صبح وشام خالی پیٹ سات دانے زیتون کے اور ایک دانہ انجیر کا کھانے سے جسم سے خاص طور پر دماغ کی خشکی ختم ہو جاتی ہے اس کو کچھ عرصہ لگاتار استعمال کرنا چاہیے۔ زیتون ثابت بازار سے باآسانی مل جاتا ہے۔ صبح وشام 7 دانے اس ڈبی میں سے زیتون کے اور ایک دانہ انجیر کا دھو کر اکٹھے کھانا ہے' صحت اور طاقت کے واسطے کمال کا نسخہ ہے اس کو کھاتے ہوئے اگر سنت کی نیت بھی کر لی جائے کیونکہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پسندیدہ دونوں چیزیں ہیں۔ شفاء بھی ملے گی اور ثواب بھی ملے گا کیونکہ حدیث کا مفہوم ہے کہ جو قرب قیامت میری ایک سنت کو زندہ کرے گا اس کو 100 شہیدوں کا ثواب ملے گا۔ (محمد اکمل فاروق طارقی، سرگودھا)

تین سال بعد بی اے پاس کر لیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے مجھے بہت فائدہ حاصل ہوا۔ میری تین سال سے مسلسل بی اے کی انگریزی میں سپلی آرہی تھی میں نے عبقری ویب سائٹ سے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ یَاحَسِیْبُ سارا دن کھلا ہزاروں سینکڑوں کی تعداد میں پڑھا میں پاس ہو گیا۔ اب وظائف پر میرا بہت یقین ہے۔ سورۃ المائدہ کی 114 نمبر آیت پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارتا ہوں جو کھانے کو دل کرے مل جاتا ہے اور ہاں جب بیت الخلاء جاتا ہوں بیت الخلاء کی مسنون دعا پڑھتا ہوں اس سے فائدہ یہ ہوا کہ پہلے ہر بات پر لڑتا تھا جھگڑتا تھا مگر اب غصہ نہیں آتا۔ عبقری کا شکریہ اللہ آپ کو سلامت رکھے آپ کی ہر پریشانی کو دور کرے۔ (شہزاد احمد، جہلم)

ناخن دفن کرنے سے زندگی کی سب سے بڑی مشکل حل ہو گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت دے اور ہماری ہدایت کا ذریعہ بنائے رکھے۔ (آمین)۔ میں آپ کا ایک درس سن رہا تھا جس میں آپ نے ذکر کیا کہ کوئی بھی بیماری ہو اس کے لیے ناخن کاٹ کر اسے کسی سفید کپڑے یا ٹشو وغیرہ میں لپیٹ لے اور فرض نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف کے بعد اس پر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ 100 بار پڑھے اور دفن کر دیئے تو مرض ختم ہو جائے گا۔ میں نے اس عمل کو انٹرنیٹ کی گندی دنیا سے دوری کیلئے پڑھا' میں اس کیلئے بہت پریشان تھا' میں لاکھ کوشش کرتا مگر اس غلیظ دنیا سے باہر نہ نکل پا رہا تھا' میں نے ایک بار یہ عمل کیا اور پہلی بار میں ہی میں دور ہو گیا' اب میں چاہوں بھی تو انٹرنیٹ پر غلیظ چیزیں نہیں دیکھ پاتا' پھر اس کے بعد دو تین بار اور کیا۔ اب میں پرسکون ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ اب میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے نمازیں بھی پڑھتا ہو ساتھ استغفار پڑھتا رہتا ہوں آفس جاتے اور آتے ہوئے راستے میں صرف استغفار پڑھنے سے بہت سکون ملا اور معاملات حل ہو رہے ہیں۔ (محمد طیب فاروق، ایبٹ آباد)

بے شمار کا آزمودہ! شوگر کورس
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

کابلی چنے کی خوش ذائقہ چاٹ اور لاجواب فوائد

عدنان انصاری، لاہور

اناج میں چنا درحقیقت نہایت قوت بخش غذا ہے۔ یہ جسم کو غذائیت دینے کے اعتبار سے گیہوں سے دوسرے درجہ پر ہے۔ چنے میں سب سے زیادہ مقدار میں پروٹین پائی جاتی ہے، جو جسمانی خلیوں اور پٹھوں کی نشوونما اور خون کے سرخ خلیوں کی تعمیر اور قوت مدافعت میں اضافے کا سبب بنتی ہے اس میں آئرن بھی مناسب مقدار میں پایا جاتا ہے جو خون بنانے، جسمانی تکان دور کرنے اور قوت وتوانائی میں اضافہ کے لیے بہت مفید ہے۔ چنے میں موجود ریشہ یا فائبر نظام انہضام کی اصلاح کے لیے فائدہ مند ہے۔ اس میں تھوڑی مقدار میں چکنائی بھی پائی جاتی ہے جو جسمانی نشوونما، جلد کی صحت اور وٹامنز کے انجذاب میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ چنے میں وافر مقدار میں کیلوریز پائی جاتی ہیں جو جسم اور عمر کی مناسبت سے صحت وقوت اور توانائی میں اضافہ کے لیے ضروری ہیں۔ سبز چنے میں وٹامن A اور B کی بھی مناسب مقدار پائی جاتی ہے۔ چنے کا پودا جب بڑا ہو جاتا ہے تو دیہاتوں میں اس کی تازہ کونپلوں کو توڑ کر اس کا ساگ پکا کر کھایا جاتا ہے جو ہاضم اور مقوی ہوتا ہے۔ کابلی چنوں کا سالن اور پلاؤ بھی بڑا مزیدار بنتا ہے۔ انہیں ابال کر آلو کے ہمراہ خوش ذائقہ چاٹ تیار کی جاتی ہے۔ چنے کی دال پیس کر بیسن کو پانی میں بھگو کر رکھنے اور دن میں کئی بار پلانے سے پیشاب کی جلن دور ہوسکتی ہے۔ چنے کی یخنی زود ہضم اور طاقت بخش ہے۔ اس کا پانی یا یخنی بدہضمی کا علاج ہے۔ تجربات سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ سبز چنے بینائی میں اضافہ کرتے ہیں۔ چنے کا چھلکا پانی میں بھگو کر رکھئے اور صبح وہ پانی چھان کر پینے سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔ بیسن میں ہلدی، سرسوں کا تیل اور حسب ضرور پانی ملا کر چہرے اور جسم پر لگانے سے رنگت صاف ہو جاتی ہے۔ بیسن جسم میں فالتو رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔ بیسنی روٹی زکام، بلغمی کھانسی، دمہ، قے، دست اور فساد خون کی شکایت میں مفید ہے۔ بیسن سے کئی قسم کی مٹھائیاں لڈو، پھلکیاں، پکوڑے اور کئی طرح کی ڈشز تیار کی جاتی ہیں۔ تاہم ہر چیز کے استعمال میں اعتدال اور توازن فائدہ حاصل کرنے کے لیے بنیادی شرط ہے۔ مکئی اور باجرے کی روٹی کے ساتھ چنے کا ساگ انتہائی رغبت سے استعمال کیا جاتا ہے۔

جوکی روٹی دلیہ اور پانی! میڈیکل سائنس فوائد بیان کرتے تھک گئی!

گندم کی طرح جَو بھی ایک جنس ہے۔ خوردنی اجناس میں سے مکئی کے ساتھ ساتھ جو کے آٹے کو خوراک کا اہم جزو سمجھا جاتا ہے۔ سوال یہ اٹھتا ہے کہ کیا جو کے آٹے کی غذائی اہمیت گندم کے آٹے کے برابر ہے اور کیا اسے گندم کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے؟ کیا اسے گندم کے آٹے کے دستیاب نہ ہونے پر ہی استعمال کیا جانا چاہیے یا سارا سال استعمال کر سکتے ہیں؟

طبی ماہرین کہتے ہیں کہ اگر جَو کی غذائی اہمیت کے متعلق آگاہی ہو جائے تو ہم نہ صرف جو کی غذا کو اپنی خوراک میں بطور سپلیمنٹ شامل کر لیں بلکہ اس کی افادیت کے پیش نظر جَو کو اہم ترین جزو بنالیں گے۔ جو کے دانے میں پانی، نائٹروجن مرکبات، گوند، چینی اور چکنائی کی معمولی مقدار کے علاوہ 59 فیصد سٹارچ ہوتا ہے جو خون کے اندر کولیسٹرول کو کم رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور جو جسم کو فربہ نہیں ہونے دیتا یعنی جسم کو چست وسمارٹ رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ جَو میں تانبا موجود ہے جو بڑھتی عمر کے افراد میں جوڑوں کے درد کو ختم کرتا ہے۔ اس میں سیلیئم جیسا ایک ایسا دھاتی عنصر ہے جو انسان کو چھوٹی آنت کے کینسر سے تحفظ دیتا ہے۔ اس میں فاسفورس بھی ہے جو اے ٹی پی یعنی اڈینوٹرائی فاسفیٹ کی صورت توانائی بہم پہنچاتا ہے۔

یہ فائبر کا بنیادی عنصر بھی ہے جو آنتوں میں تیزی سے حرکت کرتا ہے اسی کی مدد سے خون ہر وقت تازہ اور صاف رہتا ہے اور خون میں کلاٹ نہیں بنتے۔ فائبر کے جسم کے اندر ہونے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ جسم سے سائل ایسڈ کا اخراج کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے جس سے پتے میں پتھری ہونے کے مواقع کم ہو جاتے ہیں۔

حساب تو دینا پڑے گا

محمد قاسم، لاہور

دو لوگوں نے زمین خریدی اور اپنی جگہوں پر کافی بڑے ہال بنالیے۔ ایک نے اپنے بنائے ہوئے ہال میں کچھ دوستوں کو ساتھ ملایا اور پرائیویٹ گپ شپ کارنر بنایا جہاں لوگ اپنے فارغ وقت میں آتے اور مل بیٹھ کے گپ شپ کرتے۔ لوگوں کی دلچسپی کو بڑھانے کے لیے اس ہال میں مختلف قسم کے میوزک ویڈیوز، تصاویر اچھی بری پینٹنگز بھی آویزاں کیں جن میں کچھ فحش اور کچھ نیم فحش بھی شامل تھیں۔ لوگ آ کے دیکھتے اور ان پر پھر لطیفے کہتے، آوازیں کستے اور قہقہے لگاتے۔ دن گزرتے گئے اور اس ہال میں عریانی، فحش گوئی اور موسیقی بڑھتی چلی گئی اور ساتھ ہی لطف اندوز ہونے والوں کی تعداد بھی۔ ہال کا مالک اور انتظامیہ لوگوں کا بڑھتا ہوا ہجوم دیکھ کے پھولے نہ سماتے۔ دوسری جانب دوسرے شخص نے اس ہال میں کچھ مخصوص بھروسے مند لوگوں کو ساتھ ملایا اور اپنے بنائے ہوئے ہال میں دین کی تعلیم دینے لگا قرآن کی تلاوت احادیث مبارکہ اور اقوالِ اولیاء کی روشنی میں زندگی گزارنے اور نسلوں کو سنوارنے کے سنہری اصول بنانے لگا حالانکہ خود اس قابل تو نہ تھا لیکن کتابوں سے احادیث مبارکہ سے اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی سے اولیاء اللہ کے واقعات اور مشاہدات تلاش کرتا اور لوگوں کو بتاتا۔ کسی نے پوچھا تو کہنے لگا اپنے لیے اور اپنی نسلوں کے لیے صدقہ جاریہ چھوڑنا چاہتا ہوں شاید کوئی ایک بات ہی کسی کے دل پر لگ جائے اور اس کی دنیا وآخرت سنور جائے اور میں بھی قیامت کے دن شرمندہ ہونے سے بچ جاؤں۔ میں نہیں چاہتا کوئی ایسی چیز چھوڑ کر جاؤں جو میری طرف اللہ کریم کے غصے اور ناراضگی کو دعوت دے اور میری قبر میں ہر لمحہ عذاب بڑھتا چلا جائے۔ جب سے یہ بات میرے علم میں آئی میں سوچنے لگا موت تو دونوں کو آئی ہوگی کیونکہ ایک دن سب کو مرنا ہے لیکن دونوں کی قبر اندر سے کیسی ہوگی ایک جس نے صدقہ جاریہ چھوڑا، لوگوں میں دین کی تعلیم بانٹی خود نہ تعلیم دے سکا تو اہل لوگوں کا انتظام کیا اور لوگوں کی دنیا و آخرت سنوارنے کا ذریعہ بن گیا چاہے کسی کی اصلاح کرنے میں کامیاب ہوا یا نہ ہوا لیکن اپنے حصے کی کوشش تو کر گیا اور دوسری طرف اس شخص نے فحاشی عریانی پھیلائی اور لوگوں کا تقویٰ اور ایمان (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

دردی ہربل بام
خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت کئی ہفتے چلے
پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں
قیمت :=/80 روپے
ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کاش! میرے معیار کا بھی کوئی رشتہ آجاتا!

ج۔ سکھر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کے رسالہ عبقری اور تسبیح خانہ کو آباد رکھے' آپ کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے اور آپ اسی طرح مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہیں' اللہ پاک آپ کی حفاظت فرمائے اور آپ کو اور ہم سب کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ (آمین)

میری عمر اس وقت 35 سال ہے اور الحمدللہ میں کھاتے پیتے زمیندار گھرانے سے تعلق رکھتی ہوں' آج سے 13 سال پہلے میں نے ایم اے اے گریڈ میں پاس کیا۔ اس وقت میرے رشتے آنا شروع ہوئے' بڑی بڑی اچھی فیملیوں کے رشتے آئے مگر "وہ میرے معیار پر پورا نہ اترتے تھے" لہٰذا میں ڈنکے کی چوٹ پر ان کے سامنے جاکر انکار کردیتی۔

اسی طرح رشتے آتے رہے اور میں ان کو اپنے معیار کے مطابق تول کر انکار کردیتی۔ میرے دماغ میں ان دنوں نجانے کیا تھا' بعض اوقات تو میری والدہ بھی پریشان ہوجاتیں کہ تم نے اتنے اچھے رشتہ کا انکار کردیا؟ مگر میں ڈھٹائی کے ساتھ کہتی کہ "ماما کوئی مسئلہ نہیں آج یہ گئے ہیں تو کل ان سے اچھا ہی آئے گا" مگر وہ کل نہ آیا' میں اسی طرح رشتہ ٹھکراتی رہی اور وقت گزرتا گیا اور رشتہ آنا کم ہوتے گئے' جب اٹھائیس انتیس سال کی ہوئی تو رشتہ آنا بالکل ہی بند ہوگئے' اس وقت میرا معیار بھی کم ہوگیا مگر رشتے نہ آتے۔ بعض رشتہ داروں کی طرف سے بھی رشتے آئے مگر میں نے انہیں بنا سوچے سمجھے انکار کردیا تھا ان کی بہترین جگہ پر شادیاں ہوئیں اور خوشگوار ترین گزار رہی ہیں اب وہ بچوں میں کھیل رہے ہیں اور میں اپنے رویے پر آج بھی شرمندہ ہوں۔ پھر دل کو بہلانے کیلئے نوکری کرنے کا سوچا مگر کوئی اچھی نوکری بھی نہ ملی۔ اب میں بہت پریشان ہوں' کوئی حل بتایئے۔ پوشیدہ امراض' ڈیپریشن کا شکار ہوں' پہلے مجھے دو ماہ کے بعد حیض آتا تھا' پھر تین ماہ کے بعد حیض آنا شروع ہوا اور اب یہ حال ہے کہ چھ ماہ بعد حیض آتا ہے' معدہ کے مسائل نے بھی سر اٹھالیے ہیں' بالوں میں سفیدی اترنا شروع ہوگئی ہے' جلد کو لاکھ سنبھالوں مگر پھر بھی جھریاں پڑ رہی ہیں' عبقری سے دیکھ کر اب وظائف بھی کرتی ہوں مگر کچھ اثر ہی نہیں ہوتا۔ کاش! اس وقت میرے معیار کا کوئی رشتہ آجاتا تو میری بھی شادی ہوجاتی یا میں اپنا معیار ہی کچھ کم کرلیتی۔

میں تو لٹ چکا! خدارا آپ اشتہاری عاملین سے بچیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ پچاس سال سے طب کے شعبہ پر ریسرچ کررہا ہوں' عرصہ دو سال سے عبقری کا مطالعہ کررہا ہوں' آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ بغیر کسی لالچ کے انسانیت کی خدمت کررہے ہیں' ایک نجی چینل پر ایک ماہر نجوم کا پروگرام دیکھ کر رابطہ کیا' انہوں نے مجھے بتایا کہ تم پر اور تمہاری زوجہ (جو کہ دونوں ٹانگوں سے معذور ہے) پر سخت کالا جادو ہے' تم پچاس ہزار روپے مجھے دو میں تمہاری بیوی کو ٹھیک کردوں گا' وہ چلے گی بلکہ بھاگے گی' میں نے انہیں دو قسطوں میں بذریعہ موبی کیش انہیں پیسے بھیج دیئے۔ تین دن بعد انہوں نے مجھے فون کرکے بتایا کہ دو پتلے قبرستان سے نکالے ہیں۔ اب تین تولے مشک جو کہ ہرن سے نکلتا ہے خرید کر عمل کرنا ہے مزید پچیس ہزار روپے بھیجیں میں نے عرض کیا کہ آپ نے پچاس ہزار روپے اسی کام کے لیے ہیں کہ آپ "کالے جادو کی کاٹ کریں گے" اب میں مزید رقم نہیں دے سکتا اور ابھی تک میری بیوی کو کچھ بھی فائدہ نہیں ہوا۔ میری بات سن کر وہ غصہ میں آگئے اور مجھے دھمکیاں دینا شروع ہوگئے کہ یہ عمل تم پر الٹا بھی پڑسکتا ہے' تم مزید مصیبت میں پھنس سکتے ہو' اگر تم نے پیسے نہ بھیجے تو میں تم پر موکلات چھوڑ دوں گا ساری عمر سکون کو ترسوں گے۔ میں نے آگے اتنی مشکلات میں اس سے آگے کیا ہوں گی؟ تم نے جو کرنا ہے کرلو میں تمہیں مزید پیسے نہیں دوں گا۔ یہ کہہ کر میں نے فون بند کردیا۔ ابھی گزشتہ دنوں میں مجھے معلوم ہوا کہ اس کے دفتر پر آگ لگ گئی اور سب کچھ جل کر خاکستر ہوگیا اور اس کا لاکھوں کا نقصان ہوا۔

عبقری قارئین! آپ ایسے لوگوں سے ہوشیار رہیں کہ اس طرح کہ فراڈی اشتہاری عاملین سے بچیں۔ ان کی جتنی میٹھی زبان ہوتی ہے اتنی تیز چھری ہوتی ہے۔ میں تو لٹ چکا آپ خود کو محفوظ بنایئے۔ (ا۔ع، صادق آباد)

حلقہ کشف المحجوب

ہر گدڑی پہننے والا فقیر نہیں!

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سے حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ہم پیر علی ہجویری "حلقہ کشف المحجوب" کے باب "شریعت اور طریقت" کا خلاصہ پڑھیں گے۔ حضور سرور کونین ﷺ کے طریقوں کا نام شریعت ہے۔ آپ کی زندگی کا نام شریعت ہے ہمارا اوڑھنا' بچھونا' ہمارا اٹھنا بیٹھنا اس زندگی کے تابع ہوجائے۔ اللہ والے کبھی بھی ایسی چیز نہ بتاتے ہیں اور نہ اس کا رواج دیتے ہیں جو میرے مدینے والے' کملی والے ﷺ کے فرمان سے ٹکرا جائے تو کشف المحجوب صوفیاء کرام رحمہم اللہ کی ان کتابوں میں سے ہے جس میں توحید بھی ہے رسالت بھی ہے اور بدعات کا رد بھی ہے۔ بدعت کسے کہتے ہیں؟ بدعت کسے کہتے ہیں؟ اللہ کا حکم نہ ہو اور میرے رسول ﷺ نے نہ کیا ہو' صحابہ کرامؓ اور اہل بیتؓ کی زندگی سے بھی اس کا ثبوت نہ ملتا ہو اور ایک بندہ کہے کہ یہ طریقہ مجھے صحیح نظر آتا ہو اور وہ اس کو کر رہا ہو تو یہ بدعت ہے۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی میں یہ چیزیں نہیں تھیں جن کا مدینے والے ﷺ کی زندگی سے ٹکراؤ ہو۔ ہمارے سامنے ایک صاف' کھلا اور آسان راستہ ہے اور وہ کملی والے کا راستہ ہے جو اس راہ چلے گا وہی کامیاب ہوگا۔ طریقت آشنا باطن: شیخ نے ایک بات جو خاص طور پر فرمائی ہے کہ تو گدڑیاں پہن لے اور تیرا اندر فقیر نہ ہو میرے اللہ کو یہ مطلوب نہیں۔ شیخ کا یہ جملہ ہمارے سبق کا نچوڑ ہے کہ "یہ کام گدڑی پہننے سے نہیں بلکہ عشق الٰہی کی سوزش سے ہوتا ہے۔ جب طریقت کسی شخص کی آشنا ہوتی ہے تو اسکی امیرانہ قبا بھی فقیرانہ گدڑی کی طرح ہوجاتی ہے" جب طریقت کسی شخص کی آشنا ہوتی ہے۔ مدینے والے ﷺ کا عشق کسی شخص کا آشنا ہوتا ہے تو اسکا امیرانہ لباس خود ہی گدڑی بن جاتا ہے۔ کتنے ہی صحابی رضی اللہ عنہم اور اولیاء کرام رحمہم اللہ ایسے تھے جن کا لباس امیرانہ تھا' انہوں نے کبھی پیوند لگے کپڑے نہیں پہنے۔ پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی تو ہر روز ایک جوڑا بدلتے تھے۔ خواجہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کی امارت بہت زیادہ تھی۔ فقیری کا تعلق اگر گدڑی سے ہوتا تو جو گدڑی پہنتا وہ فقیر بن جاتا اس کا تعلق دل کی دنیا سے ہے ظاہر کی دنیا سے نہیں ہے۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب پیشہ نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کفالتی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ' بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 123

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر بچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

آنکھوں پر جناتی اور شیطانی چیزوں کا جادو

ایک صاحب میرے پاس آئے کہنے لگے: پہلے تو میں سمجھتا رہا شاید میری آنکھ میں کوئی تکلیف ہے آنکھوں میں ہر وقت سامنے دھند آتی تھی غبار اور دھول آتی تھی یہ دھند غبار اور دھول مستقل میری طبیعت پر چھائی رہی اور میں پریشان ہوا پھر آنکھوں کے بہت معالجین کو ڈاکٹروں کو چیک کروایا لیکن فائدہ بالکل نہ ہوا آخر کار کسی عامل کے پاس گیا اس نے خدشہ ظاہر کیا کہ آپ کی آنکھوں پر جناتی اور شیطانی چیزوں نے جادو کیا ہوا ہے اور اس جادو کا بہترین حل کوئی بڑا عامل ہی کر سکتا ہے عام بندے کا بس نہیں۔ بس یہ باتیں میں سنتا رہا پھر ایک پھر دوسرے کے پاس اس طرح کئی لوگوں کے پاس میرا جانا ہوا لیکن مجھے فائدہ نہ ہوا اور میں ہمیشہ مایوس لوٹا۔ وہ صاحب میرے سامنے بیٹھے یہ باتیں کر رہے تھے اور میں ان کی باتیں سن رہا تھا وہ بہت دکھی تھے مجبور تھے مایوس اور پریشان تھے وہ اپنے دکھوں زخموں اور مشکلات کا علاج چاہتے تھے۔ ابھی ہم باتیں ہی کر رہے تھے تو اچانک حاجی صاحب تشریف لائے مجھے بڑی خوشی ہوئی میں نے آتے ہی حاجی صاحب کو ان کے سارے حالات بتائے کہ اس طرح کے معاملات ہیں۔

جنات نے آگ کا برا منایا

حاجی صاحب تھوڑی دیر مراقب ہوئے اور مراقبہ سے اٹھے تو فرمانے لگے کہ دراصل اس کے گھر میں ایک درخت تھا اس کے نیچے اس نے کھانا پکانے کیلئے آگ جلائی اس کے اوپر جنات کا بسیرا تھا انہوں نے اس کا برا منایا اب دھوئیں کا جواب دھوئیں سے دیا اور اس کی آنکھوں کے سامنے ایسے پردے ڈال دیئے کہ اس کو ہر وقت دھواں ہی دھواں نظر آتا تھا حاجی صاحب نے مٹھیاں بند کیں اور کچھ پڑھنا شروع کیا میں خاموش بیٹھا یہ سارا منظر دیکھ رہا تھا تھوڑی دیر ہوئی ایک گونج اٹھی اور گڑگڑاہٹ سی محسوس ہوئی جب دیکھا تو سامنے خوفناک حالت میں بہت زیادہ جنات ہیں اور ان کے منہ سے شعلے، آنکھوں سے شعلے، کانوں سے بھاپ اور آگ نکل رہی تھی ان کی انگلیوں اور ہاتھوں سے مسلسل آگ نکل رہی تھی اور شرارے نکل رہے تھے۔

ان کی آواز اور الفاظ میں تکبر اور غرور تھا

وہ سامنے آکر بیٹھ گئے لیکن وہ بے بس محسوس نہیں ہوتے تھے ان کے مزاج میں ان کی آواز میں ان کے الفاظ میں اور ان کے انداز میں تکبر اور غرور تھا ایسا تکبر اور غرور تھا کہ جیسے وہ ابھی سب کو کھا جائیں گے سب کو ہضم کر جائیں گے۔ انہوں نے آتے ہی کہا کہ آپ نے ہمیں پریشان کیوں کیا؟ ہمارے معاملات میں دخل کیوں دیا؟ ہمیں یہاں کیوں بلایا؟ حاجی صاحب بڑے تحمل اور بردباری سے ان کے اس بداخلاقی کے لہجے کو سن رہے تھے تھوڑی دیر میں انہوں نے اور اونچا بولنا شروع کر دیا حاجی صاحب یہ بھی خاموشی سے سنتے رہے۔

آپ نے کچھ لوگوں کا جینا حرام کیا ہوا ہے

اس کے بعد حاجی صاحب بولے: ہم نے آپ کو اس لیے بلایا ہے کہ آپ نے کچھ غریب اور فقیر لوگوں کا جینا حرام کیا ہوا ہے اور اس شخص کی آنکھیں بند کر دی ہیں اور ہم آنکھیں خود کھول سکتے ہیں اتنا کہنا تھا کہ وہ شخص اپنی آنکھوں کو ہاتھ لگا کر پھٹی پھٹی آنکھوں سے عالم کو دنیا کو دیکھ رہا تھا اور کہہ رہا تھا واقعی میری آنکھیں کھل گئی ہیں اور میرا جسم صحت مند اور طبیعت میں فرحت ہے۔ حاجی صاحب پھر ان جنات کی طرف متوجہ ہوئے۔ فرمانے لگے: آگ جلانا ان کا حق ہے اگر تم درختوں پر رہتے بھی ہو تو اپنا تحفظ خود کرو۔ غریب تھے آگ لگائی اور جلائی آگ جلا کر انہوں نے کھانا پکایا یہ کوئی ان کا قصور نہیں بلکہ تمہارا قصور ہے تم ایک پل میں ناراض ہو گئے اور اتنا اچانک سیخ پا ہو گئے۔ اگلی بات تمہارا لہجہ اور تمہارا انداز کیسا ہے؟ یہ انداز اچھا نہیں ہے جو تم نے اختیار کیا ہے اور اس انداز سے تمہارے مزاج میں محسوس ہوتا کہ تمہارے اندر کسی کا کوئی ادب کوئی احترام اور کوئی کسی کے ساتھ محبت کا سلوک کا کوئی تعلق نہیں تم میرے ساتھ ایسا کر رہے ہو تم اس سے پہلے کتنے لوگوں کو تکلیف دے چکے ہو گے اور کتنے لوگوں کی زندگی کو گھٹن زدہ کر دیا ہو گا؟

ہم آپ کی کوئی بات نہیں مانیں گے!

حاجی صاحب کے چہرے پر جلال اور غصہ تھا اور حاجی صاحب اپنے جلال اور غصہ سے مسلسل بول رہے تھے اور فرما رہے تھے یہی جنات ہیں جو کہ قوم جنات کی بدنامی کا ذریعہ بنتے ہیں اور جنات کے بارے میں لوگوں کے انوکھے تبصرے آخر کیوں نہ درست ہوں کیونکہ انہی جنات نے جنات کیلئے بہت زیادہ مشکلات اور پریشانی پیدا کی ہے۔

حاجی صاحب ان کی طرف دیکھ کر فرمانے لگے: میرے دل میں یہ ہے کہ تمہیں کچھ عرصہ کیلئے قید کر دوں حاجی صاحب کا یہ فرمانا تھا کہ ان کا تکبر اکڑ اور آگ اور بڑھ گئی وہ کڑک دار آواز میں بولے: آپ کون ہوتے ہیں ہمیں قید کرنے والے؟ ہم آزاد ہیں آزاد رہیں گے ہم آپ کی کوئی بات نہیں مانیں گے۔

حاجی صاحب کے چہرے پر جلال اور غصہ

بجائے اس کے کہ حاجی صاحب کی بات کا وہ ادب کرتے احترام کرتے اور ان کی بات کی وہ قدردانی کرتے۔ وہ اور زیادہ بھڑک گئے اور بداخلاقی میں اور زیادہ بڑھ گئے۔ حاجی صاحب نے اس کو بہت زیادہ محسوس کیا اور بہت زیادہ غصہ اور جلال میں آگئے۔ آپ نے اپنے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کو ملایا اور ایک حلقہ بن گیا اور انہیں حکم دیا اس حلقے سے گزر جاؤ نامعلوم کیا ہوا اچانک ایک ہوا آئی اور وہ بہت تیز تھی اس نے نہیں لپیٹنا شروع کر دیا بالکل اسی طرح جس طرح مکڑی مکھی کو اپنے جالے یا کیڑے کو اپنے جالے میں لپیٹتی ہے۔ انہوں نے بہت شور کیا غیض و غضب میں آئے جبکہ زبان میں ان کی غلاظت خباثت بڑھ گئی وہ ہوا انہیں لپیٹ رہی تھی اور ان کا حلقہ تنگ سے تنگ ہو رہا تھا حتیٰ کہ ان کی چیخیں بھی آہستہ ہو گئیں ہوا تہہ در تہہ ان کو اپنی تہہ میں لے رہی تھی۔ حاجی صاحب نے انگوٹھے سے حلقہ بنایا ہوا تھا اور غصہ اور جلال میں تھے میں یہ سب دیکھ رہا تھا وہ شخص جس کی آنکھوں میں پردے تھے اب اس کی آنکھوں سے پردے ختم ہو گئے وہ بھی یہ سب منظر دیکھ رہا تھا لیکن خوشی سے دیکھ رہا تھا۔

حاجی صاحب کی پھونک اور اطمینان کا سانس

تھوڑی دیر ہوئی ان کا جسم ایک لمبی تار کی طرح اور موٹے

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

رسے کی طرح ڈھل گیا اور حاجی صاحب کی انگلی اور انگوٹھے کے حلقے سے نکلنے لگے اور اس کے بعد حاجی صاحب نے اپنی انگلی اور انگوٹھے کو چھوڑ دیا اور ایک پھونک مار دی اور اطمینان کا سانس لیا۔ فرمانے لگے: دراصل یہ جنات کی وہ قوم تھی جو دھوئیں سے بنی ہے' ان کے مزاج میں شرارت، غصہ' ہٹ دھرمی' بغض' کینہ اور نفرت بہت زیادہ بھرا رہتا ہے اور یہ وہ جنات ہیں جو کسی کی بات نہیں مانتے' بس صرف اور صرف یہ سزا' جیل اور سختی کی بات مانتے ہیں' انہیں میں نے ٹھٹھہ کی جیل میں ڈال دیا اور یہ مکلی کے قبرستان کی بڑی جیل (جناتی جیل) میں اب جلتے سڑتے رہیں گے۔

انگوٹھے اور انگلی کے حلقہ سے کیا مراد؟

مجھے حیرت ہوئی میں نے حاجی صاحب سے عرض کیا: یہ آپ نے انگوٹھے اور انگلی کا جو حلقہ بنایا ہے اس سے مراد کیا ہے؟ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ آپ نے یہ حلقہ بنایا' اس حلقہ میں آپ نے ان سب کو لپیٹ دیا۔ حاجی صاحب نے فرمایا: دراصل اس حلقے میں اسم اعظم کا امر ہے اور جو کچھ ہوتا ہے اللہ کے نام کی طاقت سے ہوتا ہے اور اس حلقے سے بہت طاقت اور قوت پیدا ہوتی ہے جو بڑے بڑے جنات کو عاجز اور مجبور کر دیتی ہے۔ یہ دراصل طاقت ہر جن کے پاس نہیں ہوتی کیونکہ میرا براہ راست ایک تعلق ہے اور براہ راست ایک نسبت ہے' یہ چیز مجھے ملی ہوئی ہے اور یہ اسم یَامُتَکَبِّرُ کا کمال اور طاقت ہے۔ میں حاجی صاحب کی باتیں حیرت سے سن رہا تھا اور میرے دل میں تصور' اللہ کی ذات عالی کی طاقت بڑھتی چلی جا رہی تھی اور اللہ کا تعارف بڑھتا چلا جا رہا تھا۔ اس سے پہلے مجھے سمجھ نہیں آئی کہ اللہ کا تعارف کیا ہے؟ مجھے کوئی سمجھ نہیں تھی لیکن جب سے میں نے حاجی صاحب کا یہ عمل دیکھا تو مجھے احساس ہوا کہ اللہ تعالیٰ طاقت ور ہے میں یہ نہیں کہتا کہ اس سے پہلے مجھے اللہ کا تعارف تھا ہی نہیں لیکن بعض ماورائی' انہونی اور انوکھی چیزیں ایسی ہوتی ہیں جو بظاہر سمجھ نہیں آتیں عقل انسانی شعور احساس اس میں ساتھ چھوڑ جاتا ہے لیکن وہ سچ ہوتی ہیں اور وہ حقیقت ہوتی ہیں۔

جنات کی دوستی نے رب کے قریب کر دیا

مجھے جنات کی دوستی اور تعلق نے رب کے بہت قریب کر دیا ہے اور مجھے احساس ہوا ہے کہ یہ جنات مخلوق ہے' جب مخلوق میں اتنی طاقت' قوت اور اتنی انوکھی دنیا ہے تو پھر خالق میں کتنی طاقتیں اور کتنی قوتیں ہوں گی۔ خالق کتنا طاقت ور اور باکمال ہے اور ہوگا۔ میں نے حاجی صاحب کے ساتھ زندگی کے بہت سال گزارے ہیں۔ میں نے ان کی زندگی میں اللہ کی ذات کے ساتھ تعلق دیکھا' قرب دیکھا' محبت دیکھی' اللہ کی ذات کے تعلق کے ساتھ ان کی زندگی میں میں نے پانا دیکھا۔ وہ ایک ایسی عظیم ہستی ہیں جنہوں نے دن رات صرف اور صرف ذات الٰہی کی تاثیر پائی اور معجزات دکھائے اگر میں یہ کہوں کہ مجھے اللہ کی ذات کا تعارف تو پہلے دن ہوا تھا کیونکہ میں نے کسی مسلمان کے گھر آنکھ کھولی تھی لیکن اس کا کمال پہنچانے میں جن ہستیوں کا ہاتھ ہے ان چند ہستیوں میں ایک حاجی صاحب بھی ہیں۔ حاجی صاحب ایسی ہستی ہیں جو خلوص اور شرافت کے سچے پیکر ہیں' میں یہ ساری سوچیں وہی بیٹھے ہی سوچ رہا تھا۔ حاجی صاحب سامنے بیٹھے تھے' اچانک میں اپنی سوچوں کے تانے بانے توڑ کر باہر نکلا تو مجھے احساس ہوا کہ بہت دیر ہوگئی' اب اس شخص کی طرف متوجہ ہوا جس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا تھا سایہ تھا میں نے اس شخص کو کہا جا تیرا کام ہوگیا اور حاجی صاحب کا شکریہ ادا کر اس نے حاجی صاحب کا شکریہ ادا کیا اور چلا گیا۔

اب جیل میں ان جنات کے ساتھ کیا ہوگا؟

میں نے حاجی صاحب سے عرض کیا کہ یہ جنات جنہیں آپ نے قید کر کے جیل میں بھیجا ہے اب جیل میں ان کے ساتھ کیا سلوک ہوگا' فرمانے لگے: جیل میں درجات ہیں' کچھ سخت' کچھ اس سے سخت اور کچھ بہت زیادہ اتنا زیادہ کہ جس میں خود جنات بھی دہل جاتے ہیں اور لرز جاتے ہیں' ان کو میں نے جنات کی جیل کے سب سے آخری درجے میں بھیجا ہے کیونکہ ان کے مزاج کی سختی اور ان کے دھوئیں سے بنے ہوئے نظام کی وہی جیل ہی اصلاح کر سکتی۔ عام جیل کو خود یہ توڑ دیں گے مزید اور قیدیوں کو مار ڈالیں گے اور ان کو بھی ختم کر دیں گے کیونکہ اس طرح کے ہمارے ہاں کئی واقعات ہو چکے ہیں ہم نے جب بہت زیادہ خبیث اور دھوئیں سے بنے ہوئے جنات کو جیل میں ڈالا تو وہاں اور جنات بھی تھے جو کسی اور جرم میں قید تھے' انہوں نے جا کر طوفان برپا کیا اور انہیں مار ڈالا اور بعض اوقات جیلیں توڑ کر نکل گئے۔

یہ وہ جیل ہے جس میں سخت ترین پہرہ ہے

یہ جیل جس میں ان کو قید کیا وہ خاص جیل ہے جو عام قیدی کے گمان' خیال اور احساس میں آ ہی نہیں سکتے۔ یہ وہ جیل ہے جس میں سخت ترین پہرہ ہے اور سخت ترین جیل ہے۔ ان کو کئی کئی دن غذائیں نہیں دی جاتیں' کئی کئی دن ان کو پانی نہیں پوچھا جاتا' ہفتوں کے بعد جا کر ایسے قیدی سنبھلتے ہیں اور ان میں یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ ہم نے یہاں رہنا ہے تو کچھ اپنے آپ کو بدلنا ہوگا اور اگر یہ چیز ہم انہیں نہ دیں تو وہ اپنے آپ کو بدلنے کا فیصلہ ہی نہیں کرتے۔ آج میں حیران ہوا کہ حاجی صاحب نے ایسے شریر جنات کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔

سب سے زیادہ خطرناک قیدی جن

پھر مجھے اچانک یاد آیا کہ جب میں گزشتہ بار ٹھٹھہ مکلی کی جیل میں گیا تھا وہاں انہوں نے ایک جیل کے حصے کی طرف اشارہ کر کے بتایا یہ خطرناک قیدیوں کے لیے خصوصی جیل ہے جو سب سے زیادہ خطرناک قیدی اس جیل میں آتے ہیں ہم انہیں یہاں قید کرتے ہیں اور ان کو یہاں سخت سے سخت سزائیں دیتے ہیں' بھوک دیتے ہیں' فاقہ دیتے ہیں اور سخت تنگی دیتے ہیں تاکہ ان کی اصلاح ہو سکے وہ جب جیل سے باہر نکلے تو لوگوں کی تکلیف' پریشانی' مشکل کا ذریعہ نہ بنے بلکہ لوگوں کی راحت کا ذریعہ بنیں۔

جنات کی سو فیصد پراسرار زندگی

قارئین! سچ پوچھیں اللہ کتنا طاقت ور ہے اور اس کی مخلوق اور کتنی ہے یہ تو جنات ہیں اور میں بھی ابھی جنات کی سو فیصد پراسرار زندگی کو پہنچ نہیں سکتا' زندگی کا تھوڑا سا انداز ہے جس میں کچھ تھوڑا سا پہنچا ہوں لیکن ایک احساس ہمیشہ دل میں رہتا ہے کہ رب اپنی طاقت' قوت اور عظمت کا سچا وجود رکھتا ہے اور اللہ ہے' اتنا بڑا تو ہے جس اللہ نے اتنی بڑی مخلوق بنائی ہے وہ خود رب کتنا بڑا ہوگا۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل
اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 64 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

انوکھی شفاء
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کود چوٹ' موچ یا ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کر دیتا ہے۔
بڑی بات کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

فاقے قرض ختم! بیٹا ملا شادی کے اخراجات کا مسئلہ حل

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات، فاقے، بے روزگاری، بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

اس چھوٹی سی آیت کو پڑھا، مال، عزت اور زمین ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ (آمین)۔ حکیم صاحب عرصہ آٹھ دس سال سے آپ کی قاری ہوں کوئی مہینہ ایسا نہیں کہ میں نے عبقری رسالہ کا مطالعہ نہ کیا ہو۔ بہت دفعہ آپ کو خط بھی لکھا اور آپ نے جواب دیا ہے۔ رسالے سے بہت سے وظائف بھی کیے اور بے انتہا فائدہ پایا۔ اللہ تعالیٰ نے سوچ سے زیادہ دیا۔ ایک وظیفہ جواب تک جاری ہے اور جس کو میں چھوڑنے کا سوچ بھی نہیں سکتی وہ وظیفہ سورۃ الضحیٰ کی آیت نمبر 5 ہے، سارا دن اسے کھلا سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھا۔ اس آیت نے مجھے اتنا کچھ دیا ہے اور مل رہا ہے کہ بیان سے باہر ہے اپنی جگہ لے لی ہے اب اس کو بنانا ہے حکیم صاحب مجھے پتہ ہے آپ کی دعاؤں اور آیت کی برکت سے اللہ کریم نے مجھے اپنے غیب کے خزانوں سے اتنا عطا کر دیا ہے کہ میرے لیے کوئی مشکل مشکل نہیں رہتی۔ (مسز فواد، گوجرانوالہ)

انوکھا عمل! قرض ختم اور چار بیٹیوں کے بعد رب کریم نے بیٹا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ ایک سال سے ادارہ عبقری کے ساتھ وابستہ ہوں، رسالہ بڑے ذوق شوق سے پڑھتا ہوں، تمام درس سنتا ہوں، آپ نے ایک مرتبہ جمعرات کے درس میں ایک عمل بتایا تھا، ہم قرضوں میں ڈوبے ہوئے تھے، کوئی صورت نظر نہیں آرہی تھی، ہم نے وہ عمل قرض کے لیے کیا اور اللہ رب العزت نے ہمیں اس سے بہت فائدہ دیا۔ ہمارا قرض اتر گیا۔ ایک جاننے والے کو بتایا اس کی چار بیٹیاں تھیں اس نے یہ عمل کیا تو اللہ رب العزت نے اسے بیٹے سے نوازا ہم نے بھی یہ عمل 60 دن کیا اور اس نے بھی۔ عمل درج ذیل ہے: ایک کلو گندم یا چاول لیں اور کسی معصوم بچے سے ایک مٹھی بھروالیں اور اُن نکالے گئے دانوں پر اللہ الصمد کا ورد کریں (ہر دانے پر ایک مرتبہ اللہ الصمد پڑھنا ہے) اور بقیہ دانوں میں ملا کر مچھلیوں کو ڈال دیں، 60 دن یا 90 دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ حکیم صاحب اللہ آپ کو جزائے خیر دے، دعاؤں کی درخواست ہے۔ (خالد محمود بن حنیف، لاہور)

پیسوں کا مسئلہ حل، قرض ختم! بیٹی کی زندگی برباد ہونے سے بچ گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الم نشرح کے بہت کمالات ہیں جب بھی کرتا ہوں مسئلے حل ہو جاتے ہیں۔ تقریباً چار سال سے ہر مہینے آپ سے ملاقات کا ٹائم مل جاتا ہے۔ ہمارے تمام گھر پر، ہر کام پر بندش تھی الحمدللہ! یہی سورت بے شمار مرتبہ پڑھنے سے ہر قسم کی بندش ختم ہوگئی۔ بیٹی کو امتحان میں کامیابی ملی جس کی امید بھی نہ تھی۔ بیٹی کی شادی کے سارے معاملات میں آسانی ہوئی، قرضوں سے خلاصی ہوگئی۔ گھر میں لڑائی جھگڑے پہلے سے انتہائی کم ہوگئے، میری جائیداد کا مسئلہ تھا، یہی سورت لاتعداد باوضو پڑھنے سے مسئلہ حل ہوگیا، بیٹی کا پہلے رشتہ ایک جگہ کیا، یہی سورت لاتعداد پڑھنے سے ان کی کافی باتیں ہمارے سامنے آگئیں، ہم نے رب کریم کا شکر ادا کیا اور رشتہ ختم کیا اگر وہاں رشتہ ہو جاتا تو بیٹی کی زندگی برباد ہو جاتی، الحمدللہ! سورۂ الم نشرح کی برکت سے ہماری بیٹی کی زندگی برباد ہونے سے بچ گئی۔ اس سورۂ نے ہمارے گھر سے تمام مسائل حل کروا دیئے۔ (محمد نعیم، قصور)

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 143

پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں خیبر کے یہودیوں نے ایسی باغیانہ روش اختیار کی کہ نہ صرف مسلمانوں کے معاملات میں خیانت کی اور ان میں تباہی پھیلانی چاہی بلکہ حضرت عمرؓ کے صاحبزادے عبداللہ رضی اللہ عنہ کو بالاخانہ سے نیچے پھینک دیا جس سے ان کے ہاتھ ٹوٹ گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو خیبر سے جلاوطن کیا مگر رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ان سے یہ معاہدہ ہوا تھا کہ وہ نصف زمین اور نصف پیداوار کے حصہ دار ہوں گے اس لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو جلاوطن کرتے وقت نصف زمین اور نصف پیداوار کے معاوضے میں سونے چاندی اور اونٹوں کے پالان دیئے۔ فدک کے یہودیوں نے بھی سیاسی بغاوت کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بھی جلاوطن پر مصالحت کی تھی اس لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو جلاوطن کرتے وقت نخلستان اور اراضی میں ان کا جتنا حصہ ہوتا تھا اس کی عادلانہ قیمت تجویز کرنے کیلئے چند واقف کاروں کو بھیجا اور انہوں نے جو تجویز کی اس کے مطابق قیمت دیدی گئی۔

''پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں، گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' ''امن اور عبقری'' انسانیت اور رواداری'' کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

درود شریف سے وبائی اور دیگر امراض کا یقینی علاج

ایک اللہ والے کو خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ﷺ نے انہیں فرمایا جو کوئی یہ درود شریف مجھ پر بھیجے گا طاعون اور دیگر وباؤں (جان لیوا بیماریوں) سے محفوظ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ (محمد سعید علوی، چکوال)

گردے
مختصر دوائی فائدے بے شمار
کمزور گردے، پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری، یور یا یورک ایسڈ، کریٹنن ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں
گردے کے مریض کو جہاں شفا یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری، ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔
(قیمت صرف 230 روپے)

اپنے آپ کو بے حیثیت نہ سمجھیں! اپنی صلاحیتوں سے بڑھاپا خوشگوار بنائیے!

احمد خاں خلیل، بی ایس سی

کوئی ہنرمند، دست کار، مصور، مصنف، شاعر، کسان، استاد، مزدور جو ایک عمر تک جی لیتا ہے۔ کیا وہ اپنی بنائی ہوئی چیزوں، اپنے کیے ہوئے کاموں، اپنی تخلیقات کے تناسب، حسن، ہم آہنگی، رموز اور فیوض کا بہتر شعور نہیں رکھتا؟

اگر آپ تسلیم کرتے ہیں کہ وہ شعور رکھتا ہے تو آپ کی زندگی بھی ایک ایسی ہی شے ہے ایک ایسا ہی تجربہ ہے جسے آپ نے بڑھاپے تک جاری رکھا ایک ایسا پھول ہے جسے آپ نے عمر بھر سنبھالا اس سے محظوظ ہوئے اس نے آپ کو چیلنج دیئے جنہیں پورا کرنے کے لیے آپ نے اپنی بہترین صلاحیتوں کو مجتمع کیا اور ب طریق احسن چیلنج کا جواب دیا، اس کے محاسن کو سمجھا اس سے پیار کیا اس سے سرگوشیاں کیں، اسے چاہا۔ اور اب جب آپ ۶۰، ۷۰ یا ۸۰، ۹۰ برس کے ہو چکے کیا آپ اس پھول کے حسن کا ادراک نہیں کر سکتے؟

ادراک کر سکتے ہیں تو پھر آپ اس کو جھٹک کر ایک طرف پھینک نہیں سکتے، آپ اس کو مسترد نہیں کر سکتے۔ آپ اس کو مصیبت اور بلائے بے درماں نہیں کہہ سکتے۔ آپ کا جسم وہی جسم ہے ماں باپ گود میں لے کر جس کی بلائیں لیتے تھے۔ آپ وہی تو ہیں جو بستہ اٹھا کر سکول جاتا تھا۔ وہی تو ہیں جو نقش کھینچتا تھا، چیزیں بناتا تھا، پڑھاتا تھا، روزی کماتا تھا، شادی غمی کی تقریبات میں شامل ہوتا تھا اور کبھی روح محفل بن کر محفل کو گرماتا تھا۔ سچ مچ آپ وہی ہیں اپنے آپ کو گیا گزرا مت سمجھئے۔ اپنے آپ پر افسوس مت کیجئے، آپ وہ حرف ہیں جو نکھر کر لفظ دانش بنا، آپ اس چیز کی خوش بو ہیں جو کبھی پھول تھا۔ پھول مرجھا گیا، لیکن اس کی خوشبو باقی ہے۔ اب آپ کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے۔ اپنا شعور اپنے گھر میں، اپنے پوتوں اور نواسوں، پوتیوں اور نواسیوں میں اپنے گرد و پیش میں بکھیریں، اپنے ادراک حسن زندگی سے تشنگاں کی پیاس بجھائیں، متذبذب اور متردد کی رہنمائی کریں، اپنے ناظرین و سامعین کے سامنے ہم آہنگی اور تناسب اور جہد مسلسل کے طبی اور روحانی اثمار کی نشان دہی کریں۔ گھر کے برآمدے کی آرام کرسی پر بیٹھ کر، بستر پر لیٹ کر، ہسپتال رہ کر، بیساکھیوں سے چل کر بھی آپ ایسا کر سکتے ہیں اور پھر آپ کا بڑھاپا آپ کے لیے بوجھ یا زحمت نہیں ہوگا، رحمت ہوگا۔

آپ ایک امانت کے امین ہیں، زندگی کے تجربات کی امانت، سفید بالوں کی امانت، ایمان و یقین کی امانت، ہنر مندی اور چابک دستی کی امانت اور ان سب باتوں کے نتیجے میں حقائق کے شعور کی امانت۔ یہ امانت نظم کائنات کے مطابق آپ کو آگے منتقل کرنی ہے۔ اپنی آخری سانس تک آہستہ آہستہ اسے منتقل کرتے رہئے۔ آخری سانس جب اس بار سے سبکدوش ہوگا تو ایک طرح کا اطمینان ایک طرح کی تسکین آپ کو اگلی دنیا میں لے جانے کے لیے منتظر ہوگی۔

کوئی دانا بینا امانت کی گٹھڑی کو بھنا کر باہر پھینک نہیں دیتا۔ آپ نے زندگی میں تحمل پر عمل کیا ہے، پانی اور آگ کے طوفانوں کے خلاف ڈٹے رہے ہیں، بادِ مخالف میں اپنے ڈونگے کو کھیتے رہے ہیں۔ اب یہ درد، یہ زخموں کی ٹیسیں، یہ کمزوری آپ کے لیے کیا حیثیت رکھتی ہے۔ کبھی آپ مصائب کا زورِ بازو سے مقابلہ کرتے تھے۔ اب آپ متانت، سنجیدگی، خندہ پیشانی سے، خیال کے زور سے، حکمت و دانش سے، اپنے ظرف کی وسعت سے اس کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ لیبارٹری میں زیر تیاری کوئی دوا یا کوئی چیز درجنوں مراحل سے گزرتی ہے آخری مرحلہ اسے کندن بناتا ہے۔ اس لحاظ سے اب آپ کندن ہیں۔ آپ کا کام ہے شفا بخشی۔ اپنے آپ کو بے وقعت چیز نہ سمجھیں۔ آپ ایک باوقار معمر شخصیت کی حیثیت سے حسن و شعور کا ادراک تقسیم کرنے میں منہمک رہیں۔ اگر ساتھ والا نہیں تو اوپر والا تو آپ کو دیکھ رہا ہے۔

بڑھاپا! زندگی کا شاندار حصہ! آئیے اپنی شان کو قائم دائم رکھیں!

روحانی اعتبار سے آپ کو زندگی قدرت کی طرف سے تحفہ میں ملی تھی آپ نے اسے توفیق ایزدی میں گزارا اگر کوئی کسر رہ گئی ہے تو ارحم الراحمین معاف کریگا۔ رات کی تنہائیوں میں اور صبح کی پھوٹتی کرنوں میں آپ اپنے رب سے مغفرت طلب کرتے رہیں۔ وہ بخشن ہار ہے۔ توفیق الٰہی سے آپ منجدھار سے گزرے ہیں اور خوب گزرے ہیں ورنہ کتنے ڈوب کر پھر ابھر نہ سکے۔ آپ کی پونجی مال و متاع نہیں، زر و جواہر نہیں، منجدھار سے گزرنے کا تجربہ ہے۔ آپ اس تجربے کو اپنے سینے میں دفن نہ کریں۔ یہ انسانیت کی امانت ہے۔

زندگی ایک تسلسل ہے، ریلے ریس جیسا تسلسل، ایک کھلاڑی ٹوکن لے کر ایک منزل تک دوڑتا ہے۔ وہاں ایک اور کھلاڑی ٹوکن سنبھالنے کے لیے تیار کھڑا ہے۔ یہ سلسلہ ازل تا ابد ہے۔ زندگی کا تسلسل۔ آپ کے آباواجداد نے آپ کو امانت سونپی۔ آپ نے اسے برتا۔ اس میں اضافہ کیا آپ بوڑھے ہوئے ہیں تو اب آپ کی صلبی یا معنوی اولاد اس بار امانت کی منتظر ہے۔ زندگی ایک حسن ہے۔ اس کا ایک روپ بچپن، دوسرا جوانی اور تیسرا بڑھاپا ہے۔ بڑھاپا ایک حسن ہے۔ جس طرح کوئی درخت موسم میں پھوٹتا ہے تو اس کے روشن پھول بہار دیتے ہیں۔ آپ کے غنچے پھوٹنے کا یہی موسم ہے۔ اگر کسی کو بڑھاپے کی شان نظر نہیں آتی تو اس کی آنکھوں کا قصور ہے۔ آپ اپنی شان کو قائم رکھیں۔ باد مخالف تو چلنی ہی چلنی ہے، کشتی کو ڈولنا ہی ڈولنا ہے، تکلیف پیش آنی ہی آنی ہے، بیماری لگنی ہی لگنی ہے۔ تو پھر بڑھاپے کے ادراک حسن اور شعور کو بھی اپنا جادو جگانا ہی جگانا ہے۔ آپ سے پہلے ننانوے ہزار نسلیں گزر چکی ہیں۔ آپ ایک لاکھویں نسل سے ہیں، آپ اپنا لاکھ نسل ہائے انسانی کا ورثہ شان سے، وقار سے، تمکنت و افتخار سے اگلی نسل کو منتقل کریں۔ یہ سب کچھ جبھی ہوسکتا ہے کہ آپ کو یقین ہو کہ بڑھاپا ایک فطری عمل ہے۔ یہ افسانہ و فسوں نہیں بلکہ ایک ٹھوس حقیقت ہے یہ پچھلی اور اگلی دنیا کے درمیان ایک پل ہے۔ آپ سینکڑوں آگ اور سیلاب کے طوفانوں سے گزر آئے ہیں اس سے بھی آپ گزر جائیں گے۔ احتیاطوں اور تدبیروں پر ضرور عمل کریں، باقی اللہ پر چھوڑیں۔ حدیث شریف الاعمال بالخواتیم کی تفسیر اس حدیث شریف کے مطالعے سے آپ پر بڑھاپے کی اہمیت بھی واضح ہو جائے گی خواتیم، خاتمے کی جمع ہے۔

حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بندہ (بظاہر) دوزخیوں کے کام کرتا ہے وہ (حقیقت میں) جنتی ہوتا ہے اور (اسی طرح) وہ (بظاہر) جنتیوں کے کام کرتا ہے (حقیقت میں) دوزخی ہوتا ہے اور اعمال کا اعتبار خواتیم پر ہے (یعنی کس عمل پر اس کا خاتمہ ہوتا ہے)۔ (استفادہ از شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کھانسی، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کروں
گلے کی خراش نسیان منہ میں چھالے پڑنا آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
قیمت 120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

پھر انسانیت سے مایوسی کیوں؟

کھیت کے کنارے پہنچ کر مجھے حیرت ہوئی کہ قدیم باغ کو کٹوا کر جب اس کھیت میں پہلی فصل راقم السطور نے بوئی تھی زمین چونکہ بہت زرخیز تھی بغیر کیمیاوی کھاد کے دوسری زمینوں سے تین گنا گنا اس میں پیدا ہوا تھا' اب وہ کھیت بالکل بنجر ہوگیا تھا اور اس میں جھاڑ جھنکار کھڑے ہوئے تھے' بظاہر ایسا لگ رہا تھا کہ یہ کھیت اب کھیتی کے لائق نہیں اور اس میں کھیتی بہت مشکل ہے' اصل میں یہ ہمارا ایسا موروثی کھیت تھا کہ اس میں باپ، دادا اور ان کی اولاد کے بیسوں نام تھے اور کھیت بالکل چھوٹا تھا بعد وہ سرکاری کاغذات میں بنجر کردیا گیا تھا اور اس کو ایک ہریجن کو دے دیا گیا تھا جس شخص کو دیا گیا اس نے اس میں کھیتی کی' مگر اس کے مرنے کے بعد اس کے چار لڑکوں نے اس کی طرف توجہ نہیں کی' مجھے خیال ہوا کہ یہ زرخیز ترین کھیت چند سال کھیتی نہ کرنے پر ایسا بنجر دکھائی دینے لگا کہ اس میں کھیتی مشکل دکھائی دینے لگی' جب کہ جمنا اور گنگا کے کنارے کتنے ٹیلوں اور ویرانوں پر پنجاب کے سرداروں نے محنت کرکے ان کو ہموار کرلیا اور کیسے لہلہاتے کھیتوں میں تبدیل کرلیا' یہ سوچ ہی رہا تھا کہ راقم السطور کو اس کائنات کے مالک کی لہلہاتی انسانیت کا خیال آیا کہ پیدا کرنے والے خدا نے اس کائنات کو اپنی معرفت کیلئے پیدا کیا ہے۔ انسانوں کے دلوں کو اپنی معرفت' محبت یعنی ایمان کا محور و مرکز بنایا ہے' انسان کسی ملک کا یا قوم کا ہو اس کے دل کی زمین کو اپنی ذات پر ایمان' اپنی محبت و معرفت کے لیے زرخیز بنایا ہے' اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ اور ان کے صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین جب تک اس زمین میں ایمان و یقین کے بیج بوتے رہے اور اس کھیتی کا حق ادا کرتے رہے تو نبی کریم ﷺ کے بعد پچاس سال میں ساٹھ فیصد دنیا پر اسلامی قانون کی حکمرانی ہوگئی اور جس دل میں ایمان کا بیج ڈالا گیا وہاں سے ایمان کا پودا لہلہاتا نظر آیا۔ سورۂ ابراہیم میں ہے: ''ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا' اللہ نے کیسی مثال دی' ایک پاکیزہ کلمہ پاکیزہ درخت کی طرح ہے' جس کی جڑیں مضبوط ہیں اور شاخیں آسمان میں ہیں وہ اللہ کے حکم سے ہر آن اپنا پھل دیتا ہے اللہ تعالیٰ لوگوں کیلئے مثال بیان کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔'' (ابراہیم 24،25)

اور اس کے بعد زمین پر کھیتی کی ذمہ داری کے حق سے اس زمین کے کسان نبی ﷺ کے امتی جب غافل ہوئے اور ہر ایک نے یہ سوچنا شروع کیا کہ یہ تو سب کی میراث ہے دوسروں کی ذمہ داری بھی تو ہے تو دلوں کی یہ زمین ایسی ویران اور بنجر ہوگئی اور اس میں شرک و بت پرستی' مادیت' باطل نظریات و افکار اور مذہب کے جھاڑ جھنکار پیدا ہوگئے اور اس کھیتی کی ذمہ داری پر فائز نسلوں کو یہ خیال ہونے لگا کہ اب دلوں کی اس بنجر اور جنگل بنی زمین میں دعوت ایمان یعنی ایمان کی کھیتی کا کام کیسے ممکن ہے حالانکہ زمین پر طرح طرح کے جھاڑ جھنکار کا قبضہ ہونا اس بات کی علامت ہے کہ زمین حد درجہ زرخیز ہے' کسان آئے اور کھیتی کرے' اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے دل کی زمین کو اپنی معرفت کی کھیتی کیلئے حد درجہ زرخیز بنایا اس کھیتی کی ذمہ دار ملت اسلامیہ کے افراد ہم اپنی ذمہ داری تو سمجھیں خصوصاً ہمارے ملک میں برادران وطن کا مذہب سے حد درجہ بڑھا ہوا تعلق اور اس کیلئے قربانی اور جوش اس بات کی علامت ہے کہ اس ملک کا ماحول اسلام و ایمان کیلئے حد درجہ سازگار بنے نہ جانے کیوں ہندوستان میں اپنے مذہب سے حد درجہ بڑھتا ہوا تعلق اور اس کیلئے قربانی کے جذبہ سے ہم پرامید ہونے کے بجائے مایوس ہوتے ہیں' ہمیشہ مذہب سے انسان کا تعلق اور اس کیلئے قربانی اپنے خدا کو راضی کرنے کیلئے ہوتا ہے' یہ اس بات کی علامت ہے کہ خدا کو راضی کرنے کی طلب زیادہ ہے' ہمیں صرف رہنمائی کا کام کرنا ہے آپ کا مطلوب ادھر ہے ادھر نہیں۔ کسی مجنونانہ طلب رکھنے والے کے مطلوب کی رہنمائی کتنی آسان ہے۔ کاش ہم سمجھ سکتے۔

ہر مشکل کا حل اور برکت کا خزانہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب بھی کوئی مشکل آتی ہے ہم تمام گھر والے کھلا اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کردیتے ہیں ہماری مشکل فوراً ختم ہوجاتی ہے۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَاوَارِثُ يَانَصِيْرُ کھانا پکاتے وقت يَاوَدُوْدُ پڑھ کر دم کرتی ہوں' بہت برکت ہوتی۔ (راحیلہ عبدالرحمن، مانسہرہ)

بے وفا شوہر نے طلاق دے دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سدا خوش رکھے۔ آمین! تین ماہ پہلے طبیعت خراب ہونا شروع ہوئی' پہلے مقامی ڈاکٹرز سے دوا لیتی رہی کہ شاید بخار وغیرہ یا پیٹ خراب ہوا ہے۔ وقتی آرام آتا مگر پھر طبیعت خراب' چند ہفتے جب ایسے ہی گزرے تو پریشانی بڑھی' ڈاکٹرز کے کہنے پر ٹیسٹ کروائے تو مجھے کالا یرقان تھا۔ بہت پریشان ہوئی فوراً اس کا علاج شروع کروادیا۔ دو ماہ مسلسل کالے یرقان (ہیپاٹائٹس سی) کا علاج کرواتی رہی تو مجھے کھانسی بھی شروع ہوگئی۔ دوبارہ اپنے ڈاکٹرز کے پاس بھاگی کہ اب مسلسل کھانسی آرہی ہے اور ساتھ ہلکا بخار بھی ہوتا ہے۔ ڈاکٹرز نے جب تسلی سے چیک کیا تو مجھے مزید ڈرادیا کہ آپ کو ٹی بی کی شکایت ہوسکتی ہے کیونکہ علامات ساری وہی ہیں۔ مجھے تو وہیں چکر آنا شروع ہوگئے کہ پہلے کالا یرقان اور ٹی بی؟ میرا کیا بنے گا؟۔ خیر مزید ڈاکٹر نے ادویات تجویز کردیں اب صبح وشام ڈھیروں کیپسول' سیرپ اور گولیاں پھانکتی' اس نے جلتی پر مزید آگ کا کام دیا اور میرا معدہ بھی خراب رہنا شروع ہوگیا۔ اسی دوران گھر میں عبقری رسالہ آنا شروع ہوا' پڑھنا شروع کیا تو ایک امید پیدا ہوئی کہ اللہ نے میری شفایابی کا بندوبست فرمادیا۔ اس میں سے ایک وظیفہ ختم لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھنا شروع کردیا۔ اس رسالہ میں سے عبقری دواخانہ کا نمبر لے کر لاہور میں دواخانہ رابطہ کیا' اسسٹنٹ عبقری سے بات ہوئی' انہیں اپنے مرض کے متعلق تفصیل سے بات کی' انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اسی وقت بذریعہ ڈاک نجات سیرپ عبقری دواخانہ سے منگوالیا اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق اس کا استعمال شروع کردیا۔ تقریباً 18 بوتلیں پیں اور اس کے بعد ٹیسٹ کروایا تو ہیپاٹائٹس کے جراثیم مکمل ختم ہوگئے۔ رپورٹ میرے سامنے تھی اور میرے آنسو رواں تھے' شکرانے کے نوافل ادا کیے' آج بھی الماری میں میرے ڈھیروں کیپسول' گولیاں اور سیرپ کی بوتلیں پڑی ہیں جنہیں استعمال کرنا تو دور کی بات اب دیکھنا بھی گوارا نہیں۔ ابھی کل شوہر سے کہہ رہی تھی کہ انہیں اب پھینک دیں انہیں دیکھ کر مجھے گھن آتی ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس کریم نے مجھے اتنا جلد اتنی بڑی بیماریوں سے شفاء یابی نصیب فرمائی۔ میں تو جھولیاں اٹھا اٹھا کر حضرت حکیم صاحب اور ادارہ عبقری کے مخلصین کو دعائیں دیتی ہوں۔ اللہ پاک محترم حکیم صاحب کو لمبی اور صحت والی زندگی عطا فرمائے اور وہ اسی طرح دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہیں۔ آمین! (ع۔ب' کنڈیارو)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں
(قیمت 80 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

نازک رشتوں کی ڈوری ٹوٹ سکتی ہے لیکن کیسے؟

کاشف شہریار لاہور

انسان کی زندگی میں بہت سے ایسے لمحات آتے ہیں جہاں وہ خود کو اکیلا اور تنہا محسوس کرتا ہے۔ اگرچہ اس کے روز و شب دوستی اور دشمنی کے موتیوں سے پروئی گئی مالا سے بنے ہوتے ہیں جس کے دھاگے میں وہ بری طرح الجھا رہتا ہے کیونکہ ہر انسان ان دنیاوی رشتے ناطوں کو خود پر حاوی کر لیتا ہے اور ان سے مضبوطی سے بندھا رہتا ہے۔ وہ چاہتے ہوئے بھی کسی رشتے سے انحراف نہیں کر پاتا۔ ہر انسان جذبات کی رو میں بہتے ہوئے ان رشتوں کی آخری حد تک جا پہنچتا ہے جہاں سے واپسی ناممکن ہو جاتی ہے اور تمام عمر رشتوں کو نبھانے میں گزر جاتی ہے لیکن وقت اور حالات اسے رشتوں کے خالص اور پائیدار ہونے کا ثبوت دے دیتے ہیں جس کے باعث بعض رشتوں کی ڈوری تو ٹوٹ جاتی ہے اور بعض رشتے مزید مضبوطی سے جڑ جاتے ہیں۔

انسان خواہ کسی کے بہت قریب ہے یا دور اس کی اپنی حیثیت ہوتی ہے۔ بعض اوقات افراد میں وابستگی محض وقتی ہوتی ہے لیکن اس ساتھ میں برسوں کی اپنائیت اور انس پایا جاتا ہے جو بچھڑنے کے بعد بھی ایک دوسرے کو قریب لانے کا موجب بنتا ہے۔ دوسری جانب برسوں کا ساتھ کبھی کبھی اجنبیت بھرا محسوس ہوتا ہے۔ ہمارے اردگرد موجود مختلف افراد ہماری زندگی کی تکمیل میں کہیں نہ کہیں، کسی نہ کسی طرح ضرور شامل رہتے ہیں۔ ہماری خوشیوں میں شریک ہمارے دوست احباب ان لمحوں کا لطف دوبالا کر دیتے ہیں۔ زندگی کے یہ پل سب سے حسین اور اہم ہو جاتے ہیں۔ ہنستے کھیلتے گزرتے ان لمحوں میں اس وقت ہلچل مچ جاتی ہے جب کوئی دشمن ہماری خوشیوں میں غموں کا تحفہ لے آئے اور پریشانیوں سے ہمیں نواز دے۔ دشمنی دو صورتوں میں پیدا ہوتی ہے۔ ایک جب کوئی اپنا یا غیر آپ سے حسد کرے، حسد آپ کے حسن، آپ کی لوگوں میں اہمیت، آپ کی حیثیت یا مقام سے ہو سکتا ہے۔ دوسری صورت انجانے میں کسی کا دل دکھانے یا کسی کے حق میں یا مخالف میں کوئی بات کہنے سے پیدا ہوتی ہے۔ دونوں صورتوں میں دشمنی کی حد پار بھی کی جا سکتی ہے۔ جیسے خاندانی دشمنیاں جو برس ہا برس تک جاری رہتی ہیں اور بدلے کی آگ میں کئی خاندان جل کر صفحہ ہستی سے مٹ جاتے ہیں۔ انسان کو اشرف المخلوقات اسی بناء پر کہا گیا ہے کہ دوسری تمام مخلوق کی نسبت عقل و شعور زیادہ ہے لیکن جذباتی عنصر ہمیں رشتوں کی تفریق کرنے میں مس گائیڈ کرتا ہے اور ہم کسی مسئلے کو سلجھانے کی بجائے اسے مزید الجھا دیتے ہیں نتیجتاً رشتے نبھانا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے اور ہم غلط سمت پر چل نکلتے ہیں۔ مختلف رشتوں کا یہ تانا بانا انسان کی زندگی کو بری طرح اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے لیکن ہر رشتہ آپ کا مرہون منت ہوتا ہے بعض حالات میں ہمیں بنا کسی افسوس، کسی خوشی، کسی غرض کے ان رشتوں کی حیثیت تبدیل کرنے کیلئے مجبور کر دیا جاتا ہے لیکن اگر یہ رشتہ اعتماد اور خلوص کی عمارت سے تیار کیا گیا ہے تو حالات کے سخت اور پیچیدہ تھپیڑے اس عمارت کو گرانے میں ناکام رہیں گے۔ اکثر اوقات ہم اجنبیوں سے رشتہ استوار کرنے میں پرانے رشتوں سے منہ پھیر لیتے ہیں لیکن مصیبت پڑنے پر یہ پرانے رشتے ہی ہمارا ساتھ دیتے ہیں تو نئے رشتوں میں دراڑ پڑ جاتی ہے۔ لہٰذا ہر انسان کے لیے لازمی ہے کہ وہ رشتے نبھانے اور انہیں سمجھنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتے تاکہ وقت گزرنے کے ساتھ اسے ان میں کھوٹ محسوس نہ ہو۔ کبھی بھی رشتوں کو پرکھنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے ایسا کرنے سے نہ صرف دلوں میں کدورتیں پیدا ہو جاتی ہیں بلکہ ان رشتوں میں سے اعتماد اور خلوص بھی ختم ہو جاتا ہے۔

مسائل و مشکلات کا استقبال کریں

زندگی میں جن مسائل، تکالیف اور مشکلات کا آپ سامنا کرتے ہیں، ان کے بارے میں آپ کو یہ نظریہ قائم کرنا چاہیے کہ وہ حالات آپ کو خوفزدہ کرنے کے لیے نہیں آئے ہیں۔ دراصل آپ کی شخصیت کو مستحکم اور مضبوط کرنے کے لیے اس لمحہ ان تکالیف اور مشکلات کی ضرورت ہے وہ ہمارا امتحان لینے اور ہمیں پرکھنے کے لیے آئی ہیں۔ ایسے مواقع پر آپ کو ان کی مخالفت کرنے کے بجائے کچھ لمحے رک کر اپنے آپ کی آزمائش اور معائنہ کرنا چاہیے اور اس کی ضروری تربیت لینی چاہیے۔ آپ زندگی کی ہر ایک مشکل اور مصیبت سے سبق اور فائدہ لے سکتے ہیں اور اس سے اپنی شخصیت کا ارتقا کر سکتے ہیں۔ یہ زندگی کا ایک حیرت انگیز اصول ہے۔ اگر آپ مشکلات سے گھبرا کر اپنے یا دوسرے پر الزام لگانا شروع کر دیں گے تو اس سے جو بات اور اثرات کا ایک دوسرا سلسلہ بننے لگے گا جس سے حالت مزید خراب ہو جائے گی۔

یاد رکھیں! زندگی میں جو بھی بات آپ کے ساتھ واقع ہوتی ہے وہ صرف اچھائی کے لیے ہے اگر گہرائی سے سوچیں تو پائیں گے کہ واضح طور پر سے نظر آنے والے بے رحم اور مشکل حالات میں خدا کی لامحدود عنایت پوشیدہ ہے۔ خدا نے آپ کو ٹھیک اس مقام پر رکھا ہے جس کے آپ قابل ہیں۔ اس مقام کی حقیقت میں آپ کو اپنا ارتقاء کرنے کے لیے اپنے کچھ اعمال متوازن کرنے کی ضرورت تھی، اگر آپ اپنا موجودہ کردار کامیابی سے ادا کرتے رہیں تو آپ کو اپنے آپ ہی اس سے اونچے مقام پر جگہ دے دی جائے گی۔ یہ سب خدا کے اٹل اصولوں کے مطابق ہوتا رہتا ہے۔ یاد رکھئے کہ ہر بات کی کوئی نا کوئی وجہ ہے، اتفاق یا حادثے سے کچھ بھی واقع نہیں ہوتا، پوری دنیا ہی ایک مقررہ نظام ہے اور ہر ایک چیز وجہ اثر کے تعلق میں بندھی ہوئی ہے۔ ہر ایک اثر کسی نہ کسی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس وقت آپ پر جو کچھ گزر رہا ہے یا جس حالت سے آپ گزر رہے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے اپنے ماضی میں کچھ وجوہات کو فعال کر دیا تھا جو اب اثرات کی صورت میں آہستہ آہستہ پھل آور ہو رہی ہیں۔ مندرجہ بالا معلومات کے مطابق زندگی کے مسائل اور واقعات کا سامنا کرنے کیلئے اپنا ذہنی رویہ تبدیل کریں، یہ ٹھیک ہی کہا گیا ہے کہ دنیا نہ اچھی ہے، نہ بری ہے، یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ اسے کیسے دیکھتے ہیں۔ جو کچھ آپ کے اندر ہو وہی کچھ دکھائی دیتا ہے۔

گھر میں آسیب اب نہیں ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ سبحانہٗ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی اور صحت دے، آمین! عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا کرے۔ مجھے دو انمول خزانہ نے بہت کچھ دیا ہے، میرے گھر میں آسیب تھا، سارا دن دو انمول خزانہ نمبر دو کھلا پڑھا اور ہر نماز کے بعد دو انمول خزانہ نمبر ایک صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے وہ آسیب گھر چھوڑ گیا۔ (دو انمول خزانہ کا کتابچہ عبقری دواخانہ اور ویب سائٹ پر موجود ہے)۔ (س، لاہور)

قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
چہرے کا حسن دوبالا کرے، داغ، دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

صرف 30 روپے میں پیٹ کے امراض ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے پیٹ کے امراض میں مبتلا تھی' کبھی قبض' کبھی گیس' کبھی بدہضمی' کھٹے ڈکار اور کبھی موشن لگ جاتے۔ ذرا سا مرچ مصالحہ کھالیتی تو سینہ جلنا شروع ہوجاتا تھا۔ بہت پریشان تھی' مختلف حکیموں کی پھکیاں' گھریلو ٹوٹکے اور ڈاکٹرز سے علاج کروایا مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا چند دن دوائی نہ کھاؤں تو دوبارہ پیٹ خراب ایک اور پریشانی سر پکڑ رہی تھی اور وہ تھی پیٹ کا بڑھنا' جس نے مجھے مزید ہلکان کردیا۔ اس کا علاج شروع کروایا تو مزید پیٹ خراب ہوگیا' دن بدن موٹاپا بھی بڑھ رہا تھا اور پیٹ بھی ویسے ہی۔ اپنی پریشانی کا ذکر اپنی سہیلی سے فون پر کیا تو اس نے بتایا کہ تم عبقری رسالہ ہر ماہ ضرور منگوایا کرو اور اسی سہیلی نے مجھے عبقری کے متعلق تفصیل سے سمجھایا اور شیخ الوظائف کے درس بھی سننے کی تاکید کی۔ میں نے عبقری کی ویب سائٹ کھول کر شیخ الوظائف کے درس سنے تو سنتی ہی چلی گئی۔ الحمدللہ! اب روزانہ درس سنتی ہوں جس کی وجہ سے میرے اندر بہت زیادہ تبدیلی آرہی ہے' مسنون دعائیں پڑھنا شروع کردی ہیں' نماز میں سستی تھی وہ بھی اب توجہ سے پڑھتی ہوں۔ اس کے علاوہ عبقری رسالہ میں سے نمبر لے کر عبقری دواخانہ میں رابطہ کیا۔ انہوں نے میری بات اسسٹنٹ حکیم صاحب سے کروادی' جب میں نے ان کو اپنے پیٹ کے امراض کے متعلق تفصیل سے بتایا تو انہوں نے میرے لیے ایک دوا تجویز کی جس کا نام ''روحانی پھکی'' تھا۔ میں نے سمجھا شاید یہ کوئی بہت ہی مہنگی اور خاص دوا ہے۔ اپنے شوہر کو بتایا کہ عبقری دواخانہ مزنگ چونگی لاہور سے جاکر میرے لیے یہ دوا لے آئیں۔ وہ آفس سے واپسی پر وہاں گئے اور تین عدد روحانی پھکیاں لے آئے' میں نے ان سے کہا کہ میں نے آپ کو ایک لانے کا کہا تھا آپ تین لے آئے' انہوں نے کہا سستی تھیں میں اسی لیے زیادہ لے آیا۔ جب میں نے قیمت دیکھی تو وہ صرف تیس روپے تھی' قیمت دیکھ کر مجھے ہنسی بھی آئی کہ میں تو تین تین ہزار کی ادویات' سیرپ اور پھکیاں کھا چکی ہوں اور انہوں نے میرے لیے دوا بھی تجویز کی اور بھی تیس روپے کی۔ اپنی دوست کو فون کیا اور اسے روحانی پھکی کے متعلق پوچھا تو اس نے اس کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے۔ سہیلی نے اعتماد دلایا تو میں نے بھی استعمال کرنا شروع کردی' یقین جانیے! دوسرے دن ہی میرے طبیعت میں بوجھ تھا جو ختم ہوگیا' کھانا ہضم ہونا شروع ہوگیا' میں تین کے بجائے دن میں پانچ مرتبہ چھوٹا چائے کا چمچ استعمال کرنا شروع کردیا۔ دو ہفتوں میں نے دو ڈبیاں استعمال کرلیں اور میں پیٹ کے تمام امراض سے نجات پاچکی ہوں' خوب کھاتی ہوں' خوب ہضم ہوتا ہے اور نہ کھٹے ڈکار' نہ گیس' نہ بدہضمی' نہ قبض اور نہ ہی موشن اور ہاں ایک اور بات بتانا کیسے بھول سکتی ہوں میرا بڑھا ہوا پیٹ پچاس فیصد کم ہوچکا ہے اور ابھی ایک ڈبی موجود ہے' میں نے اپنے شوہر سے پانچ مزید منگوالی ہیں' اب میرے شوہر بھی استعمال کرتے ہیں' جو بھی پیٹ کے امراض کے متعلق مجھ سے بات کرتا ہے اس کو اٹھا کر روحانی پھکی دیتی ہوں اور اگر فون پر بات ہورہی ہو تو عبقری دواخانہ کا نمبر لکھوا دیتی ہوں کہ وہاں سے روحانی پھکی منگوالیں۔ ان شاء اللہ میں نے نیت کرلی ہے کہ جب تک سانس ہے عبقری رسالہ لینا کبھی نہ چھوڑوں گی اور نہ ہی گھر سے کبھی روحانی پھکی ختم ہونے دوں گی۔ میری بیٹی ابھی 5 سال کی ہے اس کو تھوڑی سی بھی پیٹ میں تکلیف ہو تو فوری کہتی ہے ''امی مجھے روحانی پھکی دیں' پیٹ میں درد ہے' ایک چٹکی اس کی زبان پر رکھ دیتی ہوں اور اوپر سے ایک گھونٹ پانی پلا دیتی ہوں' دس منٹ بعد پوچھتی ہوں بیٹا درد ٹھیک ہوا؟ مسکرا کر جواب دیتی ہے ''جی امی ہوگیا'' اور میرے چہرے پر مسکراہٹ پھیل جاتی ہے۔

شکریہ عبقری (والدہ عائشہ' لاہور)

نہ بیٹھ سکتی تھی نہ چل! بولنے میں دشواری! آج صحت لاجواب!

جب سے ہوش سنبھالا خود کو بیمار پایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے ہوش سنبھالا خود کو بیمار پایا' بچپن سارا کڑوی کسیلی گولیاں اور سیرپ پیتے گزرا' خود کو کبھی بھی صحت مند نہ پایا۔ کمزوری' کپکپاہٹ اور بستر پر پیشاب' والدین میری طرف سے ہمیشہ پریشان نظر آئے۔ نہ بھاگ سکتی تھی' نہ کسی سے کھیل سکتی تھی' بس بستر پر لیٹ کر حسرت بھری نگاہوں سے بچوں کو کھیلتے ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتے' مارتے' مار کھاتے دیکھا ہے۔ نجانے میں کون کون سی بیماریاں تھیں' پیٹ ہمیشہ خراب رہا' جگر خون نہیں بناتا تھا' دل کی دھڑکن بے ترتیب تھی' جوڑوں میں درد' کمر میں درد رہتا۔ ذرا سا چل لیتی یا اٹھ کر کھڑی ہوجاتی تو چکر آنا شروع ہوجاتے۔ بمشکل سکول جانا شروع ہوئی' والد صاحب سکول چھوڑ آتے' آپا جی پکڑ کر کرسی پر بٹھا دیتیں' پھر چھٹی کے وقت والد صاحب آتے رکشہ میں بیٹھتے اور گھر آجاتی۔ بمشکل میٹرک کرسکی۔ اسی دوران مختلف جگہ سے علاج بھی چلتا رہا۔ عبقری بہت شوق سے پڑھتی تھی' اس میں موجود وظائف بھی کرتی اور اکثر ٹوٹکے بھی آزماتی جن سے بعض اوقات صحت بہتری کی طرف گامزن ہوتی مگر پھر بیماری زور پکڑتی اور دوبارہ وہی حالت ہوجاتی۔ ہر ماہ فون پر ملاقات کا وقت لینے کیلئے فون کرتی مگر ہمیشہ مایوسی ہوتی' پھر ایک روز قسمت جاگی اور مجھے آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا۔ میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔ ایک ایک دن بمشکل کاٹا اور وہ دن بھی آگیا جس دن میں آپ کے سامنے بیٹھی تھی۔

تین ماہ میں ستر فیصد صحت یاب ہوچکی ہوں

آپ نے تفصیل سے مجھے چیک کیا' میری بات سنی' میری نبض دیکھی۔ اور مجھے عبقری دواخانہ کی چند ادویات تجویز کیں۔ اس کے ساتھ مجھے درس سننے کی تلقین کی' میں نے درس والا میموری کارڈ لیا اور سارا دن آپ کے درس سنتی رہتی' اس میں موجود اسم اعظم کی دعاؤں میں شامل ہوتی اور رو رو کر رب کریم سے اپنے لیے صحت مانگتی۔ تین ماہ مسلسل میں نے عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ' ستر شفائیں' ٹھنڈی مراد اور ہارمونز شفاء'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیا۔ اس کے ساتھ پرہیز جو لکھا تھا سختی سے اس پر عمل کیا۔ آج تین ماہ بعد ستر فیصد تندرست ہوں' میں چل سکتی ہوں' ہنس سکتی ہوں' بھاگ سکتی ہوں' جو دل چاہے کھا سکتی ہوں' ماہانہ نظام انتہائی خراب تھا جو کہ اب بالکل صحت مند خواتین کی طرح ہے۔ رنگ نکھر چکی ہے' جب ہنسی کھیلتی اور بولتی ہوں تو والدین مجھے دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ واقعی اگر عبقری نہ ملتا تو شاید میری ساری زندگی چارپائی پر ہی گزر جاتی ہے۔ (ہمشیرہ م۔ا، کوٹ ادو)

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ
اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

(بقیہ: شرطیہ آخری وقت میں کلمہ نصیب ہو یہ راز ضرور پڑھیں!)
رات دن میں دو سو مٹھے بنالیتا ہوں' حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اچھا یوں بنالیا کرو' بیان کرتے ہیں کہ میں نے مخاطب سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عرض کیا کہ میں غیر شادی شدہ جوان ہوں اور سوت کی کتائی کے وقت عورتیں میرے اردگرد بیٹھتی ہیں ایسی حالت میں کیا کروں؟ بشر حافی نے فرمایا کہ جب عورتیں آجائیں تو یہ دعا پڑھ لیا کر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنَّمَا سُلْطَانُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ۔ وہ جوان کہتا ہے جب سے میں نے یہ دعا پڑھنا شروع کردی' پھر تو اللہ نے وہ تقویٰ' کمال' دل اور نظروں کی حفاظت دی ہے جو میں گمان' خیال اور بیان نہیں کرسکتا۔

(بقیہ: بیوی کی محبت سے شوہر کی صحت بنتی ہے)
مرد کی عمر اگر نسبتاً زیادہ ہو یا اس کی صحت بہتر ہو تو اسے صرف اچھی غذا کا کمال ہی نہیں سمجھنا چاہیے کچھ اور عوامل بھی ہیں جو اپنی اپنی جگہ اہم ہیں۔ مثلاً گھر کا سکون وآرام، طرز زندگی میں باقاعدگی اور ایک ایسی بیوی جس سے دل کی بات کہی جاسکے۔ جس پر اعتماد کیا جاسکتے اور جس کے خلوص کی مٹھاس زندگی کے کاموں میں شامل رہے ان تمام عوامل کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیے اور ان کے مجموعی اثر کی اہمیت کو تسلیم کرنا چاہیے۔

(بقیہ: 103 بخار کیلئے تیز ترین آزمودہ دم!)
کلام کی تاثیر فوراً ظاہر فرمادے۔ مرشد پاک جب سے یہ طریقہ اہلیہ نے اختیار کیا ہے یقین کریں لوگ پریشان آتے ہیں خوش ہوکر دعائیں دیتے ہوئے جاتے کچھ تو روپے پیسے دینا شروع کردیتے ہیں مگر اہلیہ نہیں لیتی ان سے کہتی ہے کہ آپ روپے کسی ضرورت مند کو صدقہ کردیں۔ اصحاب کہف کے نام لکھتے ہیں:۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ تَمْلِیْخَا مَكْسَلِمِیْنَا۔ كَشْفُوْطَط۔ تَبْیُوْنَس كَشَافَطْیُوْنَس اَذْرَاقَطْیُوْنَس۔ یُوَانَسْبُوْس وَكَلْبُهُمْ قِطْمِیْرط

(بقیہ: اچھا دوست وہی جو مشکل میں کام آئے)
لمبی گردن کی وجہ سے ہی میں تم دونوں کو دور سے دیکھ سکا اور درخت سے تم کو اتار سکا۔ اور لمبی ٹانگوں کی وجہ سے تیز دوڑ سکا۔'' بندر اس پر کیا کہہ سکتے تھے، دونوں نے شرم کے مارے اپنی اپنی گردنیں جھکالیں اور خاموش رہے۔ ان کی یہ حالت، خاموشی اور شرمندگی کو دیکھ کر زرافہ نے ہنستے ہوئے خود کہا کہ: ''چلو! چھوڑو ان باتوں کو، بھول جاؤ پچھلے قصے کو، اب آج سے تو تم میرے دوست بن کر میرے ساتھ روزانہ کھیلو گے نا۔'' زرافہ کی یہ بھلائی دیکھ کر دونوں شرارتی بندروں کی تو بولتی ہی بند ہوگئی۔ انھیں خود کی حرکتوں پر سخت غصہ آنے لگا کہ ان لوگوں نے اتنے اچھے اور پیارے زرافہ کو کیوں ستایا تھا اور اس کی مذاق کیوں اڑایا تھا؟ ان دونوں نے اسی وقت زرافہ سے معافی مانگی۔ زرافہ نے کہا: ''دوستو! معافی کی کوئی ضرورت نہیں۔'' چلو گھومنے چلتے ہیں۔

(بقیہ: حساب تو دینا پڑے گا)
کمزور کرنے کا ذریعہ بن گیا چاہے کسی ایک کے بھی ایمان میں فرق نہ آیا لیکن اس نے اپنے حصے کی کوشش تو کردی۔ حدیث پاک کا مفہوم ہے اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ قیامت کے دن فیصلہ تو ہماری سوچوں اور جذبوں کے بقدر ہوگا۔ ذرا سوچیے! سوشل میڈیا فیس بک، ٹویٹر اور یوٹیوب وغیرہ بھی تو لمبے چوڑے ہال ہی ہیں اور ہم میں سے اکثر و بیشتر احباب نے اپنے پیج اور گروپس بنائے ہوئے ہیں جہاں ہم ہمیشہ کی بھلائیاں سمیٹ رہے ہیں یا ہمیشہ کی تلخیاں اور بربادیاں موت کی کوئی خبر نہیں کونسا سانس آخری ہو' اللہ کا واسطہ آج اپنا احتساب کرلو اس سے پہلے کے وقت ہی نہ رہے اور نعمتیں دینے والے کریم کو حساب دینے کا وقت آجائے اپنے پیج اور گروپس کو ایسا نہ بنائیں کہ حساب دینا مشکل ہو جائے کیونکہ ایک بات تو طے ہے کہ حساب تو دینا پڑے گا۔

بیٹی کے رشتہ کی رکاوٹ ایک تسبیح سے ختم!

ش، پشاور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر اس وقت 24 سال ہے' شروع میں اس کے رشتہ بہت زیادہ آتے تھے' مگر اس وقت وہ پڑھ رہی تھی اور ہمارے بھی حالات ایسے نہیں تھے کہ بیٹی کی شادی کرسکیں۔ جب اس کی عمر 22 سال ہوئی تو رشتے آنا کم ہوگئے' اس وقت ہم نے کوششیں شروع کردیں کہ جلد از جلد رشتہ ملے اور اس فرض سے سبکدوش ہوسکیں۔ پھر ایک وقت آیا کہ رشتے آنا ہی ختم ہوگئے' کافی رشتہ والیوں سے رابطہ کیا مگر پھر بھی کام نہ بنا۔ کسی جگہ سے حساب لگوایا تو معلوم ہوا کہ بندش کروائی گئی ہے۔ ہم بہت پریشان ہوگئے کہ اب کیا ہوگا؟ ایک بندے نے بندش توڑنے کے پچیس ہزار روپے مانگ لیے' میرے شوہر تنخواہ دار ہیں' بمشکل پورا مہینہ اس میں گزارا کرتے ہیں' اتنے پیسے ایک دم نکالنا ناممکن تھا۔ اپنی بہن سے اس پریشانی کا ذکر کیا اس نے مجھے عبقری رسالہ اور تسبیح خانہ کا بتایا اور ہماری خوش نصیبی کے اسی نے ہمیں آپ سے ملاقات کا ٹوکن بھی دیا جو اس نے اسی ماہ بذریعہ فون لیا تھا۔ ہم بتائی گئی تاریخ کو آپ کے کلینک پہنچ گئے۔ آپ سے ملاقات ہوئی' آپ نے ہماری بات سننے کے بعد یہ وظائف بتائے۔ اسمِ بسم اور اذان کا عمل۔ یاقہار کا عمل اور ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا كَرِيْمُ کی پڑھنا ہے۔ ہم نے یہ عمل باقاعدگی سے کرنا شروع کردیئے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا كَرِيْمُ کی ضرور پڑھتی ہوں اور میری بیٹی بھی۔ الحمدللہ! ہم نے صرف تین ہفتے ہی عمل کیا کہ تین مختلف جگہ بہترین رشتے آئے' ان میں سے ایک کو ہم نے پسند کیا اور ان کو بھی بچی پسند آگئی۔ لڑکا سرکاری نوکری کرتا ہے اور گھرانہ بھی انتہائی شریف ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ ایسے ہی مخلوق کی خدمت کیلئے قبول رکھے۔ آمین!

میاں بیوی کے درمیان جدائی! اب کبھی نہ ہوگی!

پ، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ گزشتہ چند سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ اس رسالے سے بے شمار ٹوٹکے اور وظائف ہم آزما چکے ہیں اور یقیناً فائدہ ہوتا ہے بلکہ جن کو ہم بتاتے اگر وہ بھی کریں تو انہیں بھی بھرپور فائدہ ہوتا ہے۔ اللہ کریم عبقری رسالہ کو اسی طرح خیر کا ذریعہ بنائے اور مخلوق خدا کو اسی طرح فیض ملتا رہے۔ عبقری رسالہ کے ذریعے آپ کا حکم ملا کہ میاں بیوی کی محبت کے حوالے سے کسی کے پاس کوئی تعویذ' نقش' دعا یا وظیفہ ہو تو ضرور ارسال کریں۔ میں نے جیسے ہی حکم پڑھا فوراً کاپی قلم اٹھایا اور مخلوق خدا کے نفع کیلئے لکھنے بیٹھ گئی۔

یہ عمل میاں بیوی کی محبت اور گھریلو جھگڑوں سے نجات کیلئے انتہائی طاقتور ہے۔ یہ عمل گھریلو جھگڑوں' شوہر یا بیوی کی بے رخی' شوہر مار کر گھر سے نکال دیتا ہو' شوہر بے راہ روی کا شکار ہوگیا ہو' بیوی ہر وقت جھگڑا کرتی ہو' صحیح طریقے سے بات نہ کرتی ہو یا گھر میں ساس بہو کے جھگڑے' نند کے جھگڑے' گھر جھگڑوں سے جہنم بن چکا ہو کیلئے انتہائی آزمودہ اور تجربہ شدہ ہے۔ اگر یہ وظیفہ یقین توجہ اور دھیان سے چند دن' چند ہفتے یا چند مہینے مستقل مزاجی سے کیا جائے تو گھر سے تمام جھگڑے ختم ہوجاتے ہیں' ایک دوسرے کے دل میں محبت' پیار اور احترام کا جذبہ پیدا ہوجاتا ہے اور گھر جہنم سے جنت بن جاتا ہے۔ یہ بے دکھی بہنوں نے اس عمل کو کیا اور آج وہ اپنے گھر میں پرسکون ازدواجی زندگی گزار رہی ہیں۔

قارئین عمل نوٹ فرمالیں!:۔
اول وآخر 11 بار درود ابراہیمی پڑھیں پھر 101 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا عَزِيْزُ عَزِّنِيْ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ۔ 101 مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ

طریقہ: یہ عمل صبح وشام ایک مرتبہ کریں یا ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ مکمل عمل پڑھیں۔ ان شاء اللہ گھر میں سکون آجائیگا۔

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں
عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

خود کو تکبر سے بچائیں ورنہ شدید نقصان ہوگا | آپ کا خواب جنات کو جلانے کا واقعہ | آپ کو اولاد کی خوشیاں نصیب ہوں گی | استخارہ کا مطلب! رشتہ کرلیں میں بہتری ہے | جس جگہ رشتہ چاہتی ہیں وہاں مشکل ہے | خواب اور روشن تعبیر

خود کو تکبر سے بچائیں ورنہ شدید نقصان ہوگا

میں نے دیکھا کہ ہم سب لوگ سیر کیلئے مری گئے ہوئے ہیں، وہاں پر ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہوتا ہے، میں بہت خوش ہوتی ہوں کہ یہ جگہ کتنی خوبصورت ہے، میں پہاڑی پر کھڑی ہوتی ہوں کہ میرا پاؤں پھسلتا ہے اور میں نیچے کھائی میں گر جاتی ہوں، اس کے بعد میں خود کو ہسپتال میں دیکھتی ہوں میرے سارے جسم پر پٹیاں بندھی ہوتی ہیں۔ مجھے بہت شدید درد ہوتا ہے اس کے بعد گھبرا کر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (ش، راولپنڈی)

آپ کے خواب میں متنبہ کیا گیا ہے کہ جب بھی کوئی بڑی کامیابی حاصل ہو اس پر اللہ کا شکر ادا کریں اور غرور و تکبر سے اپنے آپ کو بچائیں ورنہ شدید نقصان کا سامنا کرنا ہوگا۔ آپ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھ لیا کریں۔

آپ کا خواب جنات کو جلانے کا واقعہ

میری بہن نے خواب میں دیکھا کہ ایک چتکبرا جنگلی کبوتر ہمارے لاؤنج میں آ گیا ہے۔ لاؤنج میں دو پنکھے لگے ہوئے ہیں جو کہ بہت تیزی سے چل رہے ہیں۔ کبوتر باہر نکلنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن پنکھوں کی وجہ سے نکل نہیں پاتا۔ میری بہن جب یہ دیکھتی ہے تو پنکھے آہستہ کر دیتی ہے لیکن پھر بھی کبوتر ان میں ٹکرا کر نیچے گر جاتا ہے۔ اس کی گردن اور پر بالکل ٹھیک ہوتے ہیں۔ لیکن پیٹ زخمی ہو جاتا ہے اور اس میں سے خون نکلتا ہے۔ میری بہن بھائی کو کہتی ہے کہ اسے حلال کر دو، ایسے تڑپ تڑپ کر مر رہا ہے۔ لیکن بھائی خاموش رہتا ہے اور کبوتر کو حلال نہیں کرتا۔ ایسے ہی اٹھا کر کہیں پھینک دیتا ہے، پھر آنکھ کھل جاتی ہے۔ (آ۔ لاہور)

آپ کے خواب کا تعلق جنات کے جلانے کے واقعہ سے ہے۔ بغیر کسی معقول وجہ کے کسی ذی روح کو جلا کر ہلاک کرنا اچھا نہیں ہے تاہم کچھ صدقہ وغیرہ دے دیں اور حفاظت کے لیے 119 بار یَاحَفِیْظُ اور 19 بار آیت الکرسی پڑھ کر تمام گھر والے اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔

آپ کو اولاد کی خوشیاں نصیب ہوں گی

میں خواب میں دیکھتی ہوں کہ میں ایک صوفے پر بیٹھی ہوں اور سامنے سے سمندر کا بہت بڑا ریلا آتا ہے۔ ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کی لہریں میرے پاؤں سے ٹکراتی ہیں، میرے برابر میں صوفے پر ایک عورت بیٹھی ہوتی ہے، اس کے بچے کو لہریں اپنے ساتھ بہا لے جاتی ہیں۔ میں دوڑ کر جاتی ہوں اور بچے کو اٹھا کر اس کی ماں کو دے دیتی ہوں، پھر یہ ریلا جس طرح آیا تھا ویسے ہی چلا جاتا ہے۔ پھر میں زمین پر بیٹھی کچھ کام کر رہی ہوتی ہوں تو مجھے ایسا لگتا ہے کہ میرے شوہر جاگ گئے ہیں میں ان کے پاس جاتی ہوں تو وہ اٹھ کر بیٹھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں پوری رات نہیں سویا۔ میں نے وجہ پوچھی تو کہتے ہیں مجھے بخار تھا۔ سامنے میری ساس کھڑی ہوتی ہیں، پھر میں ان سے کہتی ہوں کہ ابھی یہاں سیلاب آیا تھا اور خواب ختم ہو جاتا ہے۔ (س، راولپنڈی)

آپ کے خواب کے مطابق اللہ پاک آپ کو اولاد کی خوشیاں دکھائیں گے اور کسی بڑے حادثہ سے حفاظت کا غیبی سامان حاصل ہوگا۔ آپ یَاحَفِیْظُ روزانہ 119 بار پڑھا کریں۔

جس جگہ رشتہ چاہتی ہیں وہاں مشکل ہے

میں نے خواب میں دیکھا کہ (ش) جو کہ میری محبت ہے، اس کی شادی ہو رہی ہے لیکن وہ ہمارے گھر کے برآمدے میں دولہا بن کر بیٹھا ہے اور میرے ساتھ میرے چچا جی کا بیٹا بیٹھا ہے اس کے علاوہ (ش) کے گھر والے بھی ہیں اور میرے رشتے دار اور میرے گھر والے بھی ہیں اس کی بہن بہت زیادہ طنز کرتی ہے اور میری طرف دیکھتی ہے، میں کمرے میں ہوں اور (ش) برآمدے میں دولہا بنا بیٹھا ہے، میں کمرے میں کولڈ ڈرنگ پی رہی ہوں اور وہ بھی پی رہا ہوتا ہے اور بہت زیادہ پریشان ہوتا ہے، میں روتی نہیں ہوں لیکن پریشان بہت زیادہ ہوں اور بہت غصے میں ہوتی ہوں اور بارات چلی جاتی ہے۔ (ن۔ ع، لاہور)

آپ کے خواب کے مطابق آپ جس جگہ رشتہ چاہتی ہیں وہاں بات طے ہونا بہت مشکل ہے اور کئی طرح کی پریشانیوں کے سامنے کا خدشہ بھی ہے۔ آپ روزانہ 1200 بار بعد نماز عشاء یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ اوّل آخر درود شریف 12 مرتبہ ضرور پڑھیں۔

سخت کالا جادو کیا گیا ہے

میں پچھلے سال سے یہ خواب دیکھ رہا ہوں کہ کبھی کچا مکان بن رہا ہوتا ہے۔ مکان میرا نہیں ہوتا بلکہ کسی اور کا ہوتا ہے اور میں مکان کو کھڑا ہو کر دیکھتا ہوں اور 1999ء میں میں کبھی کچا اور کبھی پکا ہوا گوشت اکثر خواب میں دیکھتا تھا۔ پھر 1999ء سے لے کر آج تک میں بہت سخت بیمار ہوں۔ خاکی شترنما چڑیا کو میں خواب میں ذبح کرتا ہوں اور جب میں یہ خواب دیکھتا ہوں تو اس کے فوراً بعد مجھے اٹیک ہو جاتا ہے اور بہت سخت بیمار ہو جاتا ہوں۔ ایک دو بار سبز پانی کو خواب میں دیکھا۔ میں اس سبز پانی میں نہا رہا ہوتا ہوں۔ ایک کالی عورت کو خواب میں دیکھتا ہوں جو بہت بدشکل ہوتی ہے۔ وہ میرے سامنے دروازے میں کھڑی ہو جاتی ہے اور کچھ بھی نہیں کہتی، میں ڈر کر اٹھ بیٹھتا ہوں۔ (ط، کوئٹہ)

آپ کے خواب کے مطابق کچھ بدخواہ دشمنوں نے آپ پر سحر کر کے آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے تاہم اللہ کی حفاظت اور مدد ہوگی۔ آپ 313 بار معوذتین پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں اور پانی میں دم کر کے پی لیا کریں۔ 41 دن تک بلاناغہ یہ عمل کریں۔

استخارہ کا مطلب! رشتہ کرلیں میں بہتری ہے

میں نے شادی کے لیے استخارہ کیا اور خواب میں دیکھا کہ ہم سب کو جوتے لینے ہوتے ہیں۔ ہم اپنے چاچو کو بلاتے ہیں اور کہتے ہیں ہمیں جوتیاں لا دیں، ہم ان کو ایک ہزار روپیہ دے کر کہتے ہیں جوتے لا دیں۔ چاچو تھوڑی دیر بعد جوتے لے آتے ہیں جن میں سے امی ایک جوڑی نکال کر پہن لیتی ہیں۔ وہ سفید رنگ کی ہوائی چپل ہوتی ہے۔ میں دیکھ رہی ہوتی ہوں کہ چاچو جائیں تو میں بھی اپنی جوتی پہنوں۔ ایک منظر میں دیکھا ہے کہ مغرب کی اذان ہوتی ہے اور میں جلدی سے وضو کر کے نماز پڑھ لیتی ہوں، ساتھ شاید کوئی سہیلی ہے جو نماز پڑھتی ہے۔ (شمائلہ، لاہور)

آپ کے خواب کے مطابق آپ نے جو استخارہ کیا ہے اس میں بہتر نظر آتی ہے لہٰذا اس سلسلے میں اگر بات آگے بڑھائی جائے تو انشاء اللہ غیبی مدد ہوگی۔

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

تین اسم پڑھیں! دنیا کی حسین ترین خاتون کا اعزاز پالیں!

ساجدہ محمد عاشق، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اس سال عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ماشاء اللہ بہت ہی مفید رسالہ ہے۔ اللہ پاک آپ کو صحت والی زندگی عطا فرمائے اور تاقیامت انسانیت کی اسی طرح آپ مدد کرتے رہیں' اللہ پاک آپ اور آپ کے اہل وعیال کو سدا خوش' سکون اور صحت سے نوازے۔ آمین!۔ میں نے آپ کا درس بھی سننا شروع کیا ہے اور میموری کارڈ لیکر صبح شام درس سنتی ہوں اور ہر جمعرات درس پر آتی ہوں۔ میں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیتی ہوں' میرے گھٹنے میں درد تھا وہ ختم ہوگیا ہے پھر میری کمر میں درد تھا ڈاکٹر نے بتایا کہ مہروں میں گیپ ہے' دوائی اور ایکسر سائز کریں' ٹھیک ہوجائے گا۔ میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی یقین سے پیئے تو آرام آگیا۔ میں ہر ایک کو یہی بتاتی ہوں اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے اور درس پر جب آتی ہوں تو تسبیح خانہ کا پانی یقین سے پیتی ہوں میں بیمار تھی' ڈاکٹر نے مجھے انڈا کھانے سے منع کیا تھا ان کا کہنا تھا کہ یہ آپ کے لیے زہر ہے' یہ ساری زندگی نہ کھائیں۔ میں درس پر آئی اور تسبیح خانہ کا پانی پیا اور اللہ تعالیٰ نے شفا دی' میں اب روز انڈہ کھاتی ہوں مجھ کچھ نہیں ہوتا۔ یہ تسبیح خانہ کے پانی کا کمال ہے اور میرا یقین کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا دی ہے۔ میں ہر ایک کو عبقری رسالہ دیتی ہوں اور ساتھ یہ ایک دو باتیں بھی کہتی ہوں کہ وضو کے تین گھونٹ کی بہت فضیلت ہے۔ سفر کے دوران میں یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا ورد کرتی ہوں۔ ایک دفعہ ٹریفک پولیس نے ہماری گاڑی روک دی اور چالان کرنے لگا اس کو بہت صفائیاں پیش کیں لیکن وہ نہ مانا میں نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنا شروع کیا تو تھوڑی دیر بعد کہنے لگا آپ جاؤ حالانکہ غلطی ہماری ہی تھی ہم نے اشارہ توڑا تھا میں جس بھی رکشہ پر آؤں یا جاؤں اس کو یہ بتاتی ہوں تو وہ بہت دعائیں دیتا ہے۔ درس سن کر آتی ہوں تو آکر سارا درس محلہ والیوں کو سناتی ہوں اور آپ کے بتائے ہوئے ٹوٹکے وغیرہ بھی بتاتی ہوں جن سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ میرے بیٹے کو چار ماہ پہلے ٹی بی ہوگئی تھی تو میں بہت پریشان تھی میں نے آپ کے درس میں سنا تھا کہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پانی پلائیں تو مریض ٹھیک ہوجاتا ہے۔ میں نے اس کو اس آیات کا پانی دیا تو اللہ کے حکم اور آپ کے بتائے ہوئے راستہ نے میرے بیٹے کو شفا دی۔ مجھے جو بھی ملتا ہے میں اس کو آپ کا بتاتی ہوں میں رات کو روزانہ درس سن کر سوتی ہوں ویسے مجھے نیند نہیں آتی۔ درس نہ سنوں تو عجیب بے چینی ہوتی ہے۔ میری زندگی میں تسبیح خانہ کی وجہ سے بہاریں آگئی ہیں۔ جینے کا سلیقہ آگیا ہے۔ نماز اور دعا مانگنے کا طریقہ آگیا ہے اے کاش کے تسبیح خانہ میری زندگی میں پہلے آتا تو میرا گھر آباد رہتا۔ حضرت صاحب اللہ آپ پر سدا رحمت کی بارشیں کرے۔

حضرت جی! میری بھانجی کا بیٹا چار سال کا ہے وہ ٹھیک طرح سے بول نہیں سکتا تھا اور بیمار بھی تھا اس کو میں پچھلے ماہ روحانی دم پر لائی اس یقین سے کہ وہ باتیں بھی کرے گا اور صحت یاب بھی ہوگا۔ دو ہفتے بعد میں نے بھانجی سے پوچھا تو اس کی خوشی کی انتہا نہیں تھی کہنے لگی کہ خالہ میرے بیٹے کو بہت شفا ملی ہے اس تیل اور پانی سے میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہوگیا ہے پانی اس نے پلایا اور تیل گلے میں لگایا اور چینی کھانے میں کھلائی' بات ہے یقین کی' تسبیح خانہ سے کوئی خالی نہیں جاتا فیض پاتا ہے اور سدا پائے گا۔

محلے میں ایک خاتون کا بچہ گم ہوگیا تھا میں نے اس کو بتایا کہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھا پڑھے اس نے پڑھا تو چند گھنٹے بعد ہی اس کا بچہ مل گیا وہ بہت خوش ہوئی اور آپ کو دعائیں دینے لگی۔

حضرت جی! میں نے آپ کی کتاب میں پڑھا تھا کہ گیندے کے پھول کا عرق چہرے پر لگانے سے دانے دھبے دور ہو جاتے ہیں میں نے اپنی بھانجی کو یہ ٹوٹکہ دیا اس نے استعمال کیا واقعی اس کا چہرہ خوبصورت ہوگیا۔ اس کے علاوہ روحانی بیڈی کا عمل بہت زبردست ہے اس سے مجھے بہت شفا ملی ہے اور ایک تسبیح ہر نماز کے بعد یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَابَارِیُٔ پڑھی تو مجھے کسی فیشل کی اب ضرورت نہیں۔ چہرہ خوبصورت اور بارونق ہوگیا ہے اب میں پارلر نہیں جاتی۔

حضرت صاحب اگر آپ ہمیں نہ ملتے تو ہمارے اندر اندھیرا ہی رہتا ہم ہر اچھی چیز سے محروم رہتے اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو سدا آباد رکھے (آمین)

گوشہ درود وسلام سے ملا انوکھے عمل والا جھاڑو! سارا جادو ختم

جادو ختم ہوگیا!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں عبقری کو چند ماہ پہلے بالکل بھی نہیں جانتی تھی' ہمارا عبقری سے تعارف شوہر کے دوست نے کروایا' شوہر نے مجھے بتایا۔ ہمارا مسئلہ جادو تھا' عاملین بدل بدل کر تھک چکے تھے' کاروبار دن بدن تباہ ہورہا تھا' بچے بیمار' میں اور میرے شوہر بیمار۔ عبقری رسالہ میں آئے وظائف پڑھنا شروع کیے کچھ سکون ملا' پھر ایک مرتبہ عبقری رسالہ میں ''گوشہ درود وسلام'' کراچی کے متعلق پڑھا' شوہر کے ساتھ وہاں گئی' سارا دن بتائے اعمال کیے' واپسی پر وہاں سے ایک جھاڑو دیا گیا جسے گھر میں روزانہ دینا تھا' دم شدہ پانی اور نمک دیا گیا' جسے ہم نے گھر میں استعمال کرنا شروع کردیا اور اسی پانی میں مزید پانی ملا کر گھر کے مختلف کونوں میں چھینٹے مارے' اور ہاں خاص بات ہمیں خاص طور پر بتایا کہ گھر جا کر حسب توفیق بہترین روٹیاں اور مٹھائیاں ڈال کر حلوہ تیار کریں اور محلے میں بانٹ دیں' خود بھی کھا سکتے ہیں۔ ہم نے یہ اعمال کیے' آج پندرہ دن ہوگئے ہیں یہ عمل کرتے ہوئے' ہمارے گھر میں سکون آگیا ہے' کاروبار بہتر ہونا شروع اور گھر سے بیماری' نحوست ختم ہوگئی ہے۔ (اہلیہ شکیل' کراچی)

دم شدہ پیالے کی انوکھی کرامات: میرے بیٹے کی عمر گیارہ سال ہے' جب سے پیدا ہوا اس کا پیٹ ٹھیک نہ ہوا' بے شمار سیرپ' ادویات' ٹیسٹ کروائے مگر کچھ حاصل نہ ہوا' بچہ انتہائی کمزور تھا' کوئی کہتا نظر بد' کوئی کہتا سایہ ہے۔ ہم اسے لیکر گوشہ درود وسلام گئے' بتائے گئے اعمال کیے' واپسی پر ہمیں دم شدہ پانی اور نمک کے ہمراہ طاقتور روحانی عمل شدہ ''مشکلات توڑ پیالہ'' ملا' اس پیالہ میں بچے کو پانی پلاتے رہے' آج بچہ بالکل تندرست ہے اور صحت دن بدن بہتر ہورہی ہے۔ (م، کراچی)

روحانیت چاہیے تو گوشہ درود وسلام چلیں! میں ہر جمعرات، جمعہ' ہفتہ اور اتوار ''گوشہ درود وسلام'' میں گزارتا ہوں' سارا دن اعمال کرتا ہوں' ایسا سکون' نور اور روحانیت ملتی ہے کہ بیان سے باہر' دل خود ذکر' اذکار' نماز اور روزہ کو چاہتا ہے' میں تو مشورہ دوں گا اگر کوئی روحانیت کا متلاشی ہے تو ''گوشہ درود وسلام'' ہی بہترین جگہ ہے۔ (نورالدین' حیدرآباد)

گوشہ درود وسلام کراچی میں ہونے والے مکمل اعمال کی تفصیلات صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ کیجئے!

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی' رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو ''عرق شوگر شفاء'' جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' ''عرق شوگر شفاء'' چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

میری دادی اماں کی ڈائری سے لیجئے کچھ خاص کی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کی کافی عرصہ سے قاری ہوں' آج چھ ماہ بعد اپنے میکے آئی ہوں تو اپنی والدہ سے عبقری کے متعلق بات کر رہی تھی کہ عبقری میں لوگ اپنے آزمودہ ٹوٹکے' نسخہ جات اور وظائف بھیجتے ہیں جنہیں شیخ الوظائف من وعن عبقری میں چھاپ دیتے ہیں جس کی وجہ سے لاکھوں لوگ اس سے مستفید ہوتے ہیں۔ میری بات سن کر میری والدہ اٹھیں اور کمرے سے ایک ڈائری لے آئیں کہ اس میں میری ساس صاحبہ نے کچھ ٹوٹکے اور کچن تراکیب لکھی ہوئی ہیں تم یہ تمام لکھ کر عبقری میں بھیج دو' ان کیلئے صدقہ جاریہ ہوجائے گا۔ جب میں نے ڈائری پکڑی تو مجھے بچپن کی ساری باتیں یاد آگئیں' یہ ڈائری تو میں کئی مرتبہ پڑھ چکی تھی۔ جلدی سے قلم پکڑا اور لکھنا شروع ہوگئی۔ لیجئے قارئین وہ تمام کچن تراکیب اور چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے آپ کی نذر کرتی ہوں ضرور آزمایئے اور پوری امت کیلئے خوب دعائیں کیجئے۔

اب سالن کا رنگ کالا نہ ہوگا

مصالحہ بنانے کے دوران اس بات کا دھیان رکھیں کہ پیاز زیادہ براؤن نہ ہونے پائے کہ مصالحے کا رنگ کالا پڑ جائے اور کھانا بنانے کے دوران گرم مصالحہ استعمال نہ کریں بلکہ اسے کھانا پکنے کے بعد ڈالیں۔ گھی یا تیل کا بھی معیاری ہونا ضروری ہے۔

باورچی خانے میں لال بیگ کا آنا منع ہے

آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے باورچی خانے میں لال بیگ نہ آئیں تو اس کے لیے چند تدابیر پر عمل کریں۔ باورچی خانہ صاف ستھرا رکھیں خاص طور پر رات کو سونے سے پہلے کچن کو صاف کرنا بہت ضروری ہے۔ یہاں کسی بھی قسم کا کچرا نہیں ہونا چاہیے حتیٰ کہ کچرے کی ٹوکری کو بھی رات ہی کو صاف کردیں۔ لال بیگ کے خاتمے کے لیے آپ ایک کپ بورک پاؤڈر، ایک کپ میدہ، ایک کپ خشک دودھ اور آدھا کپ شکر، پیسٹ (آمیزہ) بنالیں اور اس کی تھوڑی تھوڑی مقدار کچن کیبنٹ وغیرہ پر لگا دیں۔ اس پیسٹ کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بھی بنالیں اور انہیں باورچی خانے کے کونے کھدروں میں رکھ دیں۔ یہاں تک کہ یہ گولیاں فریج کے اندر بھی رکھ دیں۔ اس طرح کرنے سے لال بیگ کم از کم چھ ماہ تک غائب رہیں گے۔ یہ انتہائی مفید تدبیر ہے۔ (ایک روحانی ٹوٹکہ جو کہ آزمودہ ہے سورۂ ماعون صبح وشام تین مرتبہ کچن میں پڑھنے سے موذی جانور وحشرات نہیں آتے)

کلف اب گھر میں خود تیار کریں

کلف بازار سے بہت سستا دستیاب ہوتا ہے لیکن اگر آپ گھر میں بنانا چاہتے ہیں تو میدہ یا اراروٹ کے آٹے کو پانی میں گھول کر پکالیں۔ گاڑھا ہوجانے پر اس میں تھوڑا سا سرکہ شامل کرلیں۔ پھر اس پیسٹ کو صاف پانی میں اچھی طرح گھول لیں۔ کپڑے دھونے کے بعد اس میں دس منٹ کے لیے بھگو دیں اور نچوڑے بغیر پھیلا دیں۔ کپڑے سوکھ جائیں تو پانی کا چھینٹا دے کر استری کرلیں۔ اگر ممکن ہو تو کپڑے جب خشک ہونے کے قریب ہوں تو تار پر سے اتار لیں۔ اس طرح انہیں استری کرنا اور بھی آسان رہے گا۔ یہ کلف بازاری کلف سے سستا بھی ہے اور مفید بھی۔

اب اچھی کھیر تیار کرنا مشکل نہیں

ایک کلو دودھ کو اچھی طرح ابال لیں۔ اس میں ¼ کپ باسمتی چاول رات بھر کے بھیگے ہوئے شامل کردیں اور دو کپ چینی مناسب میٹھے کے لیے ڈال دیں اگر تیز میٹھا پسند ہو تو چینی اپنی مرضی کے مطابق ڈالیں۔ اب ان سب کو اچھی طرح پکالیں۔ بعد میں اپنے ذائقے کے مطابق بادام، پستہ وغیرہ شامل کرلیں۔

باتھ روم اور دیواروں کی ٹائلیں لگیں بالکل نئی

ٹائلوں کی صفائی کے لیے میٹھے سوڈے کو پانی میں ملا کر اس کا پیسٹ بنالیں اور ٹائلوں پر لگا دیں۔ خشک ہونے کے بعد رگڑ کر صاف کریں یا پھر آدھی بالٹی پانی میں سرف گھول لیں۔ اس میں ایک کھانے کا چمچ سرکہ بھی شامل کرلیں اور اسفنج کی مدد سے ٹائلز کو اچھی طرح رگڑ کر صاف کریں۔ اس طرح ٹائلیں صاف اور نئی جیسی لگیں گی۔

بازاری ٹماٹو کیچپ سے اجتناب کریں

بازاری ٹماٹو کیچپ کے استعمال سے صحت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں اس لیے گھر پر ٹماٹو کیچپ تیار کیجئے۔ اجزاء ٹماٹر دو کلو (فریز کرلیں) کالی مرچ، پیاز ایک عدد درمیانے سائز کی، گڑ آدھا کپ، لال مرچ پسی ہوئی ایک کھانے کا چمچ، سرکہ آدھا کپ، نمک ایک چائے کا چمچ۔ ترکیب: ٹماٹروں کو فریزر سے نکال کر پانی میں ڈال دیں اب ان کا چھلکا اتارلیں۔ ایک کپ پانی میں کالی مرچ اور پیاز ڈال کر پکائیں۔ جب ٹماٹر اچھی طرح گل جائیں تو بلینڈر میں اچھی طرح بلینڈ کرلیں۔ جب وہ کافی زیادہ پس جائیں تو اس مکسچر کو چھان لیں اور اسے ایک پین میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں اور اس میں گڑ اور لال مرچ (پاؤڈر) ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ حسب ضرورت گاڑھا ہونے پر سرکہ شامل کرکے چولہے سے اتارلیں اور ٹھنڈا ہونے پر نمک ڈال کر مکس کرلیں اور صاف بوتل میں ڈال کر کارک لگا دیں۔

جھینگا بریانی ایک منفرد ڈش

جھینگا بریانی کراچی میں عام طور پر کھائی جاتی ہے۔ اس کی تیاری کے لیے ان اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ اجزاء: جھینگے 250 گرام، چاول 200 گرام، کچا ناریل 30 گرام، لہسن ادرک کا پیسٹ ایک کھانے کا چمچ، زیرہ ایک چائے کا چمچ، دارچینی ایک انچ کا ٹکڑا، بناسپتی گھی 60 گرام، بڑی الائچی 2 عدد، پیاز ایک بڑے سائز کی، دہی 125 گرام، لونگ تین عدد، زعفران چند پتیاں، پسا ہوا خشک دھنیا ایک کھانے کا چمچ، نمک مرچ حسب ذائقہ۔ (ترکیب) کچا ناریل پیس لیں۔ زعفران کو تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں۔ چاول بھی صاف کرکے بھگو دیں۔ جھینگے بھی صاف کرلیں۔ ایک دیگچی میں گھی ڈال کر چولہے پر رکھیں۔ اس میں پیاز سرخ کرکے نمک مرچ، دارچینی، پسا ہوا دھنیا، ادرک، لہسن کا پیسٹ ڈال کر مصالحہ بھون لیں۔ اس میں جھینگے ڈال کر تھوڑا سا بھونیں اور آنچ دھیمی کرکے اس میں لونگ، الائچی، پسا ہوا ناریل اور دہی ڈال کر ڈھانپ دیں۔ ایک دوسرے برتن میں چاول ابال لیں۔ اب جھینگوں والی دیگچی میں چاول ڈال کر ڈھانپ دیں۔ پانچ منٹ کے بعد پسا ہوا زیرہ بھی شامل کرلیں۔ پھر زعفران چھڑک کر ڈھانپ دیں اور دس منٹ کے لیے دم پر چھوڑ دیں۔ لیجئے مزیدار جھینگا بریانی تیار ہے۔

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑا پن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔
قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

میرے پوشیدہ امراض اور شوہر کی قبض دونوں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے دو سال سے قبض اور پوشیدہ امراض کا سامنا تھا۔ انتہائی شرمناک امراض کے ہاتھوں میں تنگ آچکی تھی۔ شوہر نے ہر اچھی جگہ سے میرا علاج کروایا مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا بعد میں پھر وہی حالت ہوجاتی۔ عبقری رسالہ شوہر گھر میں لائے' پڑھنا شروع کیا بہت اچھا لگا۔ اس میں موجود عبقری دواخانہ کی ادویات کا تعارف ہر ماہ پڑھتی مگر کبھی وہاں جانے یا فون کرکے ادویات کے متعلق مشورہ کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ ایک روز مجھے شدید پریشان اور درد میں مبتلا دیکھ کر میرے شوہر نے مجھے اپنے ساتھ عبقری دواخانہ لے گئے' وہاں اسسٹنٹ صاحب سے ملی' انہیں اپنے امراض کے متعلق تفصیل سے بتایا۔

اسسٹنٹ صاحب نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ اور قبض کشاء گولیاں استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے مسلسل دو ماہ دونوں ادویات کا استعمال کیا۔ الحمدللہ مجھے پوشیدہ امراض اور قبض دونوں سے نجات مل گئی۔

میرے شوہر کا پیٹ اکثر خراب رہتا تھا' ہر وقت ریح خارج کرتے رہتے تھے جس کی وجہ سے سب پریشان ہوتے تھے' پیٹ بھی پھول رہا تھا' اس مرض سے نجات کیلئے اسسٹنٹ صاحب نے میرے شوہر کو ''ستر شفائیں'' تجویز کی۔ یہ چھوٹی سی ڈبی ہر وقت میرے شوہر کی جیب میں ہوتی ہے' الحمدللہ اب وہ بالکل ٹھیک ہیں اور ان کو پیٹ کا کوئی مرض لاحق نہیں۔ (فاطمہ ارم، لاہور)

ایک سال سے لگی بیماری دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو خیر و عافیت سے رکھے۔ اللہ کریم آپ کی نسلوں کو اپنی امان میں رکھے اور آپ کے درجات بلند کرے۔ آمین ثم آمین۔ ہم تقریباً ایک سال سے بیٹے کی وجہ سے سخت پریشان تھے' اس کو جلدی امراض کا سامنا تھا اس کو سورائسز یعنی چنبل تھی جس کا چھ ماہ ڈاکٹری علاج کروایا مگر افاقہ نہ ہوا' کسی نے عبقری دواخانہ کا بتایا۔ بیٹے کو لے کر وہاں چلی گئی۔ اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا۔ انہوں نے کھانے کیلئے دو خون صفاء، جوہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد اور ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کا مشورہ دیا اور اس کے ساتھ جلد پر لگانے کیلئے عبقری دواخانہ کی ''مرہم سکون'' دی۔ صرف ایک ماہ کے استعمال میں ایک سال سے لگی بیماری دور ہوگئی۔ میں بہت خوش ہوں کہ میرے بیٹے کو اس مرض سے نجات ملی۔ اللہ پاک آپ کو خوش رکھے۔ (آمین)۔ (افشاں قیصر، لاہور)

ذہنی اور دماغی طور پر کمزور بچہ صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جو بھی جائز خواہش کی اللہ نے عطا فرمایا۔ اپنی خواہشات میں سے ایک تسبیح خانہ سے منسلک ہونا اور روحانی جسمانی بیماریوں کی اصلاح کیلئے آپ سے ملاقات تھی جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صرف چند یوم میں ممکن ہوگئی الحمدللہ! میرے بیٹا ذہنی اور جسمانی طور پر بہت کمزور تھا' اس کو بچپن میں نمونیہ ہوگیا تھا جو بگڑ گیا' اب اس کی عمر 18 سال ہے لیکن دماغی طور پر 13-12 سال کا ہے۔ پڑھائی میں کمزور' یاد بہت کرتا مگر تھوڑی دیر بعد بھول جاتا۔ سر' پیٹ اور دائیں کندھے میں درد کی شکایت کرتا تھا۔ میں عبقری دواخانہ میں آپ سے چیک اپ کروانے آئی تو آپ نے روشن دماغ گولیاں' جوہر شفاء مدینہ' ستر شفائیں' اکسیر البدن ادویات کے استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے تقریباً دو ماہ مسلسل دوا باقاعدگی سے اس کو استعمال کروائی اب اس کی حالت کافی بہتر ہے۔ (س۔ب، گجرات)

دیسی کریم نے خراب رسیدہ حسن کو بہار بنا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ اللہ پاک آپ کو صحت و تندرستی اور زندگی عطا فرمائے (آمین)۔ چار سال پہلے عبقری رسالہ سے ہمارا تعارف ہوا' ہم سب گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میں گزشتہ سات سال سے جلدی مسائل کا شکار تھی' چہرے پر داغ دھبے اور گڑھے پڑ چکے تھے' اپنی کزنز کے سامنے بھی چہرہ چھپا کر رکھتی' بے شمار ملٹی نیشنل کمپنیز کی کریمیں استعمال کرتی رہی' مگر مسئلہ درست ہونے کے بجائے مزید بگڑ جاتا۔ جب عبقری رسالہ گھر میں آنا شروع ہوا تو اس میں سے نمبر دیکھ کر عبقری دواخانہ میں کال کی' اسسٹنٹ صاحب کو مختصر الفاظ میں اپنی پریشانی بیان کی۔ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ادویات روحانی پھکی' جوہر شفاء مدینہ اور ستر شفائیں استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور اس کے علاوہ چہرے کیلئے انہوں نے ''دیسی کریم'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق لگانے کا مشورہ دیا۔ ان ادویات اور دیسی کریم کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے میں نے استعمال کیا۔ میں حیران رہ گئی کہ میرے چہرے کے داغ دھبے' دانے اور گڑھے چند ہفتوں کے اندر اندر بالکل ختم ہوگئے میری جلد بالکل صاف شفاف ہوگئی۔ میرے معدہ کے مسائل ختم ہوئے' خون کی اصلاح ہوئی فاسد مادے خارج ہوئے اور میں بالکل صحت یاب تندرست اور چمکدار جلد کی مالک بن گئی۔ واقعی اس دور میں عبقری بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ کریم حضرت حکیم صاحب کو درازی عمر بالخیر عطا فرمائے۔ آمین۔ (ف۔خ، لاہور)

بیٹی کا پیٹ درد منٹوں میں دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا معدہ بہت خراب تھا اور کھانسی کی بھی شکایت تھی۔ عبقری رسالہ گھر میں آنا شروع ہوا' میں نے عبقری دواخانہ میں جاکر اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ادویات ''جوہر شفاء مدینہ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ الحمدللہ! میرا معدہ بھی بالکل ٹھیک ہوگیا اور کھانسی کی شکایت بھی دور ہوگئی۔ اس دوائی کا ایک اور فائدہ میں نے یہ پایا کہ موسمی نزلہ وزکام کے لیے بھی مفید ہے۔

اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ''روحانی پھکی'' بھی اپنی مثال آپ ہے۔ ہوا یوں کے میری چھوٹی بیٹی کے پیٹ میں درد تھا اور میں کام پر موجود تھا اہلیہ کا فون آیا کہ بیٹی کے پیٹ میں درد ہے کیا کروں؟ میں نے کہا آپ اس کو ''روحانی پھکی'' دیں' میں بھی آرہا ہوں' جب میں پریشانی کے عالم میں گھر پہنچا تو بچی خوشی سے مجھ سے لپٹ گئی میں سمجھ گیا یہ سب روحانی پھکی کا کمال ہے۔ الحمدللہ! گھر میں کسی کو کوئی بھی مسئلہ ہو سب سے پہلے دھیان عبقری ادویات کی طرف ہی جاتا ہے۔ (سہیل احمد سلفی، لاہور)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

جوڑوں کے درد میں مبتلا کراماتی تیل سے مالش کریں

کراماتی تیل کی مالش سے جوڑوں کے درد میں نمایاں کمی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ٹانگوں میں بہت درد رہتا تھا چلنے پھرنے اٹھنے بیٹھنے میں بہت تکلیف تھی نماز بھی کرسی پر بیٹھ کر پڑھتی تھی۔ پیدل چلنا اتنا مشکل تھا کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتی۔ لاہور عبقری دواخانہ کا کسی نے بتایا کہ آپ کی بیماری کا علاج ان کے پاس ہی ہے۔ میں عبقری دواخانہ آئی اور یہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب کو اپنے مکمل احوال بتایا انہوں نے کراماتی تیل مالش کے لیے دیا تقریباً ایک ہفتہ دن میں دو بار مالش کرتی رہی جس سے میرے تکلیف میں کافی کمی آئی' اب میں چل پھر سکتی ہوں۔ (درشہوار، اسلام آباد)

کھانسی اور موشن کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ محترم حکیم صاحب مجھے گزشتہ ایک ماہ سے موشن لگے رہے اور کھانسی بہت زیادہ آتی تھی' ساری ساری رات میں کھانسی اور موشن کر کر کے تھک جاتی تھی۔ انگریزی ادویات کا استعمال کیا لیکن وہ معدہ پر اثر کر گئیں پھر عبقری دواخانہ میں آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''پیچش شفاء اور ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ ایک ہفتے کے استعمال سے ہی مجھے مکمل شفاء مل گئی۔ (روبینہ شاہین، لاہور)

بہن کی بواسیر اور بیٹی کے ماہواری مسائل دونوں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کو عرصے سے بواسیر کا مسئلہ تھا' جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان تھی' ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہیں' تسبیح خانہ میں درس سننے بھی ہر جمعرات جاتی ہیں' ہم نے عبقری دواخانہ سے ''بواسیر نجات کورس'' لیا اور اپنی بہن کو کچھ عرصہ اسے استعمال کروایا۔ بواسیر ختم ہوگئی۔ میری بیٹی کو ہارمونز میں خرابی کا مسئلہ تھا جس کی وجہ سے ماہواری میں بے قاعدگی رہتی تھی۔ چند دن کے استعمال سے ہی میری بیٹی بالکل تندرست ہوگئی۔ اس باقاعدگی سے ماہواری آتی ہے اور نظام بالکل ٹھیک ہے اور بیٹی بھی مطمئن ہے۔ (پوشیدہ' لاہور)

جسمانی کمزوری' یادداشت کی کمی کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جسمانی طور پر بہت کمزور ہونے کے ساتھ ساتھ سست بھی تھا جس وجہ سے مجھے نوکری سے نکال دیا گیا اس کے بعد میری یادداشت بھی کمزور ہوگئی میں بہت پریشان تھا' بھوک بھی نہیں لگتی تھی میرے ایک دوست نے مجھے عبقری دواخانہ جانے کا مشورہ دیا' میں وہاں گیا تو آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ٹھنڈی مراد اور جوہر شفاء مدینہ مکس کر کے استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے ایک ایک ڈبی لی اور دونوں کو مکس کر کے دن میں تین ٹائم استعمال کرنا شروع کیا۔ پہلی ڈبی ختم ہونے کو تھی کہ مجھے بھوک لگنا شروع ہوگئی اور جسمانی طور پر بھی خود کو فٹ محسوس کرنے لگا ہوں۔ معدہ کے مسائل حل ہوگئے ہیں' یادداشت دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔ اب تو ٹھنڈی مراد اور جوہر شفاء مدینہ ہر وقت میرے گھر میں موجود رہتی ہے۔ گھر میں کسی کو بھی معدہ کا مسئلہ ہو چند بار کھاتا ہے بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ (سلمان ظفر، لاہور)

بے خوابی' ڈیپریشن اور شوگر کی شکایت ہے تو ادھر آئیے!

بے خوابی' ڈیپریشن اور شوگر کی شکایت

